www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Mobile: 0336-6113760

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | بدھ 2 ستمبر 2026، بمطابق 19 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 242

بھارت سند طاس معاہدے کو یکطرفہ معطل، ختم یا التوا میں نہیں رکھ سکتا — سرفراز بگٹی

دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر عوام کی پُرامن آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی ادائیگی سے روکنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنا دیے

دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چاغی کے علاقے نوکچہ اور پشین کے علاقے زیارت کراس میں سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے 21 دہشت گردوں کے خاتمے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر عوام کی پُرامن آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی ادائیگی سے روکنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنا دیے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

نیپرا کی کے الیکٹرک کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ فوری بند کرنے کی ہدایت

نیپرا نے بجلی صارفین کو بلاتعطل فراہمی کیلئے کے الیکٹرک کو سخت احکامات دیدیئے

بجلی چوری میں ملوث افراد کیخلاف کارروائی کی جائے، پورے فیڈر کی بجلی بند نہ کی جائے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

سانحہ پمز، اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے چیئرمین کے بعد مزید 5 ارکان مستعفی

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ پمز کے بعد اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگو (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

صدر زرداری کا سید علی شاہ گیلانی کی پانچویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت

سید علی شاہ گیلانی نے اپنی پوری زندگی جموں و کشمیر کے عوام کی جائز امنگوں کے فروغ کیلئے وقف کر دی

جموں و کشمیر کے تنازع کے منصفانہ، پُرامن اور پائیدار حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، صدر مملکت کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سید علی شاہ (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صدر مملکت زرداری، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کا چاغی اور پشین میں 21 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

6 جوان وطن پر قربان، 21 دہشتگرد ہلاک

قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد، کسٹمز ہاؤس پر حملہ دہشتگردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کا مظہر تھا، آئی ایس پی آر

شہدا کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، بیان

راولپنڈی / اسلام آباد / کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 21 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، فائرنگ کے تبادلے میں 6 بہادر سپوت شہید ہو گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے چاغی اور پشین میں 21 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدا کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمارے جوانوں کی قربا (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

برآمدات پر مبنی نمو کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے — وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

حکومت مالی گنجائش کے مطابق برآمدات پر مبنی نمو کو فروغ دینے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے، سینیٹر اورنگزیب

مشرق وسطیٰ کے حالیہ بحران سے مہنگائی اور مجموعی قومی پیداوار پر اثرات مرتب ہوئے ہیں، پاکستان مسئلے کے حل میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملک استحکام سے نمو کی جانب گامزن ہے، برآمدات پر مبنی نمو کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، حکومت مالی گنجائش کے مطابق برآمدات پر مبنی نمو کو فروغ دینے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے، مشرق وسطیٰ کے حالیہ بحران سے مہنگائی اور مجموعی قومی پیداوار پر اثرات مرتب ہوئے ہیں، پاکستان اس مسئلے کے حل میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ پیر کو یہاں ایگزم بینک کے ز (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

40 ملین پاکستانیوں کے اکاؤنٹ کرپٹو میں ہیں — بلال بن ثاقب

ورچوئل ریگولیشن میں بھارت سے آگے ہیں، انڈیا نے ورچوئل اثاثے پر 30 فیصد ٹیکس لگا دیا، ہم پاکستان میں ایسا نہیں کرنا چاہتے، چیئرمین پاکستان ورچول اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان ورچول اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب کا کہنا ہے 40 ملین پاکستانیوں کے اکاؤنٹ کرپٹو میں ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین پاکستان ورچول اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

مکہ معاہدے نے بھارت سمیت دشمنوں کی نیندیں حرام ہو گئی ہیں — خواجہ آصف

نئے ممالک کی شمولیت فوری ہو گی یا کسی عبوری مدت کے بعد اس حوالے سے فیصلہ بعد میں ہو گا، تقریباً ایک سے ڈیڑھ ماہ میں اتحاد کا بنیادی اسٹرکچر عملی شکل اختیار کر جائے گا

تینوں ممالک کا اتحاد کسی ملک کیخلاف جارحانہ نوعیت کا نہیں ہے، مقصد مشترکہ خطرات اور چیلنجز کا مل کر سامنا کرنا ہے، وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دفاعی معاہدہ، مزید ممالک کی شمولیت کا فیصلہ طے شدہ مینڈیٹ کے مطابق ہو گا، تینوں ممالک کا اتحاد کسی ملک کیخلاف جارحانہ نوعیت کا نہیں ہے۔ مکہ معاہدے پر پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آصف نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سیکرٹریٹ کے قیام پر سیر حاصل بحث ہوئی جس دوران مجوزہ اتحاد کے سیکرٹریٹ کا اسٹرکچر اور مینڈیٹ زیر بحث آیا۔ خواجہ آصف (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف SCO کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان پائیدار علاقائی امن کیلئے پرعزم ہے — وزیراعظم

پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمے دار رکن ہے، جنوبی ایشیا پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کر سکتا، شہباز شریف

غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابلِ تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام کرے، شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی منظرنامہ بڑھتی جغرافیائی کشیدگی سے دوچار ہے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمے دار رکن ہے، جنوبی ایشیا پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کر سکتا، غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابلِ تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کا احترام کرے، عالمی معاہدوں پر ان کی روح اور الفاظ کے مطابق مکمل عمل ہونا ضروری ہے، پاکستان سماجی تحفظ کو مزید مضبوط بنانے اور ایس سی او خطے میں جامع اور پائیدار ترقی کے فروغ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیاسی استحکام، پالیسیوں کا تسلسل اور قومی اتفاق ناگزیر ہے — احسن اقبال

ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی لچک اور پائیدار ترقی کے لئے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

پاکستان چین کے تعاون سے مختلف شعبوں میں استعداد بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کے لئے اقدامات کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیرِ صدارت وزیراعظم پاکستان کے اگست 2025 کے دورہ چین کے دوران طے پانے والے 2025 سے 2029 کے ایکشن پلان پر عملدرآمد کے ایک سال کی تکمیل (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

تیل درآمدی بل جولائی میں 3 کھرب 57 ارب روپے تک پہنچ گیا

عالمی سطح پر بھی تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث درآمدی اخراجات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

گزشتہ چھ ماہ کے دوران فوسل فیول درآمد کرنے والے ممالک کو مجموعی طور پر تقریباً 330 ارب ڈالر کے اضافی بوجھ کا سامنا کرنا پڑا

لاہور (این این آئی) پاکستان کا تیل کا درآمدی بل جولائی کے دوران بڑھ کر 1.28 ارب ڈالر (تقریباً 3 کھرب 57 ارب روپے) تک جا پہنچا جس سے ملک پر درآمدی دباؤ میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ عالمی سطح پر بھی تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث درآمدی اخراجات میں نمایا (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

جعلی اکثریت والوں پر عوام اعتبار نہیں کر رہی، مولانا فضل الرحمٰن

ملک میں انصاف کا نظام قائم، ظلم کا نظام ختم کرنے کیلئے جمعیت علما اسلام کے پلیٹ فارم کو مضبوط بنانا ضروری ہے

28 ویں ترمیم میں ہم نے 6 گزارشات شامل کی ہیں، ہماری پارٹی ذمہ داری محسوس کرتی ہے کہ نظام کو بہتر کریں

جمعیت علما اسلام افراد پر مشتمل ایک منظم جماعت ہے، مقاصد کے حصول کیلئے مؤثر حکمت عملی اور مضبوط تنظیم سازی ناگزیر ہے

جمعیت علما اسلام جیسی جماعت کا ملنا اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے اور ہمیں اس پر اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے

سکھر (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ جعلی اکثریت والوں پر عوام اعتبار نہیں کر رہی ہے، نہ تیاری نہ موقع ہے اور صوبوں کی بات کی جا رہی ہے، ملک میں انصاف کا نظام قائم، ظلم کا نظام ختم کرنے کے لیے جمعیت علما اسلام کے پلیٹ فارم کو (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

نواز شریف 4 روزہ غیر ملکی دورے پر روانہ، ائیرپورٹ پر شہباز شریف کی ملاقات

صدر مسلم لیگ (ن) دونوں صاحبزادوں کے ہمراہ سنگاپور، چین کے دورے پر روانہ ہوئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف 4 روزہ غیر ملکی دورے پر روانہ ہو گئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق نواز شریف سپیشل ائیر کرافٹ سے سنگاپور روانہ ہوئے، حسن نواز شریف اور حسین نواز شریف بھی ان کے ہمراہ تھے۔ نواز شریف نجی دورے پر سنگاپور اور چین روانہ ہوئے ہیں، سنگاپور میں مختصر قیام کے بعد نواز شریف چین روانہ ہو جائیں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق نواز شریف (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

سعودی آسیاد گروپ کا پاکستان کے معاشی مستقبل پر اپنے گہرے اور طویل مدتی اعتماد کا اظہار

گروپ نے توانائی، ہوابازی اور مالیاتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی تیاری کر لی، مشیر وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ سعودی گروپ کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے دائرہ کار میں توسیع پاکستان کی معاشی بحالی، ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور سرمایہ کاری کی صلاحیتوں پر سعودی نجی شعبے کے بڑھتے ہوئے غیر متزلزل اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پیر کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ سعودی عر (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

آئی ٹی و ٹیلی کام شعبے کا جی ٹو جی براہ راست ٹھیکوں کا سلسلہ ختم کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی ٹی و ٹیلی کام شعبے نے حکومت سے جی ٹو جی براہ راست ٹھیکوں کا سلسلہ ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹیلی کام آپریٹرز ایسوسی ایشن نے پبلک پروکیورمنٹ رولز 2004 کی شق 42(f) ختم کرنے کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

نیپال میں تباہ کن سیلاب، ہلاکتیں 903 ہو گئیں

ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کے 6 مقامات پر 933 کارکن پھنسے ہوئے ہیں، نیپالی حکام

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال کے سرحدی علاقے میں تباہ کن سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد 903 ہو گئی۔ نیپالی حکام کے مطابق نیپال میں ریلوں سے ڈھائی ہزار سے زائد افراد لاپتہ ہیں، ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کے 6 مقامات پر 933 کارکن پھنسے ہوئے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ سرنگوں میں پھنسے ہائیڈرو پاور پروجیکٹس کے کارکنوں کو نکالنے کی کوششیں جاری ہیں۔ نیپالی حکام کے مطابق کئی لاشیں سیلابی (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

ٹیکسلا، خیبر میل کی ایک بوگی پل پر پٹڑی سے اتر گئی

اسلام آباد (این این آئی) کراچی سے پشاور جانے والی خیبر میل بائی پاس کے قریب پل پر حادثے کا شکار ہو گئی، جہاں ریل گاڑی کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق حادثے میں تمام مسافر محفوظ رہے اور (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

ترک مسلح افواج کے یوم فتح کی 104 ویں سالگرہ، جی ایچ کیو راولپنڈی میں تقریب

پاک ترک تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی احترام اور غیر متزلزل حمایت کی طویل تاریخ پر مبنی قرار

شرکاء کا پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ دفاعی و تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (این این آئی) ترک مسلح افواج کے یوم فتح کی 104 و (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں ریلوے کے نئے سفر کا آغاز

سریاب تا کچلاک منصوبہ صرف 120 دن میں مکمل

منصوبے کے تحت سریاب تا کچلاک 32 کلومیٹر ریلوے ٹریک کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے لیے کام کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژ (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

حکومت کو سرکاری ہسپتال چلانے ہی نہیں چاہئیں — مصطفیٰ کمال

ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی ایک آزاد ادارہ ہے، اس میں حکومت کا کوئی عمل دخل نہیں، وفاقی وزیر صحت

اے سی سے چنگاری گری، مجھے بتایا گیا تو میں نے اسی پر بیان دیا، بعد میں معلوم ہوا اے سی خراب تھا، پمز میں نظام گل سڑ چکا ہے، ہم یہاں کچھ ٹھیک نہیں کر سکتے، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ حکومت کو سرکاری ہسپتال نہیں چلانے چاہئیں، بددعاؤں کے سوا ملتا ہی کیا ہے؟ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

پاکستان سنگاپور کنونشن آن میڈی ایشن کی توثیق کے لیے قانون سازی جلد پارلیمان میں پیش کریگا: وزیر قانون

مؤثر ثالثی کا نظام پاکستان میں کاروباری اور سرمایہ کاری کے ماحول کو مزید قابلِ اعتماد بنانے میں مدد دے گا، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد / سنگاپور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں سنگاپور کنونشن آن میڈی ایشن پر عمل درآمد کے لیے ضروری (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بہتر معیار زندگی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سردار محمد یوسف

وفاقی وزیر نے حلقہ این اے 14 کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کے خصوصی ڈیڑھ ارب روپے کے ترقیاتی پیکیج کے تحت جاری منصوبوں کا جائزہ لیا

مانسہرہ (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس مقصد کے لیے علاقے (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

صوبائی مالیاتی کمیشنز کا انعقاد ضروری ہے — بلال اظہر کیانی

صوبوں نے محصولات میں اضافہ کیلئے اقدامات کئے ہیں، اسی طرح وفاقی سطح پر ایف بی آر کی جانب سے بھی محصولات میں اضافہ اور ٹیکس کی بنیاد میں وسعت کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے

وسائل اور اختیارات کو لوکلائز کرنے سے نچلی سطح پر بہت سارے مسائل حل ہو سکتے ہیں، وزیر مملکت کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ سماجی شعبہ کی ترقی کیلئے سرکاری اور نجی شعبہ کو مل کر آگے بڑھنا ہو گا، صوبائی سطح پر وسائل کی نچلی سطح پر منتقلی نہیں ہو سکی ہے، این ایف سی کے ساتھ ساتھ صوبائی مالیاتی کمیشنز کا انعقاد بھی ضروری ہے، وسائل اور اختیارات کو لوکلائز کرنے سے نچلی سطح پر بہت سارے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ پیر کو یہاں ایس ڈی پی آئی، یونیسیف اور جی آئی زی کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ سماجی شعبہ کی ترقی کیلئے مربوط مالیاتی نظام ناگزیر ہیں، پاکستان کے مستقبل کی ترقی سماجی شعبہ میں (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

رات کے اوقات میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر عوام سے معذرت خواہ ہیں — اویس لغاری

قطر سے گیس کے مسئلے کو جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

بجلی کی طلب میں اضافے کے باعث لوڈ مینجمنٹ کرنا پڑی، وفاقی وزیر توانائی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے رات کے اوقات میں بجلی کی لوڈشیڈنگ پر عوام سے معذرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کی طلب میں اضافے کے باعث لوڈ مینجمنٹ کرنا پڑی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس لغاری نے کہا کہ گیس کی کمی کے باعث بجلی کی پیداوار متاثر ہوئی، جبکہ رات کے اوقات میں بجلی کی طلب بڑھنے سے لوڈ مینجمنٹ کی گئی۔ انہوں نے عوام کے صبر و برداشت کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت کوشش کر رہی ہے کہ عوام کے لیے زیادہ سے زیادہ آسانیاں پیدا کی جائیں۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ بجلی چوری والے علاقوں میں اضافی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے، قطر سے گیس کے مسئلے کو (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

سینیٹ کمیٹی کا سانحہ پمز کی انکوائری کرنیوالی کمیٹی کو بلا کر سننے کا فیصلہ

ای ڈی پمز ڈاکٹر عمران سکندر کو بھی بلایا جائے گا، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صحت

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت نے سانحہ پمز کی تحقیقات کرنے والے کمیٹی کو بلا کر سننے کا فیصلہ کیا ہے۔ عامر چشتی کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کا اجلاس ہوا جس میں چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر عمران سکندر کو بھی بلایا جائے گا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے، ڈی سی، آئی ایچ آر اے، سول ڈیفنس سے با (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

بلاول بھٹو زرداری نے منگنی کے معاملے کی تردید کر دی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے اپنی منگنی کے معاملے کی تردید کر دی۔ اپنے بیان میں چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ واضح کرتا ہوں (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

برقت فیصلے نہ ہونے کے باعث جیلوں پر قیدیوں کا بوجھ بڑھنے لگا

جیلیں انڈر ٹرائل قیدیوں سے بھر گئیں، مجموعی گنجائش 64 ہزار، ایک لاکھ 10 ہزار قیدی جیلوں میں موجود

اسلام آباد (این این آئی) عدالتوں سے برقت فیصلے نہ ہونے کے باعث جیلوں پر قیدیوں کا بوجھ بڑھنے لگا۔ ملک بھر کی جیلیں انڈر ٹرائل قیدیوں سے کھچا کھچ بھر گئیں۔ مجموعی گنجائش 64 ہزار کی جبکہ ایک لاکھ 10 ہزار قیدی جیلوں میں موجود ہیں۔ پنجاب کی 45 جیلوں میں 38 ہزار قیدیوں کی گنجائش ہیں مگر صوبے کے جیلوں میں اس وقت 70 ہزار قیدی موجود ہیں۔ پنجاب کے 70 ہزار میں سے (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران خان کی طرح سہولتیں مانگنے والے قیدیوں کی درخواستیں خارج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرح سہولتیں مانگنے والے 3 قیدیوں کی درخواستیں خارج کر دیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محمد آصف نے اڈیالہ جیل میں (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

حکومت کا ایک ایل این جی کارگو اسپاٹ خریداری کا فیصلہ

پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے ایل این جی کے ایک کارگو کی خریداری کے لیے ٹینڈر جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے ایک ایل این جی کارگو اسپاٹ خریداری کا فیصلہ کیا ہے، پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے ایل این جی کے ایک کارگو کی خریداری کے لیے ٹینڈر جاری کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ نے کہا کہ عالمی کمپنیوں سے سنگل تک بڈز طلب کی گئی ہیں، بڈز کل ہی کھولی جائیں گی۔ پی ایل ایل کے مطابق بولیاں 4 سے 8 ستمبر تک کی ایل (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صدر مملکت کی جانب سے نیپال میں سیلاب سے ہونے والی تباہی پر اظہارِ یکجہتی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت پاکستان کی ہدایت پر سابق چیئرمین سینیٹ سید نیئر حسین بخاری اور صدر مملکت کے ترجمان مرتضیٰ سولنگی نے اسلام آباد میں نیپال کے سفارت خانے کا دورہ کیا اور چین و نیپال سرحد کے ساتھ لینڈ سلائیڈنگ اور گلیشیئر پھٹنے کے بعد گزشتہ ہفتے آنے (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

بلوچستان کی جیلوں میں آگ بجھانے کے انتظامات نہ ہونے کے برابر

صوبے کی سب سے بڑی سنٹرل جیل مچ میں 711 قیدی اور دس بیرکس ہیں اور آگ بجھانے کیلئے صرف دو فائر ایکسٹنگوشرز دستیاب ہیں

محکمہ جیل نے چھ سال پہلے کچھ فائر ایکسٹنگوشرز اور فائر بال خرید کر جیلوں میں بھجوائے تھے کئی برسوں سے جیلوں کے عملے کو آگ بجھانے کی تربیت نہیں دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی جیلوں میں آگ بجھانے کے انتظامات نہ ہونے کے برابر، صوبے کی سب سے بڑی سنٹرل جیل مچ میں 711 قیدی اور دس بیرکس ہیں اور آگ بجھانے کیلئے صرف دو فائر ایکسٹنگوشرز دستیاب ہیں محکمہ جیل نے چھ سال پہلے کچھ فائر ایکسٹنگوشرز (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر شزا فاطمہ خواجہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

پنجاب اسمبلی انسدادِ دہشتگردی بل منظور

اپوزیشن کی جانب سے انسداد دہشتگردی ترمیمی بل کیخلاف احتجاج، واک آؤٹ، اپوزیشن کی ترامیم مسترد

قانون صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جاسکتا ہے، اس بل کا ایجنڈے پر آنا بھی آئین پاکستان کے تحت درست ہے' سپیکر کی رولنگ

لاہور (این این آئی) حکومت نے پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں مسلسل پانچ نشستیں کورم کی نذر ہونے کے بعد بالآخر چھٹی نشست میں تعداد پوری رکھ کر اہم قانون سازی کر لی، حکومت نے پنجاب انسداد دہشتگردی ترمیمی بل 2026 سمیت پانچ مسوداتِ قوانین منظور کرا لئے، اپوزیشن کی جانب سے انسداد دہشتگردی ترمیمی بل کے خلاف احتجاج اور واک آؤٹ کیا گیا جس کے باعث اپوزیشن کی ترامیم مسترد کر دی گئیں۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت کی بجائے دو گھنٹے کی تاخیر سے سپیکر ملک محمد احمد خان کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ اپوزیشن کا موقف یہ تھا کہ پنجاب انسداد دہشتگردی ترمیمی بل پنجاب اسمبلی میں نہیں آسکتا، اس معاملے پر میں نے مختصر رولنگ دی تھی، ہم نے 90 کی دہائی میں اس ملک میں دہشتگردی کا عفریت پھلتے پھولتے دیکھا، ایک لاکھ سے زائد لوگ دہشتگردی کی بھینٹ چڑھے، کرنل شجاع خانزادہ اور کیپٹن مبین جیسے دلیر لوگوں کے جنازے دیکھے، لوگوں نے درگاہوں کو اڑا دیا اور پھر اس کے مجرمان بری ہوئے، جن ملکوں میں دہشتگردی ہوئی وہاں فیس لیس عدالتیں بنی، امریکہ جہاں بھرپور آزادی ہے اس ملک میں ایسی ادارے بنے، اپوزیشن اس پر کھل کر بات کرے، اس بل کے ایجنڈے پر آنے پر کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے، جب یہ بل قانون سازی کیلئے پیش ہوگا اس پر سب کو بات کرنے کی اجازت ہوگی، احمر بھٹی نے اس بل پر کالم لکھا ہے۔ قائد حزب اختلاف معین ریاض قریشی نے کہا کہ یونیفارم فورسز کی قربانیاں ہمارے سر کا تاج ہیں، انسداد دہشتگردی ترمیمی بل کا نام پنجاب کے شہریوں کو کچلنے کا بل ہونا چاہیے، ایسا بل لانے کے ذمہ دار اسپیکر صاحب بھی ہوں گے، کئی سو سال سے اصول ہے کہ اکثریتی جماعت بل لاتی ہے تو اپوزیشن ترامیم پیش کرتی ہے معین ریاض قریشی نے کہا کہ اس بل کے ذریعے ہم ڈیکولین دور میں داخل ہو جائیں گے، یہ بل ہمیں دوبارہ اندھیروں میں لے جائے گا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے قائد حزب اختلاف کی جانب سے پنجاب انسدادِ دہشتگردی ترمیمی بل 2026 پر کئے جانے والے اعتراضات پر رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ یہ قانون صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جاسکتا ہے، اس بل کا ایجنڈے پر آنا بھی آئین پاکستان کے تحت درست ہے، اگر اپوزیشن کو اس بل پر کوئی اعتراض ہے تو وہ بل پر اپنی ترامیم میں پیش کر سکتی ہے، یہ بل اسمبلی میں بھی طریق کار کے تحت درست طریقہ سے پیش کیا گیا۔ سرکاری کارروائی کے آغاز پر اپوزیشن کی جانب سے کورم کی نشاندہی کر دی گئی تاہم حکومت کورم پورا کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ اجلاس دوبارہ شروع ہوا تو صوبائی وزیر پارلیمانی امور مجتبیٰ شجاع الرحمٰن ایوان میں متعدد محکموں کی آڈٹ رپورٹس پیش کیں۔ پنجاب اسمبلی میں پبلک سیکٹر یونیورسٹیز دوسرا ترمیمی بل 2026، پنجاب سنٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریزم ترمیمی بل 2026، پنجاب جوڈیشل اکیڈیمی ترمیمی بل 2026 اور فوڈ سیفٹی ترمیمی بل 2026 پیش کئے گئے جن کی ایوان نے منظوری دے دی۔ تمام بل وزیر پارلیمانی امور مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے پیش کیے۔ سپیکر کی رولنگ کے بعد پارلیمانی سیکرٹری پارلیمانی امور نے پنجاب انسداد دہشتگردی ترمیمی بل 2026 ایوان میں پیش کیا۔

کان کنی سے متعلق دھماکہ خیز مواد پر سے پابندی ختم کی جائے، افسر محمد خان

پشاور (این این آئی) حکومت خیبر پختون خوا منرلز ایکٹ 2017 میں تمام سٹیک ہولڈرز کو لے کر ترامیم کرے اور ایکسپلوزیو پالیسی کو مائننگ کے شعبے سے وابستہ لیز ہولڈر کو آن بورڈ لے کر دوبارہ ایس او پیز بنا کر لیز ہولڈرز کا معاشی قتل عام بند کرے اور باجوڑ اور دیگر علاقوں میں بارود کے بغیر کی منرلز لوڈنگ پر سے پابندی فوری طور پر ختم کی جائے

جمعیت علماء اسلام جام کالونی ولانگو آباد یونٹ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

اجلاس یونٹ کے امیر حافظ محمد ابراہیم لانگو کی زیر صدارت منعقد ہوا

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام جام کالونی ولانگو آباد یونٹ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس یونٹ کے امیر حافظ محمد ابراہیم لانگو کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور، آئندہ کی حکمت عملی اور جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے 6 ستمبر کے دورے کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی اجلاس میں باہمی غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ جمعیت علماء اسلام جام کالونی ولانگو آباد یونٹ کی مجلس عمومی کا اجلاس مقررہ تاریخ پر طلب کیا جائے گا، جس میں یونٹ کے کارکنان کی کثیر تعداد میں شرکت متوقع ہے۔ اجلاس میں تنظیم کو مزید فعال، منظم اور متحرک بنانے کے لیے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے یونٹ کے امیر حافظ محمد ابراہیم لانگو نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور عوامی پذیرائی بعض عناصر کے لیے ناقابل برداشت ہو رہی ہے، مگر عوامی اعتماد اور کارکنان کی وابستگی اس بات کا واضح ثبوت ہے

لورالائی، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک عبدالرحیم نیازی مختلف علاقوں میں جانوروں کو مفت ادویات اور ویکسین فراہم کر رہے ہیں

وڈیرہ یعقوب خاصخیلی اور وڈیرہ دھنی بخش واہورہ نے انہیں دلی مبارکباد پیش

حاجی صدام خاصخیلی اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھائیں گے، حاجی صدام خاصخیلی

حب (پ ر) اٹک سیمنٹ فیکٹری کے یونین الیکشن میں مزدور رہنما حاجی صدام خاصخیلی کی کامیابی پر بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما وڈیرہ یعقوب خاصخیلی اور وڈیرہ دھنی بخش واہورہ نے انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے واضح رہے کہ حاجی صدام خاصخیلی، وڈیرہ یعقوب خاصخیلی کے بھانجے ہیں ان کی یونین الیکشن میں کامیابی پر وڈیرہ یعقوب خاصخیلی اور وڈیرہ دھنی بخش واہورہ نے بیان میں کہا کہ حاجی صدام خاصخیلی کی کامیابی مزدور برادری کے اعتماد کا مظہر ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ حاجی صدام خاصخیلی اٹک سیمنٹ فیکٹری کے مزدوروں کے مسائل کے حل ان کے جائز حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے اور انہیں یقین ہے کہ حاجی صدام خاصخیلی اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھائیں گے۔

ڈپٹی کمشنر ٹنڈو الہیار کی زیر صدارت پولیو مہم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

ٹنڈو الہیار (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ٹنڈو الہیار نور مصطفیٰ لغاری کی زیر صدارت ستمبر 2026 میں ہونے والی پولیو مہم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیو اریڈیکیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس پیر کو ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو میڈم صوبیہ عابد، اسسٹنٹ کمشنر ٹنڈو الہیار بابر صالح راہپوٹہ، اسسٹنٹ کمشنر جھنڈو ماری شہزاد و عمیر جروار نے شرکت کی

قلات، ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری ٹرینی خواتین سے گفتگو کر رہی ہیں

پاکستان کرکٹ کلب ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا چیمپئن بن گیا

ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی نے کلبز کا سب سے بڑا ٹورنامنٹ منعقد کرایا: تابش جاوید

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی نے کلب کرکٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا ٹورنامنٹ منعقد کرا کے ایک نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں کراچی کے مختلف زونز سے 237 ٹیموں نے شرکت کی جبکہ ٹورنامنٹ کے دوران کلبز اور کھلاڑیوں کو بھرپور مواقع فراہم کئے گئے۔ یہ بات ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے نائب صدر تابش جاوید نے کے سی سی اے اسٹیڈیم پر ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کی تقریب تقسیم انعامات سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تابش جاوید نے کہا کہ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے صدر ندیم عمر کا ویژن ہے کہ کراچی میں کلب کرکٹ کے زیادہ سے زیادہ ٹورنامنٹس منعقد کیے جائیں تاکہ کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے زیادہ سے زیادہ مواقع ملیں اور ان کے کھیل میں مزید نکھار پیدا ہو۔ اسی ویژن کے تحت ریجن نے 237 ٹیموں پر مشتمل اتنا بڑا ٹورنامنٹ کامیابی سے منعقد کرایا۔ انہوں نے کہا کہ ماسٹر آئل نے کلب کرکٹ کے فروغ کے لیے ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ بھرپور تعاون کیا ہے اور مستقبل میں بھی ریجن اور زونز کی سطح پر کلب کرکٹ کے فروغ کے لیے تعاون جاری رکھا جائے گا۔ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے نائب صدر سید محمد طلحہ نے کہا کہ نیا ناظم آباد جیمخانہ گراؤنڈ ریجنل کرکٹ ٹورنامنٹ کے لیے بھی دستیاب ہے اور یہاں ریجن کے میچز بھی کروائے جائیں گے۔ انہوں نے ریجن کی ٹورنامنٹ کمیٹی کو شاندار اور کامیاب ٹورنامنٹ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کلب کرکٹ کے فروغ کے لیے اس طرح کے ٹورنامنٹس کا انعقاد انتہائی ضروری ہے۔ چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی خالد نفیس نے کہا کہ صدر ندیم عمر کی قیادت میں کراچی میں ہر طرف کرکٹ ہی کرکٹ ہو رہی ہے۔ جو لوگ یہ کہتے تھے کہ کراچی میں کلب کرکٹ نہیں ہوتی وہ اب خود دیکھ سکتے ہیں کہ زونز کی سطح پر روزانہ کی بنیاد پر کلب کرکٹ کے ٹورنامنٹس منعقد ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کا مقصد کراچی کے کھلاڑیوں اور کلبز کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ہے۔ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے جوائنٹ سیکریٹری محمد توصیف صدیقی نے کہا کہ 237 ٹیموں پر مشتمل اس بڑے ٹورنامنٹ کی کامیابی میں تمام کلبز کا بھرپور تعاون شامل رہا جس پر وہ تمام کلبز اور زونل عہدیداران کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتنے بڑے پیمانے پر ٹورنامنٹ کا کامیاب انعقاد کلبز، کھلاڑیوں اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے درمیان بہترین تعاون کا ثبوت ہے۔

مکہ میوزیم میں قرآن مجید کے نایاب نسخے کے صفحے کی نمائش

مکہ مکرمہ (این این آئی) مکہ کے حرا کلچرل ڈسٹرکٹ میں واقع میوزیم میں قرآن مجید کے ایک نایاب نسخے کی نمائش کی جا رہی ہے جو تیسری صدی ہجری کا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تاریخی اور نایاب صفحہ قرآن مجید کی کتابت کے ابتدائی دور اور اس کے تحفظ کے سفر کو اجاگر کرتا ہے۔ نمائش میں رکھا گیا ایک صفحہ سورہ مریم کے ایک حصے پر مشتمل ہے جو چمڑے سے بنے ورق پر سرخ روشنائی سے تحریر کیا گیا ہے

نیپال میں تباہ کن سیلاب سے قبل اسکول پرنسپل کے بروقت فیصلے نے 900 طلبہ کی جانیں بچالیں

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں آنے والے تباہ کن سیلاب سے قبل اسکول پرنسپل کے بروقت فیصلے نے 900 طلبہ کی جانیں بچالیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسکول پرنسپل راجندر داوادی اپنے کلاس روم میں موجود تھے جب ان کے ایک ساتھی نے خبر دی کہ نیپال کی تریشولی وادی میں سیلابی ریلا تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے

سوراب۔ زہریلے ادویات کے استعمال کے باعث 10 سے 12 گائے اور بھینس ہلاک ہوگئے ہیں

عبدالصمد گدور ایڈووکیٹ کو بلوچستان بار کونسل کی جانب سے باضابطہ طور پر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ انرول کر لیا گیا

عبدالصمد گدور ایڈووکیٹ نے اپنی مسلسل قانونی محنت، پیشہ ورانہ لگن اور میدانِ وکالت میں عملی جدوجہد کے بعد یہ اہم سنگِ میل عبور کیا ہے

حب (نمائندہ بولان) نوجوان قانون دان، آرگنائزر جام کمال لیگل ٹیم عبدالصمد گدور ایڈووکیٹ کو بلوچستان بار کونسل کی جانب سے باضابطہ طور پر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ انرول کر لیا گیا عبدالصمد گدور ایڈووکیٹ نے اپنی مسلسل قانونی محنت، پیشہ ورانہ لگن اور میدانِ وکالت میں عملی جدوجہد کے بعد یہ اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔ یہ کامیابی اس لحاظ سے بھی خصوصی اہمیت کی حامل ہے کہ وہ گدور قبیلے کے پہلے نوجوان ہیں جنہوں نے ایڈووکیٹ ہائی کورٹ بننے کا یہ اعزاز حاصل کیا ہے ان کی اس اہم پیشہ ورانہ کامیابی پر وکلاء برادری، دوستوں اور اہلِ علاقہ کی جانب سے انہیں دلی مبارکباد پیش کی جا رہی ہے اور امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ وہ آئندہ بھی اپنی قانونی صلاحیتوں اور محنت کے ذریعے انصاف کی فراہمی اور عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

بھارت، دعوت کے دوران زیادہ چکن کھانے پر نوجوان نے دوست کو چاقو کے وار سے قتل کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست کرناٹک میں ایک دوست نے دعوت کے دوران خود سے زیادہ چکن تکہ کھانے والے دوست کو چاقو کے وار سے قتل کر ڈالا۔ پولیس کے مطابق ملزم ارون کمار نے چکن تکے کے ٹکڑوں پر ہونے والے جھگڑے کے دوران اپنے دوست سیتارام پر چاقو سے حملہ کر دیا، واقعے کے بعد سیتارام کو شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس اسپتال پہنچی اور ارون کمار کو پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لے لیا، دورانِ تفتیش ارون کمار نے سیتارام کو چاقو سے مارنے کا اعتراف کر لیا۔

سوراب میں بجلی بحران پر اہم پیش رفت

لوڈشیڈنگ کم اور بجلی کی فراہمی میں ایک گھنٹہ اضافے کا فیصلہ

سوراب (نامہ نگار) سوراب میں جاری بجلی کے بحران اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے انتظامیہ، کیسکو حکام اور عوامی نمائندگان کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے بجلی کی فراہمی کے دورانیے میں ایک گھنٹہ اضافہ کرنے پر اتفاق کیا گیا ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر اجلاس اسسٹنٹ کمشنر عبدالجبار بلوچ کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس میں ہوا، جس میں کیسکو حکام، عوامی نمائندگان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں سوراب میں بجلی کی کم فراہمی، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور اس کے باعث شہریوں بالخصوص کاروباری طبقے کو درپیش مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا کیسکو حکام نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بعض غیر قانونی ٹیوب ویلز بجلی کے نظام پر اضافی بوجھ کا باعث بن رہے ہیں۔ اجلاس میں متعلقہ اداروں کے تعاون سے غیر قانونی ٹیوب ویلز کے خلاف کارروائی کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

حب۔ لاشاری قبیلے کے چیف مقدم مرحوم خان محمد لاشاری کی وفات کے بعد ان کے فرزند ڈاکٹر علی مراد لاشاری کو اپنی بھٹانی لاشاری برادری کا چیف مقدم منتخب ہونے پر لاشاری کے معززین پھولوں کے ہار پہنا کر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

واٹر سپلائی اسکیم ناکارہ، 29 سے زائد کوہستانی دیہات پینے کے پانی سے محروم

وڈیرو وکیو جاکھر و میں 29 سے زائد کوہستانی دیہات کو پینے کا پانی فراہم کرنے کے لیے واٹر سپلائی اسکیم تعمیر کی گئی تھی

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) واٹر سپلائی اسکیم ناکارہ، 29 سے زائد کوہستانی دیہات پینے کے پانی سے محروم یونین کونسل جھمپیر کے قدیم گاں وڈیرو وکیو جاکھرو میں محکمہ پبلک ہیلتھ کی جانب سے تعمیر کی گئی واٹر سپلائی اسکیم ناکارہ ہونے کے باعث آس پاس کے 29 سے زائد کوہستانی دیہات پینے کے پانی سے محروم ہو گئے ہیں۔ واٹر سپلائی اسکیم کی بحالی کا کام دوبارہ شروع کیا گیا ہے، تاہم صرف 4 دیہات کو پانی فراہم کرنے کی منصوبہ بندی پر متاثرہ دیہاتیوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں پینے کے پانی سے محروم کوہستانی دیہات کے متاثرہ رہائشیوں محمد انور جاکھرو، حاجی ولو جاکھرو، حاجی گل حسن جاکھرو، بابو، غریبو، میر محمد، رشید پالاری، جمشید اور دیگر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 2012 میں محکمہ پبلک ہیلتھ ٹھٹھ کی جانب سے وڈیرو وکیو جاکھرو میں 29 سے زائد کوہستانی دیہات کو پینے کا پانی فراہم کرنے کے لیے واٹر سپلائی اسکیم تعمیر کی گئی تھی، تاہم اسکیم مکمل ہونے کے باوجود پانی مذکورہ تمام دیہات تک نہیں پہنچ سکا۔ متاثرین کے مطابق 2026 میں مذکورہ واٹر سپلائی اسکیم کو دوبارہ بحال کرنے کے لیے کام شروع کیا گیا ہے،

سکھر پولیس کا سماجی برائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1500 گرام چرس اور 8 بوتلیں شراب برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سکھر پولیس نے سماجی برائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران دو بدنام زمانہ منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1500 گرام چرس اور 8 بوتلیں شراب برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP, QPM کی جانب سے سماجی برائیوں کے خاتمے اور منشیات فروشوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے احکامات پر سکھر پولیس کی جانب سے کریک ڈاؤن جاری ہے پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ نیوپنڈ پولیس نے ایس ایچ او احمد علی شر کی سربراہی میں دورانِ اسنیپ چیکنگ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش خادم حسین کوسو کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزم کے قبضے سے 1500 گرام چرس برآمد کی گئی۔ پولیس نے ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ FIR نمبر 145/2026، زیر دفعہ 9(1)3C SCNS تھانہ نیوپنڈ درج کر لیا ہے دوسری کارروائی میں تھانہ صالح پٹ پولیس نے ایس ایچ او ذوالفقار چاچڑ کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے آئی آر لسٹڈ بدنام زمانہ منشیات فروش اسلام دین بھن کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کے قبضے سے 8 بوتلیں شراب برآمد ہوئیں،

صحافیوں کی کمشنر حیدرآباد فیاض حسین عباسی اور ڈی آئی جی طارق رزاق دھاریجو سے ملاقات

عوامی اور صحافیوں کے مسائل اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

بدین (نامہ نگار) حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے عہدیداران اور بدین کے صحافیوں کے وفد نے حیدرآباد میں کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی اور ڈی آئی جی حیدرآباد طارق رزاق دھاریجو سے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جس میں صحافیوں کو درپیش مسائل، امن و امان کی صورتحال، عوامی مشکلات اور مقامی سطح پر درپیش دیگر اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے سینئر نائب صدر تنویر احمد آرائیں، جنرل سیکریٹری جام فرید لاکھو، ایوانِ صحافت بدین کے صدر حاجی خالد محمود گھمن، ایچ یو جے بدین ڈسٹرکٹ کے عہدیداران، ماتلی کے نوجوان صحافی دلمراد کمبوہ اور دلشاد مغل سمیت دیگر صحافی موجود تھے۔ صحافیوں کے وفد نے ڈی آئی جی حیدرآباد طارق رزاق دھاریجو کو ماتلی کے صحافی دلمراد کمبوہ اور ان کے بھائی کو مبینہ طور پر جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ وفد نے بتایا کہ گزشتہ چند ماہ کے دوران ان کی دکان اور پیٹرول پمپ یونٹ پر مبینہ طور پر چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتیں ہو چکی ہیں، جن کے باعث نہ صرف مالی نقصان ہوا بلکہ متاثرہ خاندان میں شدید تشویش اور عدم تحفظ کی صورتحال بھی پیدا ہوئی ہے۔ وفد نے ڈی آئی جی حیدرآباد سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے چوری کی گئی رقم کی برآمدگی اور صحافی دلمراد کمبوہ اور ان کے اہلِ خانہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ ڈی آئی جی حیدرآباد طارق رزاق دھاریجو نے صحافیوں کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنتے ہوئے فوری طور پر ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی سے رابطہ کیا اور انہیں صحافیوں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات اور تحفظات کا ازالہ کرنے، چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری اور مبینہ طور پر چوری کی گئی نقد رقم کی برآمدگی کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی نے صحافیوں کو یقین دہانی کرائی کہ قانون کی عملداری اور شہریوں کے تحفظ کے لیے پولیس اپنا کردار ادا کرے گی۔ دوسری جانب کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی سے ملاقات کے دوران صحافیوں نے بدین سمیت حیدرآباد ڈویژن میں عوام کو درپیش مختلف مسائل، بنیادی سہولیات کی صورتحال اور صحافتی برادری کو درپیش مشکلات سے بھی آگاہ کیا۔

سوراب۔ اسسٹنٹ کمشنر عبدالجبار بگٹی کی زیر صدارت بجلی بحران کے بارے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈاکٹر علی مراد لاشاری کو اپنے بھٹانی لاشاری برادری کا چیف مقدم منتخب ہونے پر مبارکباد

شاندار پروگرام کی سربراہی آل پاکستان لاشاری بلوچ ویلفیئر تنظیم صوبہ بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی امداد حسین لاشاری نے کی ہے

حب (پ ر) لاشاری قبیلے کے چیف مقدم مرحوم خان محمد لاشاری کی وفات کے بعد ان کے فرزند ڈاکٹر علی مراد لاشاری کو اپنے بھٹانی لاشاری برادری کا چیف مقدم منتخب ہونے پر لاشاری کے معززین کی جانب سے ڈاکٹر علی مراد لاشاری کو چیف مقدم مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی اور پھولوں کا ہار پہنایا گیا ہے اس شاندار پروگرام کی سربراہی آل پاکستان لاشاری بلوچ ویلفیئر تنظیم صوبہ بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی امداد حسین لاشاری نے کی ہے پروگرام میں شرکت کرنے والوں میں آل پاکستان لاشاری بلوچ ویلفیئر تنظیم صوبہ بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی امداد حسین لاشاری صوبائی سینئر نائب صدر رئیس شاہ محمد لاشاری صوبائی جنرل سیکریٹری میر غلام حسین لاشاری ضلع حب کے ضلعی صدر جعفر علی لاشاری حاجی عبدالقادر لاشاری بھٹانی لاشاری برادری کے معزز شخصیت قائم خان لاشاری بابو غلام سرور لاشاری منیر احمد لاشاری محمد پناہ لاشاری ارسلان خان لاشاری عبدالکریم لاشاری محمد عمر لاشاری محمد اشرف لاشاری یار محمد لاشاری رئیس سونہار خان لاشاری نادر علی لاشاری محمد قاسم لاشاری شاہد علی لاشاری اور دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی ہے اور آل پاکستان لاشاری بلوچ ویلفیئر تنظیم ضلع حب کے ضلعی سینئر نائب صدر چیف مقدم ڈاکٹر علی مراد لاشاری کو بھٹانی لاشاری برادری کا چیف مقدم منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا ہار پہنایا گیا

روہڑی: جامعہ میرانی مسجد میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کی روح پرور محفل

عاشقانِ رسول ﷺ کی بڑی تعداد میں شرکت

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) روہڑی کے قریب بندر روڈ پر واقع جامعہ میرانی مسجد میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک شاندار اور روح پرور محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا، جس میں عاشقانِ رسول ﷺ، علما کرام، نعت خواں حضرات اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی محفل کے دوران نعت رسولِ مقبول ﷺ، درود و سلام اور ذکرِ رسول ﷺ سے مسجد کا ماحول روحانی کیفیت میں ڈھل گیا، جبکہ شرکا نے حضور اکرم ﷺ سے اپنی والہانہ عقیدت و محبت کا اظہار کیا۔ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کی بابرکت محفل کی میزبانی الہیان میرانی، عمر میرانی، واحد بخش میرانی اور شیر میرانی نے کی محفل میں نعت خواں احسن قادر، جنید قادر سمیت دیگر نعت خوانوں نے حضور نبی کریم ﷺ کی شانِ اقدس میں خوبصورت نعتیں پیش کیں، جنہیں شرکا نے انتہائی عقیدت و احترام سے سنا اور درود و سلام کی صداؤں سے نعت خواں حضرات کو خراجِ عقیدت پیش کیا اس موقع پر معروف عالم دین مفتی محمد ابراہیم نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کی اہمیت، سیرتِ طیبہ اور حضور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت مبارکہ پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے،

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی کی زیر صدارت اجلاس

لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کی حاضری اور کارکردگی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی کی زیر صدارت لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کی حاضری اور کارکردگی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی، ڈی ایس ایم طارق شہباز کھوسہ، نیشنل پروگرام کے بابو تنویر احمد اور آفس سپرنٹنڈنٹ بابو محمد اعظم بہرانی سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ اجلاس کے دوران لیڈی ہیلتھ ورکرز کی حاضری کے لیے نافذ کیے گئے اے آئی اٹینڈنس سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر تمام LHWs کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے متعلقہ ہیلتھ ہاسز میں بروقت اور باقاعدگی سے اپنی حاضری یقینی بنائیں

مریم نواز کا ستھرا پنجاب کی گاڑیوں کو ٹریفک قوانین کا پابند بنانے کا حکم

ستھرا پنجاب کی گاڑیوں کو ہر صورت ٹریفک قوانین کا پابند بنانے کا حکم، ستھرا پنجاب کی گاڑی تلے آکر کمسن بچی کے جاں بحق ہونے پر دکھ کا اظہار

زیبرا کراسنگ پر پیدل گزرنے والوں کیلئے پابندی یقینی بنانے کیلئے کیمرے سے ڈیجیٹل نگرانی پر اتفاق، پیدل سڑک کراس کرنیوالوں کیلئے الرٹ بٹن نصب کرنے کی تجویز کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کی گاڑیوں کی طرف سے ٹریفک قوانین کیخلاف ورزی پر برہمی کا اظہار کیا ہے اور ستھرا پنجاب کی گاڑیوں کو ہر صورت ٹریفک قوانین کا پابند بنانے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کی گاڑی تلے آکر کمسن بچی کے جاں بحق ہونے پر بھی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ٹریفک مینجمنٹ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پیدل سڑک کراس کرنیوالوں کیلئے الرٹ بٹن نصب کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر زیبرا کراسنگ پر پیدل گزرنے والوں کیلئے پابندی یقینی بنانے کیلئے کیمرے سے ڈیجیٹل نگرانی پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شاہدرہ اور ٹھوکر نیاز بیگ پر ٹریفک جام کے سدباب کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام معروف روڈز پر بائیک لین مقرر کرنے کی ہدایت کی اور پیدل سڑک کراس کرنیوالوں کیلئے زیبرا کراسنگ کی پابندی یقینی بنانے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زیبرا کراسنگ پابندی یقینی بنانے کیلئے مال روڈ پر پہلا پائلٹ پراجیکٹ شروع کرنے کا حکم دیا اور مال بردار ٹریکٹر ٹرالی کو کور کیے بغیر روڈ پر نہ آنے کی پابندی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کی ٹریکٹر ٹرالیوں کیلئے بھی کور کرنے کی پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں گنے کا سیزن شروع ہونے سے پہلے ٹریکٹر ٹرالیوں پر اوور لوڈنگ سدباب کیلئے کارروائی کا حکم دے دیا۔ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیروز پور روڈ کو بھی لاہور کا ماڈل روڈ قرار دینے کا حکم دیا اور پائن ایونیو، جاتی امراء چوک میں ٹریفک مینجمنٹ کیلئے سگنل لگانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ساؤتھ ایشیا میں لاہور کی ٹریفک رینکنگ میں بہتری پر اظہار مسرت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لاہور کے داخلی اور خارجی راستوں پر ٹریفک کی آمدورفت میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آنی چاہیے۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے اجلاس کو بریفنگ میں بتایا کہ نمبیو (Numbeo) گلوبل ٹریفک رینکنگ انڈکس میں لاہور دنیا کے 149 شہروں سے بہتر بن چکا ہے۔ جاتی امراء چوک، پائن ایونیو، ڈیفنس موڑ، کریم بلاک، اکبر فلائی اوور، کاہنہ، مین بلیو وارڈ میں ٹریفک ہجوم میں 70 فیصد تک کمی ہوئی ہے۔ 16 سے 18 سال کے بچوں کیلئے 4096 ٹریفک پرمٹ/ لائسنس جاری ہو چکے ہیں۔ لاہور میں مختلف مقامات پر خواتین کیلئے 65 ہزار پینک بٹن لگائے جا چکے ہیں۔

جمعیت برادران دہلی اور المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب

کراچی (این این آئی) جمعیت برادران دہلی اور المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت کی تقریب پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی۔ معاہدے کے تحت دونوں تنظیموں کے اشتراک اور باہمی مشاورت سے المصطفیٰ دہلی ہسپتال مدر اینڈ چائلڈ کیئر اور خدمت انسانیت کے مشن کو آگے بڑھایا جائے گا۔ تقریب میں المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے سرپرست اعلیٰ سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب، جمعیت برادران دہلی کے صدر محمد صادق دہلوی، نائب صدر جمعیت محبوب خان وارثی، جنرل سیکریٹری المصطفیٰ احمد رضا طیب، کراچی و دیگر نے شرکت کی

سوراب میں مبینہ زہریلی ادویات سے 10 سے 12 مویشی ہلاک

بڑے گوشت کی دکانیں 3 روز کیلئے بند، گائے اور بھینس کے گوشت کی خرید و فروخت عارضی طور پر روک دی گئی ہے

سوراب (نامہ نگار) ضلع سوراب گلی نغاڑ میں مبینہ طور پر زہریلے انجکشن یا ادویات کے استعمال کے باعث 10 سے 12 گائے اور بھینسوں کی ہلاکت کی اطلاعات سامنے آئی ہیں جس کے بعد عوامی صحت و سلامتی کے پیش نظر انتظامیہ نے بڑے گوشت کی تمام دکانیں تین روز کیلئے بند رکھنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن سوراب کی جانب سے جاری اطلاع کے مطابق حالیہ صورتحال کے پیش نظر گائے اور بھینس کے گوشت کی خرید و فروخت عارضی طور پر روک دی گئی ہے شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ مذکورہ تین روزہ مدت کے دوران بڑے گوشت کی خرید و فروخت سے گریز کریں۔ انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی شخص کو پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بڑے گوشت کی خرید و فروخت کرتے ہوئے دیکھا جائے تو فوری طور پر متعلقہ انتظامیہ کو اطلاع دی جائے۔ حکام کے مطابق مویشیوں کی ہلاکت کی اصل وجہ کے تعین اور صورتحال کی مزید نگرانی کیلئے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معروف سماجی اور کاروباری شخصیت محمد یحییٰ پولانی انتقال پر یو بی جی کی تعزیت

کراچی (این این آئی) ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین، ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے سابق رکن اور ٹریول انڈسٹری کی ممتاز شخصیت محمد یحییٰ پولانی کو اتوار اور پیر کی درمیان شب انتقال کر گئے تھے، انہیں پیر کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ میمن پہاڑی مسجد میں ادا کی گئی جس میں میمن کمیونٹی، بزنس کمیونٹی، عمائدین شہر، تجارتی، صنعتی، فلاحی تنظیموں کے نمائندگان کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے قیام کو دو سال مکمل

دوسری سالگرہ کے موقع پر تقریب اور ظہرانے کا اہتمام

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے قیام کو دو سال مکمل، دوسری سالگرہ کے موقع پر تقریب اور ظہرانے کا اہتمام ایوانِ صحافت پریس کلب ٹھٹھہ کے قیام کو دو سال مکمل ہونے پر دوسری سالگرہ کی ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر ایوانِ صحافت پریس کلب ٹھٹھہ کے صدر علی اکبر دلوانی کی جانب سے تمام اراکین اور صحافیوں کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جبکہ خوشی کے اس موقع پر دوسری سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ تقریب میں وڈیرہ محمد عرس گندرو، سرپرستِ اعلیٰ نظیر احمد قریشی، انیس ہیلایو، نثار احمد گندرو، ہریش کمار بارو شاہ، شفیق احمد عابدانی، ارشاد عمر گندرو، سید شیر علی شاہ کاظمی، لالا شعیب پٹھان، محمد موسیٰ سبز پوش، عبدالحمید چنڈ، واحد شورو، زاہد شیخ، عزیز شیخ، شہریار صدیقی، قربان مگسی، ایوب درس اور جہانگیر دلوانی سمیت ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے اراکین اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا نے ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے دو سالہ صحافتی سفر کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارے نے مختصر عرصے میں صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے اور عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی کراچی میں کھلی کچہری، انسانی اسمگلنگ و فراڈ کی شکایات پر فوری کارروائی کی ہدایت

کراچی (این این آئی) ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی زون منتظر مہدی، PSP کی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل (اے ایچ ٹی سی) کراچی محمد اجمل کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے فراڈ، انسانی اسمگلنگ اور دیگر متعلقہ مسائل سے متعلق شکایات پیش کیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق کھلی کچہری میں مختلف شہریوں نے شرکت کر کے اپنی شکایات اور بیانات ریکارڈ کرائے۔

بلوچستان کی معیشت میں لائیو سٹاک کا شعبہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے، سردار زادہ فیصل خان جمالی

بلوچستان کو پسماندگی کی طرف دھکیلنے میں اپنوں نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو پسماندگی کی طرف دھکیلنے میں اپنوں نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے، تاہم پیپلز پارٹی صوبے سے احساسِ محرومی کے خاتمے، عوام کی خوشحالی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ خوشحال عوام اور ترقی یافتہ بلوچستان ہمارا وژن ہے، جس کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مشکلات، محرومیوں اور نامساعد حالات کا سامنا کیا ہے، اس کے باوجود صوبے کے عوام نے ملکی ترقی اور استحکام کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام کو ان کے بنیادی حقوق، روزگار، تعلیم، صحت اور دیگر ضروری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں۔

برازیل میں طوفان سے 2 افراد ہلاک، 1600 مکانات متاثر

ساؤ پالو (این این آئی) برازیل کی جنوبی ریاست ریوگرانڈے دو سول میں شدید طوفان اور ژالہ باری کے باعث کم از کم 2 افراد ہلاک ہوگئے، 1600 سے زائد مکانات کو بھی نقصان پہنچا۔ چینی ٹی وی نے ریاستی سول ڈیفنس کے حوالے سے بتایا کہ 21 بلدیاتی علاقوں میں شدید موسمی صورتحال کے باعث تباہی ہوئی، پورتو الیگری میں درخت گرنے سے 8 سالہ بچہ جبکہ ریو گرانڈے میں سیلابی پانی میں گاڑی بہہ جانے سے 72 سالہ شخص ہلاک ہوا

ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن DPEC کا اہم اجلاس

پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن DPEC کا اہم اجلاس گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور آئندہ مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی ڈپٹی ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم طارق شہباز۔ ڈاکٹر یسین کومنیٹ کے صدام حسین سمیت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے گزشتہ پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل مشکلات اور مختلف علاقوں میں ٹیموں کو درپیش چیلنجز ٹیموں کی کارکردگی بچوں کی کوریج رہ جانے والے بچوں انکاری والدین مائیکرو پلاننگ، ٹیموں کی نقل و حرکت، سیکیورٹی انتظامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کو مزید مؤثر منظم اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمتِ عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم سے قبل تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے اور مائیکرو پلانز کو زمینی حقائق کے مطابق مرتب کرتے ہوئے ہر یونین کونسل اور دور دراز علاقے میں پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے

حب۔ جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت برانچ ڈائنو کالونی حب کے زیرِ اہتمام فقیر محمد حنیف خاصخیلی طاہری کی رہائش گاہ پر ہفتہ وار محفلِ ذکر نعت و منقبت ہو رہی ہے

گوگل نے جھیل اونٹاریو کا نام تبدیل کر کے لیک امریکا کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) گوگل نے امریکی صارفین کے لیے اپنی میپس سروس پر کینیڈا اور امریکا کے درمیان واقع جھیل اونٹاریو کا نام تبدیل کر کے لیک امریکا کر دیا ہے، یہ تبدیلی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جھیل کا نام تبدیل کرنے کے اعلان کے بعد کی گئی۔ کینیڈا میں صارفین کو اپنے موبائل فونز اور کمپیوٹرز پر یہ جھیل بدستور لیک اونٹاریو کے نام سے ہی دکھائی دے گی۔ گوگل کے مطابق یہ نام 17 ویں صدی سے استعمال ہو رہا ہے اور اس کی جڑیں مقامی آبادی کی زبان و تاریخ سے منسلک ہیں۔

جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت برانچ ڈائنو کالونی حب کے زیرِ اہتمام تقریب

فقیر اصغر علی طاہری نے نہایت مؤثر اور اصلاحی درس ارشاد فرمایا، جس میں ذکرِ الٰہی، اتباعِ سنت اور روحانی اصلاح کی اہمیت پر روشنی ڈالی

حب (پ ر) جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت برانچ ڈائنو کالونی حب کے زیرِ اہتمام فقیر محمد حنیف خاصخیلی طاہری کی رہائش گاہ پر ایک روح پرور، نورانی اور محبتوں سے معطر ہفتہ وار محفلِ ذکر، نعت و منقبت نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی اس بابرکت محفل میں عاشقانِ رسول ﷺ اور محبینِ اولیاء نے بھرپور شرکت کی اور ذکرِ الٰہی کی برکتوں سے اپنے قلوب کو منور کیا۔ محفل مبارکہ کا آغاز سردار طاہری نے پرسوز تلاوتِ کلامِ پاک سے کیا، جس سے محفل پر روحانیت اور خشوع و خضوع کی کیفیت طاری ہوگئی بعد ازاں ارشاد احمد طاہری، لیاقت علی رونجھہ طاہری، محمد اقبال طاہری، محمد یوسف طاہری، محمد حسنین طاہری، محمد زوہیب طاہری اور نبیل طاہری نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ اور اولیائے کرام کی شان میں محبت و عقیدت سے لبریز نعتیہ و منقبتی کلام پیش کیا، جس سے حاضرین کے دل عشقِ مصطفیٰ ﷺ اور محبتِ اولیاء سے سرشار ہو گئے اس موقع پر فقیر اصغر علی طاہری نے نہایت مؤثر اور اصلاحی درس ارشاد فرمایا، جس میں ذکرِ الٰہی، اتباعِ سنت اور روحانی اصلاح کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ختم شریف کے بعد شرکائے محفل کو پُر فیض مراقبہ کرایا گیا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
بدھ 2 ستمبر 2026ء بمطابق 19 ربیع الاول 1448ھ

گزشتہ ہفتے 16 اشیاء مہنگی، 18 سستی، 17 کی قیمتوں میں استحکام رہا

سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.35 فیصد رہی

گزشتہ ہفتے پیاز فی کلو 6 روپے 15 پیسے، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 29 روپے 75 پیسے سستا ہوا، اسی طرح گندم کا آٹا، آلو، گھی، چینی، دالیں، گڑ سستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے دال چنا فی کلو 3 روپے 19 پیسے مہنگی ہوئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعووں کے باوجود گزشتہ ہفتے کے دوران 16 اشیا کی قیمت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری اعدادوشمار کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح 0.69 فیصد تک مزید کم ہوگئی ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی مجموعی شرح منفی 2.72 فیصد کی سطح پر آ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 16 اشیا مہنگی، 18 سستی اور 17 اشیا کے دام مستحکم رہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایک ہفتے کے دوران زندہ مرغی فی کلو 54 روپے 42 پیسے سستی ہوئی، گزشتہ ہفتے ٹماٹر فی کلو 16 روپے 29 پیسے سستے ہوئے، ایک ہفتے کے دوران لہسن فی کلو 41 روپے 76 پیسے سستا ہوگیا۔ ادارہ شماریات نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے پیاز فی کلو 6 روپے 15 پیسے، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 29 روپے 75 پیسے سستا ہوا، اسی طرح گندم کا آٹا، آلو، گھی، چینی، دالیں، گڑ سستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے دال چنا فی کلو 3 روپے 19 پیسے مہنگی ہوئی ہے، گزشتہ ہفتے کے دوران جلانے کی لکڑی، سگریٹ سمیت چائے کی پتی، تازہ دودھ اور چاول مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.35 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.53 فیصد، 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.72 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.01 فیصد کی سطح پر آگئی ہے۔ اسی طرح 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.73 فیصد کمی کے ساتھ منفی 2.70 فیصد رہی جبکہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.64 فیصد کمی کے ساتھ منفی 2.11 فیصد رہی ہے۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.35 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 2.70 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.53 فیصد، 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.72 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.01 فیصد کی سطح پر آ گئی ہے۔ اسی طرح 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.73 فیصد کمی کے ساتھ منفی 2.70 فیصد رہی جبکہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.64 فیصد کمی کے ساتھ منفی 2.11 فیصد رہی ہے۔

بنگلہ دیش کا شیخ حسینہ کے خلاف ریڈ نوٹس کیلئے انٹرپول سے رابطہ

شیخ حسینہ اور ان کے ساتھیوں کے خلاف ایک اور مقدمہ درج کرلیا گیا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش پولیس نے معزول وزیراعظم شیخ حسینہ اور 11 دیگر افراد کے خلاف انٹرپول کو ریڈ نوٹس جاری کرنے کی درخواست دے دی ہے۔ ان افراد پر عبوری حکومت کو گرانے اور خانہ جنگی بھڑکانے کی سازش کا الزام ہے۔ فی الحال عبوری حکومت کی قیادت معروف ماہر معیشت محمد یونس کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیشی پولیس نے حال ہی میں شیخ حسینہ اور 72 دیگر افراد کے خلاف ایک مقدمہ درج کیا ہے۔

ایرانی کلچر سینٹر کوئٹہ کے ڈائریکٹر جنرل قدرت اللہ جاپان کلچر سینٹر کوئٹہ کے ڈائریکٹر اسرار احمد عدیل کے ہمراہ جاپانی کلینڈر کی نمائش دیکھ رہے ہیں

26 غریب ترین ممالک قرضوں میں ڈوبے ہوئے ہیں، عالمی بینک

ممالک 2006 کے بعد سے کسی بھی وقت کے مقابلے میں زیادہ قرضوں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ایسے غریب ترین ممالک میں زیادہ تر ممالک ایتھوپیا سے چاڈ اور کانگو تک سب صحارا افریقہ میں ہیں

رواں سال دنیا کا مجموعی سرکاری قرض پہلی مرتبہ ہزار کھرب ڈالر سے بڑھنے کا خدشہ ہے اور اس کی رفتار پیشگوئیوں کے مقابلے میں تیزی سے بڑھ سکتی ہے کیونکہ سیاسی جذبات اضافی اخراجات کے حق میں ہیں اور سست شرح نمو قرض لینے کی ضرورت اور اخراجات کو بڑھا دیتی ہے

کراچی (جی این ایم) عالمی بینک نے ایک نئی رپورٹ میں کہا ہے کہ دنیا کے 26 غریب ترین ممالک میں 40 فیصد سے زیادہ آبادی غربت کا شکار ہے۔ یہ ممالک 2006 کے بعد سے کسی بھی وقت کے مقابلے میں زیادہ قرضوں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ایسے غریب ترین ممالک میں زیادہ تر ممالک ایتھوپیا سے چاڈ اور کانگو تک سب صحارا افریقہ میں ہیں، لیکن اس فہرست میں افغانستان اور یمن بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق یہ معیشتیں اوسطاً آج اس سے زیادہ غریب ہیں جتنی کہ وہ کوویڈ انیس کی وبا سے پہلے تھیں۔ واشنگٹن میں عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے سالانہ اجلاسوں سے ایک ہفتہ قبل جاری ہونے والی یہ رپورٹ انتہائی غربت کے خاتمے کی کوششوں کو ایک بڑے دھچکے کی تصدیق کرتی ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے کہا ہے کہ رواں سال دنیا کا مجموعی سرکاری قرض پہلی مرتبہ ہزار کھرب ڈالر سے بڑھنے کا خدشہ ہے اور اس کی رفتار پیشگوئیوں کے مقابلے میں تیزی سے بڑھ سکتی ہے کیونکہ سیاسی جذبات اضافی اخراجات کے حق میں ہیں اور سست شرح نمو قرض لینے کی ضرورت اور اخراجات کو بڑھا دیتی ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف کی تازہ مالیاتی مانیٹر رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ 2024 کے اختتام تک عالمی عوامی قرض مجموعی عالمی گھریلو پیداوار (جی ڈی پی) کے 93 فیصد پر پہنچ جائے گا اور 2030 میں اس کے 100 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے۔ واشنگٹن میں عالمی بینک اور عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاس سے قبل جاری کی گئی مالیاتی رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس بات کو تسلیم کرنے کی کافی وجوہات موجود ہیں کہ عالمی قرض کی شرح موجودہ اندازوں کے مقابلے میں تیزی سے بڑھے گی کیونکہ دنیا کی سب بڑی معیشت امریکا میں زیادہ خرچ کرنے کی خواہش موجود ہے۔ آئی ایم ایف نے رپورٹ میں کہا کہ مالیاتی پالیسی کی غیر یقینی صورتحال میں اضافہ ہوا ہے اور ٹیکس کے حوالے سے سیاسی پابندیاں مزید مضبوط ہوگئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق گرین ٹرانزیشن، آبادی کی بڑھتی عمر، سکیورٹی خدشات اور دیرینہ ترقی کے چیلنجز سے نمٹنے کے باعث اخراجات پر دبا بڑھ رہا ہے۔ عالمی قرض کی سطح میں اضافے سے متعلق آئی ایم ایف کے خدشات امریکی انتخابات سے 3 ہفتے قبل سامنے آئے ہیں جن میں دونوں صدارتی امیدواروں نے نئے ٹیکس نہ لگانے اور اخراجات میں اضافے کے وعدے کیے ہیں جس کے باعث امریکی خسارے میں کھربوں ڈالر کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ امریکا میں بجٹ پر کام کرنے والے تھنک ٹینک کمیٹی فار اے ریسپانسیبل فیڈرل بجٹ (سی آر بی ایف) کے مطابق ری پبلکن صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ کے ٹیکس میں تخفیف کے منصوبے سے 10 سال میں قرضوں میں 7.5 ٹریلین ڈالر کا اضافہ ہوگا جوکہ نائب صدر اور ڈیموکریٹک صدارتی امیدار کملا ہیرس کے ٹیکس میں تخفیف کے 3.5 ٹریلین ڈالر کے مجوزہ منصوبے سے دوگنا ہے۔ رپورٹ سے پتا چلا ہے کہ قرضوں کے تخمینے حقیقی نتائج کو بڑے فرق سے کم کرنے کا رجحان رکھتے ہیں، جی ڈی پی کے مقابلے میں قرض کی شرح 5 سال قبل لگائے گئے اندازوں سے 10 فیصد زیادہ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ کمزور نمو، سخت مالیاتی حالات اور امریکا اور چین جیسی انتظامی طور پر اہم معیشتوں میں مالیاتی اور مانیٹری پالیسی کی غیر یقینی صورتحال سے قرض میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔

کویت نے پاکستان کیلئے تیل کریڈٹ کی سہولت میں 2 سال توسیع کر دی

حکومت اور وزیراعظم اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر رہے ہیں

، ہم مشکل فیصلے لیتے ہوئے پاکستان کو اس کا کھویا ہوا مقام دلوائیں گے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) کویت نے پاکستان کے لیے تیل کریڈٹ کی سہولت میں 2 سال کی توسیع کر دی۔ یہ سہولت کویت پیٹرولیم کی جانب سے پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کو دی گئی ہے اس ضمن میں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے اسلام آباد میں کویتی سفیر نے ملاقات کی، اس موقع پر علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کویت اور دیگر برادر ممالک کی سپورٹ کی بدولت مشکل معاشی اصلاحات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ کویتی سفیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ترقی حاصل کی ہے، ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ پاکستان کے لیے خصوصی رعایت پر کویت کا شکریہ ادا کرتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کویت کے عوام، امیر کویت اور ولی عہد کے لیے بے پناہ محبت اور احترام رکھتے ہیں۔ بعد ازاں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان گزشتہ ماہ کیا گیا، پوری دنیا پاکستان کے مشکل مگر بہتر معاشی فیصلوں کو سراہ رہی ہے، پاکستان کی ریٹنگ عالمی ایجنسی کی جانب سے بڑھائی گئی، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم عالمی سطح کا ایونٹ بن گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ، حکومت اور وزیراعظم اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر رہے ہیں، ہم مشکل فیصلے لیتے ہوئے پاکستان کو اس کا کھویا ہوا مقام دلوائیں گے، مہنگائی کو لگام ڈال دی گئی ہے، بلوچستان کے عوام کو کراچی سے چمن تک ہائی وے کا تحفہ وفاقی کابینہ نے کل اپنے اجلاس میں دیا، ہر کوئی اس سڑک کو بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لیے اہم قرار دیتا ہے، پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کے بجائے اس رقم سے یہ ہائی وے مکمل کی جائے گی۔

بزدار دور حکومت میں 6 ارب 23 کروڑ کی مبینہ خورد برد کا انکشاف

سی اینڈ ڈبلیو سے معلومات لی جائیں، محکمہ صحت کے جواب پر پی اے سی ٹو نے معاملے کی تحقیقات کی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) بزدار دور حکومت میں محکمہ صحت میں 6 ارب 23 کروڑ روپے کی خطیر رقم کے اخراجات کا ریکارڈ غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے، پنجاب میں صحت کے منصوبوں میں اتنی خطیر رقم کہاں خرچ ہوئی محکمہ صحت بھی اس سے لاعلم ہے، کورونا کے دوران دوست ممالک کی جانب سے عطیہ کیے گئے وینٹی لیٹرز کے بھی استعمال نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تحریک انصاف کے دور حکومت میں مالی سال 21-2020 کے دوران یہ رقم خرچ کی گئی اور آڈٹ ڈپارٹمنٹ کی بارہا کوششوں کے باوجود اس کا کوئی ریکارڈ فراہم نہیں کیا جا سکا، آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کی 6 ارب 23 کروڑ روپے کے اخراجات کا ریکارڈ حاصل کرنے کی تمام کوششیں بے سود رہی ہیں جس کا اعتراف محکمے کی جانب سے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو کے اجلاس میں کیا گیا ہے۔ محکمہ صحت کے افسران کی جانب سے پی اے سی میں جواب دیا گیا ہے کہ ہمارے پاس ریکارڈ نہیں ہے، اس حوالے سے سی اینڈ ڈبلیو سے معلومات لی جائیں۔ یہ انکشاف مالی سال 21-2020 کی آڈٹ رپورٹ میں سامنے آیا ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو کے چیئرمین سید علی حیدر گیلانی نے معاملے کی تحقیقات کی ہدایت کر دیں۔ کمیٹی نے کرونا کے دوران غیر ملکی دوستوں کے عطیہ کیے گئے

اے آئی ٹیکنالوجی وقت کی ضرورت، کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا، ملک محمد احمد خان

دیہات کی کسمپرسی کا احساس ہے میں موجودہ حکومت کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترقیاتی کاموں کا رخ دیہات کی طرف موڑ دیا

تعلیم کا بجٹ دس سے تین فیصد رہ گیا ہے تو اسے کم ازکم پانچ فیصد کرنا ہوگا، اسپیکر پنجاب اسمبلی کا انٹرنیشنل کانفرنس مینجمنٹ سائنسز کی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے لاہور گیریژن یونیورسٹی میں منعقدہ پانچویں انٹرنیشنل کانفرنس مینجمنٹ سائنسز کی اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے آئی ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے، ہمیں اپنی کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہم نے اے آئی کو زندگی میں شامل نہ کیا تو دنیا سے پیچھے رہ جائیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دیکھنا یہ ہے کہ ہم نے اپنے ملک میں اے آئی کو کیسے لانا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ انسانوں نے ہمیشہ ایسی ٹیکنالوجی بنائی جسے بعد میں کنٹرول نہیں کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ ماضی اپنی ایجادات کے باعث برباد ہوا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے قانون سازی کے عمل میں ٹیکنالوجی کی شمولیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معزز ممبران اسمبلی جو قانون سازی کرتے ہیں، وہ اے آئی ٹیکنالوجی سے ناآشنا ہیں، ہمیں اے آئی کے متعلق شعور پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے آئی کے متعلق پاکستان کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے اور واضح کیا کہ آپ مشین کو لیڈرشپ کردار ادا کرنے کا حق نہیں دے سکتے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے زور دیا کہ حکومت، سیاسی جماعتیں، ادارے، عدلیہ اور عسکری بازو سب کی توجہ دیہاتوں کی طرف ہونی چاہیے۔ دیہات کی کسمپرسی کا احساس ہے اور میں موجودہ حکومت کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترقیاتی کاموں کا رخ دیہات کی طرف موڑ دیا ہے۔ نوجوانوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ نوجوان ہمارے ملک کی آبادی ہیں لیکن پالیسی بنانے والا کوئی نہیں۔ اگر تعلیم کا بجٹ دس سے تین فیصد رہ گیا ہے تو اسے کم ازکم پانچ فیصد کرنا ہوگا۔

ملکی بقاء کیلئے انصاف، امن کا فروغ ناگزیر ہے، جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملکی بقاء کیلئے انصاف اور امن کا فروغ ناگزیر ہے، حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک پاکستان عدم استحکام اور لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں، جب تک حکمران طبقہ اپنے رویے اور طرز حکمرانی میں تبدیلی نہیں لاتا

ایوان بالا کا کردار ہمیشہ تمام شہریوں کو برابر کے حقوق دینے کے اصول پر قائم رہا ہے، سیدال خان

سینیٹ نے نہ صرف قانون سازی کے ذریعے بلکہ مختلف پارلیمانی کمیٹیوں اور فورمز کے ذریعے بھی اقلیتوں کے مسائل کو اجاگر کیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے مسیحی برادری کو ایسٹر کے پُرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار امن اور محبت کا پیغام دیتا ہے، جو ایک پرامن اور ہم آہنگ معاشرے کے قیام کے لیے نہایت اہم ہے۔ ایسٹر کے پرمسرت موقع پر اپنے پیغام میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مذاہب اور عقائد کے لوگ باہمی احترام اور رواداری کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کے موقع پر ہمیں اسی جذبے کو مزید فروغ دینا چاہیے تاکہ معاشرے میں بھائی چارہ، ہم آہنگی اور یکجہتی کو تقویت دی جا سکے۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ایوان بالا (سینیٹ) نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو اولین ترجیح دی ہے اور اس سلسلے میں اہم قانون سازی بھی عمل میں لائی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان قوانین کا مقصد اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور سماجی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ نے نہ صرف قانون سازی کے ذریعے بلکہ مختلف پارلیمانی کمیٹیوں اور فورمز کے ذریعے بھی اقلیتوں کے مسائل کو اجاگر کیا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کیے ہیں، ایوان بالا کا کردار ہمیشہ تمام شہریوں کو برابر کے حقوق دینے کے اصول پر قائم رہا ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر وترقی میں اقلیتی برادری کا کردار نہایت اہم ہے،

کوئٹہ، بے نظیر فلائی آور کے پل پر ایک شخص ہاتھ ریڑی پر پھول فروخت کر رہا ہے

سول اسپتال ”سرونٹس کوارٹرز 138“ کے مکینوں کو ایک بار پھر نوٹس جاری

خلاف قانون اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ میں کلارک کی پوسٹ پر تعینات امجد لودھی نے حاضر سروس ملازمین کو گھر خالی کرنے کے نوٹس جاری کیے

کراچی (این این آئی) سول اسپتال کراچی کے حاضر سروس ملازمین کو ایک بار پھر ان کے حق سے محروم کرنے کیلئے مکینوں کو سرکاری کوارٹرز خالی کرنے کے نوٹس جاری کر دیئے گئے، قبضہ مافیا کو کھلی چھوٹ مل گئی، تفصیلات کے مطابق حاضر سروس ملازمین جو سول اسپتال کراچی میں ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں وہ اپنے اہلخانہ کے ہمراہ سول اسپتال سے متصل سرونٹس کوارٹرز میں رہائش پذیر ہیں، سرونٹس کوارٹرز میں ملازمین کو دیئے جانے والے گھر محکمہ صحت اور سندھ حکومت کی پالیسی کے مطابق ہیں، گزشتہ دنوں سرونٹس کوارٹرز کے کئی مکینوں کو گھر خالی کرنے کے نوٹس ملے جس پر سوشل میڈیا پر احتجاج کیا گیا، لیکن ایک بار پھر سرونٹس کوارٹر 138 کے مکینوں کو گھر خالی کرنے کے نوٹس جاری کر دیئے گئے، نمائندے کی تحقیقات کے مطابق اس ساری صورتحال میں سول اسپتال کراچی میں وارڈ اسٹور کیپر کی پوسٹ کا حامل ملازم امجد لودھی جو کہ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ میں کلرک کی پوسٹ پر کئی سالوں سے خلاف قانون تعینات ہے ملوث ہے، ذرائع کے مطابق امجد لودھی نے ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر خالد بخاری کو حقائق سے لاعلم رکھا ہوا ہے اور حاضر سروس ملازمین کے سرکاری کوارٹرز کے منسوخی کے آرڈر نکال کر ملازمین کو پریشان کر رہا ہے، نوٹس کی وصولی کے بعد سرکاری گھروں میں رہائش پذیر ملازمین کا کہنا ہے کہ ہم تو ابھی تک ڈیوٹی پر موجود ہیں،

ارسا ایکٹ میں کی گئی ترمیم واپس لی جائے اور کینالز کے منصوبے کو رد کیا جائے، ایاز لطیف پلیجو

خیرپور (این این آئی) دریائے سندھ سے نہریں نکالنے کے مجوزہ منصوبے کے خلاف ببرلو بائی پاس پر وکلا کی جانب سے دیا گیا دھرنا تاحال جاری ہے۔ دریائے سندھ سے 6 نہریں نکالنے کے خلاف وکلا کی جانب سے خیرپور کے قریب ببرلو بائی پاس پر 2 روز قبل دیا جانے والا دھرنا تاحال جاری ہے، جس سے سندھ اور پنجاب کے درمیان ٹریفک جمعہ سے معطل ہے۔ کینالز منصوبے کے خلاف حیدرآباد میں بھی سندھ بچاؤ کونسل کی جانب سے قاسم آباد بائی پاس پر دھرنا دیا گیا۔ اس موقع پر قومی عوامی تحریک کے سربراہ ایاز لطیف پلیجو نے کہا کہ ارسا ایکٹ میں کی گئی

پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور اور غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، رانا قاسم نون

چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا قاسم نون کی ایلچی برائے کشمیر سے ملاقات، او آئی سی کانفرنس اور اسلام آباد میں بین الاقوامی کشمیر کانفرنس پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا قاسم نون کی ایلچی برائے کشمیر سے ملاقات، او آئی سی کانفرنس اور اسلام آباد میں بین الاقوامی کشمیر کانفرنس پر گفتگو۔ پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین رانا محمد قاسم نون نے ایلچی برائے کشمیر سے اہم ملاقات کی، جس میں مسئلہ کشمیر پر جاری سفارتی کوششوں، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، اور آئندہ بین الاقوامی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین رانا قاسم نون نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور اور غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، اور اس مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کروانے کے لیے ہر ممکن فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ ایلچی برائے کشمیر نے چیئرمین کو آئندہ او آئی سی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی، جہاں مسئلہ کشمیر کو نمایاں طور پر اجاگر کیا جائے گا۔ چیئرمین نے دعوت کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اہم بین الاقوامی موقع پر کشمیری عوام کے حقیقی موقف کی ترجمانی کریں گے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عالمی برادری، پارلیمنٹس، انسانی حقوق کی تنظیموں، اور کشمیری تارکین وطن کے ساتھ موثر سفارتی روابط کو مزید وسعت دی جائے گی۔ چیئرمین نے ایک "کشمیر اسٹریٹیجک ایڈووکیسی سیل" کے قیام کی تجویز دی تاکہ پارلیمنٹ کے اندر موثر بین الاقوامی رابطہ کاری، بیانیے کی تشکیل، اور بروقت ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ عوامی سفارت کاری اور میڈیا حکمت عملی پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

اپنی قدروں کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے، عظمیٰ بخاری

ملک بھر میں فوڈ چینز میں 25 ہزار پاکستانی کام کرتے ہیں، ان فوڈ چینز پر حملوں میں زخمی ہونے والے بھی پاکستانی ہیں

قطعی طور پر کسی کو بھی مذہب، یکجہتی یا سیاسی دہشت گردی کے نام پر امن وامان کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی

لاہور (یو این اے) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ غزہ سے یکجہتی کے نام پر فساد برپا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ترقی کرتے پنجاب پر تشدد پسند گروہ حملے کر رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سوال کیا کہ کیا پاکستان میں پیش آنے والے واقعات سے غزہ کے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے؟ ملک بھر میں فوڈ چینز میں 25 ہزار پاکستانی کام کرتے ہیں، ان فوڈ چینز پر حملوں میں زخمی ہونے والے بھی پاکستانی ہیں اور جاں بحق ہونے والا بھی پاکستانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ اور فلسطین کے نام پر آگ لگانے کی کوشش کرنے والے یقیناً نہ پاکستانی ہیں اور نہ پاکستان سے محبت کرتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں پاکستان میں امن اچھا نہیں لگتا، جنہیں پاکستان کی ترقی اچھی نہیں لگتی۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ اور فلسطین کے نام پر شرپسندی کے پیچھے غیر ملکی ہاتھ بھی ملوث ہوسکتا ہے، جو پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتا ہے، فلسطینی اور غزہ سے تعلق رکھنے والے ہمارے مظلوم بہن بھائی شہادتیں دے رہے ہیں، ان کے بچے اور عورتیں شہید ہو رہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اسلام تو امن و آشتی کا مذہب ہے، جو غیر مسلموں کی بھی زندگی اور جان و مال کے تحفظ کا ضامن ہے اور یہاں پر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو غزہ کے نام پر مارنے کی کوشش کرے تو یہ ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فوڈ چینز فرنچائزز ہیں جنہیں پاکستانیوں نے خریدا ہوا ہے اور ان میں پاکستانی ہی کام کرتے ہیں اور روزگار کماتے ہیں، اگر یہ 25 ہزار پاکستانی بیروزگار ہو جائیں گے تو غزہ کے مسلمانوں کو کیا فائدہ ہوگا؟ فلسطینیوں سے یکجہتی کے نام پر منصوبہ بندی کے ساتھ صرف پنجاب میں حملے ہو رہے ہیں، صوبے میں اب تک 149 شرپسندوں کو گرفتار کیا گیا ہے

پنجاب حکومت کا فلم کی تیاری کے لیے مالی امداد فراہم کرنے کا اعلان

پنجاب کے پہلے فلم سٹی، فلم اسٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب اور فلم اسکول کے قیام کی منظوری

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے فلمی صنعت کی بحالی اور فروغ کے لیے ایک تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے متعدد اہم منصوبوں کی منظوری دے دی ہے۔ ان اقدامات میں پنجاب کے پہلے فلم سٹی، فلم اسٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب اور فلم اسکول کے قیام شامل ہیں۔ اس حوالے سے سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی سربراہی میں 8 رکنی ”پنجاب فلم فنڈ ڈسبرسمنٹ کمیٹی“ تشکیل دی گئی ہے، جس کا پہلا اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔ مریم اورنگزیب کمیٹی کی کنوینر کے طور پر خدمات انجام دیں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فلم کی تیاری کے لیے مالی امداد فراہم کرنے، فلم سازوں کی درخواستوں کو جانچنے، اور باکس آفس مراعات سمیت دیگر اہم امور پر فیصلہ سازی کمیٹی کے ذمے ہوگی۔ کمیٹی کو کسی بھی معاملے پر ذیلی کمیٹیاں تشکیل دینے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پاکستان کے پہلے فلم اسکول کے قیام کی بھی منظوری

صحت کارڈ میں تین بڑی بیماریوں کا علاج شامل کرنے کا فیصلہ

گردے، جگر اور بون میرو ٹرانسپلانٹ کے تمام اخراجات صحت کارڈ کے تحت حکومت برداشت کرے گی

، کوکلیئر امپلانٹ کے مہنگے علاج کا خرچ بھی حکومت خود اٹھائے گی، مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف کا بیان

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کی خیبر پختونخواہ حکومت نے ٹرانسپلانٹ اور امپلانٹ سروسز مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ اس حوالے سے مشیر اطلاعات خیبر پختونخواہ بیرسٹر سیف نے بتایا ہے کہ صوبائی حکومت نے بانی پی ٹی آئی کے وژن کے مطابق صحت کے شعبے میں ایک اور انقلابی قدم اٹھا لیا اور اب ٹرانسپلانٹ اور امپلانٹ سروسز مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کی زیرصدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ گردے، جگر اور بون میرو ٹرانسپلانٹ کے تمام اخراجات صحت کارڈ کے تحت حکومت برداشت کرے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ کوکلیئر امپلانٹ کے مہنگے علاج کا خرچ بھی حکومت خود اٹھائے گی۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے مزید کہا کہ منشیات کے عادی افراد کی بحالی کو بھی جلد صحت کارڈ پروگرام میں شامل کیا جائے گا اور اس حوالے سے وزیراعلی نے محکمہ صحت کو ضروری ہدایات جاری کر دی ہیں، علاج، تحقیق اور صنعتی مقاصد کے لیے کینابیس (بھنگ) پلانٹ کے استعمال سے متعلق قواعد وضوابط کی منظوری بھی دی گئی ہے جو کہ طب وصنعت کے میدان میں جدت کا دروازہ کھول سکتی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پہلے مرحلے میں مخصوص اضلاع میں بھنگ کاشت کی جائے گی اور اس کے لیے باقاعدہ لائسنس جاری کیے جائیں گے، مختلف شعبوں کے لیے لائسنس فیس الگ ہوگی، لائسنس کے اجرا کے لیے زراعت، صحت، ایکسائز، نارکاٹیکس اور دیگر متعلقہ محکموں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے گی، حکومت نے ایک ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام کی منظوری بھی دے دی ہے جو بھنگ سے متعلق تمام امور کو ریگولیٹ کرے گی۔ صوبائی وزیر زراعت سجاد برکوال نے بتایا کہ اس شعبے کو ریگولیٹ کیا جا رہا ہے، ابتدائی مرحلے میں بھنگ کی کاشت مخصوص علاقوں تک محدود رہے گی،

حماس کے ہاتھوں فوجی کی ہلاکت، اسرائیل نے تفصیل جاری کر دی

ہلاک ہونے والے فوجی کی شناخت 35 سالہ وارنٹ آفیسر گیلب سلیمان کے طور پر ہوئی ہے، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کے ہاتھوں مرنے والے فوجی کی تصدیق کرتے ہوئے تفصیل جاری کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ شمالی غزہ میں حماس کے ایک حملے میں ایک اسرائیلی فوجی ہلاک اور 5 دیگر زخمی ہو گئے، جن میں سے 3 کی حالت تشویشناک ہے۔ ہلاک ہونے والے فوجی کی شناخت 35 سالہ وارنٹ آفیسر گیلب سلیمان کے طور پر ہوئی ہے، جو غزہ ڈویژن کے ناردرن بریگیڈ میں کام کرتا تھا۔

باجوڑ میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعے میں درجنوں بکریاں ہلاک

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں آسمانی بجلی گرنے سے درجنوں بکریاں ہلاک جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق باجوڑ کے علاقے لگہ منڑو جنگل میں آسمانی بجلی گرنے سے 2 افراد زخمی درجنوں بکریاں مرگئیں۔ باجوڑ کی تحصیل ماموند کے علاقہ منڑو جنگل سرکی میں آسمانی بجلی گرنے سے دو افراد شدید زخمی ہوگئے

حماس کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، اسرائیلی وزیراعظم

حماس کے مطالبات کے سامنے جھک گئے تو ہم غزہ میں دوبارہ جنگ نہیں کر سکیں گے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ ہم اس جنگ کا خاتمہ اس وقت تک نہیں کریں گے جب تک حماس کو ختم نہ کر دیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ٹیلی ویژن پر بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک تمام مغویوں کو واپس نہ لے آئیں، جنگ کو ختم نہیں کریں گے۔ نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ حماس کے مطالبات کے سامنے جھک گئے تو ہم غزہ میں دوبارہ جنگ نہیں کر سکیں گے، غزہ میں حماس کی حکومت کا برقرار رہنا اسرائیل کے لیے بہت بڑی شکست ہو گی۔ اسرائیلی وزیر اعظم نے کہا کہ حماس تو جنگ کے خاتمے اور اپنی حکومت کو برقرار رکھنے کا مطالبہ کر رہی ہے، حماس اسرائیل کے مکمل انخلا اور غزہ کی تعمیر نو کا بھی مطالبہ کرتی ہے، تعمیر نو کی وجہ سے اتنی بڑی امدادی آئے گی کہ وہ دوبارہ مسلح ہو پائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسی شرائط پر جنگ کا خاتمہ پیغام دے گا کہ اغوا کاری کے ذریعے اسرائیل کو جھکایا جا سکتا ہے، یہ یقینی بنانا بھی ہے

کراچی، بلدیہ سیکٹر 8 میں واٹر ٹینکر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق ہوا، ایک ڈاکو مارا گیا، جبکہ 11 افراد زخمی ہوگئے۔ کراچی کے علاقے بلدیہ سیکٹر 8 میں واٹر ٹینکر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ واٹر ٹینکر ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، پولیس نے ٹینکر کو تحویل میں لے لیا

نصیرآباد، سب ڈویژنل آفیسر امان اللہ گاجانی بھل صفائی کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

قوم پاک فوج کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، قاری اعظم حسین

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ قوم پاک فوج کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، ملک میں قیام امن کیلئے اپنی جانیں قربان کرنے والوں کو تاریخ ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھے گی،

حکومت طاقت کی بجائے افہام وتفہیم سے مسائل حل کرے، مولانا قادر لونی

بارڈرز کی بندش سے عوام کا روزگار متاثر، بلوچستان کے عوام بدترین معاشی بحران کا شکار ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولنا عبدالاحد کبدانی سینئر نائب امیر مولانا عبدالروف نائب امیر سید عبدالستار شاہ چشتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی صوبائی نائب امیر مولانا خدائے نظر صوبائی نائب امیر مفتی رحمت اللہ صوبائی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی حاجی منظور نظام الدین بنگلزئی نے کہا کہ حکومت موجودہ حالات کی نزاکت کا ادراک کر کے مسائل کو افہام وتفہیم سے حل کرے

سونے کی فی تولہ قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 77 ہزار روپے اضافہ

عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت کوئی استحکام نظر نہیں آتا

کراچی (یو این اے) سال 2025 میں اب تک پاکستان میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 70 ہزار روپے سے زائد کا ہوشربا اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان میں سال 2025 کی شروعات ہوئی تو ایک تولہ سونے کی قیمت 2 لاکھ 72 ہزار کے آس پاس تھی، تاہم صرف چار مہینوں سے بھی کم میں سونے کی قیمت میں ہوشربا اضافہ ہوا، عالمی مارکیٹ میں اضافے کے ساتھ پاکستان میں اس دھات کی قیمت میں فی تولہ 77 ہزار روپے کا بیش بہا اضافہ ہوا۔ 20 اپریل سے کم جنوری 2025 تک کا حساب لگایا جائے

فیصل آباد، قاتلانہ حملوں میں گولیاں لگنے سے خاتون سمیت 4 افراد لہولہان

فیصل آباد (این این آئی) نشاط آباد کے علاقہ سلطان نگر میں گھریلو جھگڑے پر قریبی عزیز ملزم وقاص نے فائرنگ کر کے 22 سالہ عشا نور نشاط آباد کے علاقہ غلام محمد آباد نمبر 2 کا رہائشی عبداللہ اپنے ماموں کے ختم پاک میں شرکت کیلئے جا رہا تھا کہ معمولی جھگڑے پر مسلح افراد نے گولیاں مار کر بری طرح زخمی کر دیا۔

خاران میں جیولر کی دکان پر ڈکیتی، مزاحمت پر دکاندار زخمی

ڈاکو لاکھوں روپے کے زیورات اور نقدی لوٹ کر فرار، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

خاران (یو این اے) خاران کے سٹی شاپنگ بازار میں واقع جیولر کی دکان پر تین نقاب پوش مسلح ڈاکوں نے دن دہاڑے واردات کرتے ہوئے لاکھوں روپے کے زیورات اور نقد رقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ مزاحمت کرنے پر دکاندار کاشف جمیل لوراجہ کو ڈاکوؤں نے بندوق کی بٹ سے زخمی کر دیا۔ دکاندار کے مطابق ڈاکوؤں نے اس کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہوئے دکان میں موجود تمام قیمتی سامان لوٹ لیا۔ پولیس کو اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کر دی اور تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

مسجد اقصیٰ پر بمباری کے اسرائیلی منصوبے کے بارے میں فلسطینی انتباہ

فلسطینیوں کو تنہا کرنے کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی قانون کے تحت مطلوبہ اقدامات کیے جائیں، بیان

غزہ (این این آئی) فلسطینی وزارت خارجہ نے اسرائیلی تنظیموں کی جانب سے مشرقی القدس میں مسجد اقصیٰ پر بمباری کے منصوبے کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت نے ان تنظیموں سے وابستہ پلیٹ فارمز پر پھیلائی جانے والی تنبیہ کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ اس انتباہ میں مسجد اقصیٰ کو اڑا دینے اور تباہ کرنے اور اس کی جگہ مبینہ ہیکل کی تعمیر کی بات کی گئی تھی۔ وزارت خارجہ نے ان کالوں کو مقبوضہ بیت المقدس میں عیسائی اور اسلامی مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کے لیے ایک منظم اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے اسرائیل کے حکمران غزہ کی پٹی میں کیے جانے والے جنگی جرائم پر کمزور بین الاقوامی ردعمل کے تناظر میں اب خود کو اپنے توسیع پسندانہ اور نسل پرستانہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے قابل محسوس کر رہے ہیں۔

تربت، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نیشنل پارٹی کیچ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ آبپاشی کے زیرانتظام پٹ فیڈر کینال اور دیگر نہروں کی بھل صفائی کا کام تیزی سے جاری ہے

روزنامہ بولان حب
موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

تحریک انصاف کے اندرونی اختلافات

علیمہ خان اس وقت کے پی کے مختلف اضلاع کے دورے پر ہیں جہاں وہ ان ناراض کارکنوں سے مل رہی ہیں جو تحریک انصاف کی کے پی حکومت بالخصوص وزیراعلی علی امین گنڈاپور سے ناراض ہیں۔ ویسے علیمہ خان اور علی امین گنڈاپور کے اختلافات کوئی نئے نہیں ہیں۔ کئی ماہ پہلے بھی ایک ٹوئٹر اسپیس کی آڈیو آئی تھی جس میں گنڈاپور اور علیمہ خان کے درمیان احتجاج کے ایشو پر سخت بحث ہو رہی تھی۔

علیمہ خان فوری احتجاج شروع کرنے کا کہہ رہی تھیں جب کہ گنڈاپور کا موقف تھا کہ جب تک عمران خان نہیں کہیں گے ہم احتجاج نہیں کریں گے۔ علیمہ خان کا موقف تھا کہ بانی تحریک انصاف اپنی ذات کے لیے احتجاج کرنے کا نہیں کہیں گے بلکہ ہمیں خود احتجاج کرنا ہوگا۔ گنڈاپور کا موقف تھا کہ اب اگر احتجاج کرنا ہوگا تو کفن سر پر باندھ کر نکلنا ہوگا۔ کوئی آسان احتجاج نہیں ہوگا۔ اس لیے جب تک بانی تحریک انصاف نہیں کہیں گے ہم شروع نہیں کریں گے۔ یہ بحث خاصی تندوتیز تھی۔

علیمہ خان نے اس سے پہلے بھی کئی بار ایسے بیان دیے ہیں انھوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی بھی احتجاج کے لیے نہیں نکلے گا تو ہم اکیلے نکلیں گے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اور ان کے گھر والے اکیلے ہی اڈیالہ کے باہر دھرنے پر بیٹھ جائیں گے۔

چاہے ان کے ساتھ کوئی بھی نہ بیٹھے۔ اس لیے ایسا نہیں کہ احتجاجی سیاست کے لیے علیمہ خان پہلی دفعہ بات کر رہی ہیں۔ ان کا شروع سے موقف ہے کہ بانی تحریک انصاف کو جیل سے باہر نکالنے کے لیے تحریک انصاف کو ایک موثر احتجاجی تحریک چلانا ہوگی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ان سے تحریک انصاف کی لیڈرشپ متفق نہیں ہے۔ وہاں کسی بڑی تحریک کے لیے ابھی کوئی ماحول نہیں ہے۔ وہاں سنبھل کر چلنے کی بات ہے۔ وہاں نومئی کا خوف ہے اور یہ سوچ مضبوط ہے کہ تحریک انصاف کسی نئے نومئی جیسے احتجاج کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

اب اسلام آباد کے جلسے کے ملتوی ہونے سے ماحول گرم ہوا ہے۔ 21 اگست کو تحریک انصاف نے اسلام آباد میں جلسہ کا اعلان کیا ہوا تھا۔ لیکن اب کہانی سب کے سامنے ہے۔ ویسے تو اعظم سواتی صبح سات بجے بانی تحریک انصاف کو جیل میں ملے اور جلسہ کے ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ لیکن اصل کہانی یہ ہے کہ گنڈاپور نے رات کو جیل میں ٹیلی فون پر عمران خان کو جلسہ ملتوی کرنے پر راضی کیا۔ اور پھر صبح اعظم سواتی ملے۔ اعظم سواتی کے ملنے سے پہلے ہی جلسہ ملتوی ہونے کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ وہ صرف اعلان کرنے کا بہانہ بنانے کے لیے گئے۔

اس کے بعد علیمہ خان کی پھر آڈیو آئی جس میں انھوں نے کہا کہ جلسہ اسٹیبلشمنٹ نے اپنے بندوں کے ذریعے ملتوی کروایا ہے۔ انھوں نے پھر علی امین گنڈاپور پر چڑھائی کی اور کہا کہ یہ سب اسٹیبلشمنٹ سے ملے ہوئے ہیں۔ ان کے یہ ریمارکس تحریک انصاف کی موجودہ قیادت میں کچھ خاص پسند نہیں کیے گئے۔ لیکن چونکہ وہ بانی تحریک انصاف عمران خان کی بہن ہیں اس لیے کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ لیکن تحریک انصاف کے سوشل میڈیا ٹرولز نے گنڈاپور کی بہت دھلائی کی اب تحریک انصاف کی سوشل میڈیا میں یہ عام گفتگو ہے کہ گنڈاپور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔ اور ان کی مرضی سے حکومت کر رہے ہیں۔

اس وقت علیمہ خان پہلی دفعہ پارٹی کارکنوں کے گھر جا رہی ہیں۔ ان کی بات سن رہی ہیں۔ پارٹی کارکن ان کو مل رہا ہے اور ان سے بات کر رہا ہے۔ ویسے تو تحریک انصاف کی قیادت کا موقف ہے کہ علیمہ خان کے پاس تحریک انصاف کا کوئی عہدہ نہیں ہے۔ اس لیے وہ تحریک انصاف کے تنظیمی معاملات میں کوئی دخل اندازی نہیں کر سکتیں۔ لیکن انھوں نے تو براہ راست کارکنوں سے رابطے شروع کر دیے ہیں وہ ان کے گھر جا رہی ہیں۔ اور کارکنوں کے گھر جانے کے لیے انھیں کسی عہدہ کی بھی ضرورت نہیں۔ آپ بغیر کسی عہدہ کے بھی کسی بھی کارکن کے گھر جا سکتے ہیں۔ میڈیا ان کے بیانات کو بہت اہمیت دے رہا ہے۔ میڈیا میں بات کرنے کے لیے بھی انھیں کسی عہدہ کی ضرورت نہیں۔ وہ عمران خان کی بہن ہیں اور یہ میڈیا اور کارکنوں کے لیے کافی ہے۔

اب سوال پیدا ہوگیا ہے کہ کیا علیمہ خان تحریک انصاف کی قیادت کی بھی امیدوار ہیں۔ ایسے میں ان کی اور رف حسن کی چیٹ بھی لیک ہوئی ہے۔ بشری بی بی اور علیمہ خان کے اختلافات کی خبریں بھی نئی نہیں ہیں۔ اس حوالے سے ایک آڈیو پہلے بھی آچکی ہے۔ ایسے میں سوال پیدا ہو رہے ہیں کہ کیا بشری بی بی اور علیمہ خان کے درمیان روایتی نند بھاوج کے اختلافات ہیں یا یہ قیادت کے اختلافات ہیں۔ اب تو یہ بات طے ہے کہ بشری بی بی بھی مکمل سیاسی خاتون ہیں اور تمام سیاسی معاملات میں مکمل حصہ لیتی ہیں۔ کیا قیادت کے ایشو پر بشری بی بی اور علیمہ خان کے درمیان چپقلش شروع ہے؟

محترمہ علیمہ خان چاہتی تو پنجاب کے دورے پر بھی نکل سکتی تھیں۔ پنجاب میں تحریک انصاف کی کوئی قیادت بھی موجود نہیں ہے۔ پنجاب کے کارکن کے پی کے کارکن کی نسبت زیادہ لاوارث ہیں۔ میاں اسلم اقبال مفرور ہیں۔ حماد اظہر استعفی دے چکے ہیں۔ لیکن وہ پنجاب کو چھوڑ کر کے پی گئی ہیں۔ شاید کے پی میں گرفتاری کا کوئی خوف نہیں۔ آپ گنڈاپور کی جتنی مرضی مخالفت کر لیں لیکن وہ علیمہ خان کو گرفتار نہیں کر سکتے۔ جب کہ پنجاب میں تو فوری گرفتاری کا ڈر بھی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا بانی تحریک انصاف علیمہ خان کو روک دیں گے۔ انھوں نے پہلے بھی انھیں روکا ہے۔ لیکن یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ بانی تحریک انصاف کو اپنی سیاسی جماعت میں باہمی اختلاف اور لڑائیاں پسند ہیں۔ کیا وہ اپنی بہن کو گنڈاپور کو چیلنج کرنے دیں گے۔ جیسے وہ شاہ محمود اور جہانگیر ترین کی لڑائی انجوائے کرتے تھے۔

تحریک انصاف اور مولانا فضل الرحمٰن کے درمیان قربتیں

26 ویں آئینی ترمیم سے پہلے ایک موقع پر تحریک انصاف اور مولانا فضل الرحمٰن کے درمیان قربتیں ایسی بڑھ گئی تھیں کہ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ دونوں ایک ہوگئے ہیں کہ ابھی تک الگ جماعتیں ہیں۔ روزانہ تحریک انصاف کی قیادت مولانا کے گھر میں موجود ہوتی تھی۔

نمازیں مولانا کی امامت میں ادا کی جاتی تھیں۔ مولانا کا گھر تحریک انصاف کا دفتر ہی بنا ہوا تھا۔ دوسری طرف حکومت بھی مولانا کے گھر چکر لگا رہی تھی۔ لیکن تحریک انصاف کی موجودگی زیادہ واضح تھی۔ مولانا بھی تحریک انصاف کا مقدمہ لڑتے نظر آرہے تھے۔

حتی کہ بانی تحریک انصاف کی ملاقاتوں پر پابندی بھی مولانا نے ختم کروائی اور حکومت کو مجبور کیا کہ پہلے تحریک انصاف کی قیادت کی بانی تحریک انصاف سے ملاقات کروائی جائے پھر بات آگے چلے گی۔ دونوں جماعتوں کے درمیانی باہمی طور پر اور بالخصوص مولانا کے لیے تحریک انصاف کے جذبات اور احساسات میں تبدیلی واضح تھی۔

لیکن 26 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد یک دم یہ تمام محبتیں اور قربتیں ختم ہوگئیں۔ ادھر ترمیم منظور ہوئی اور ادھر دونوں کے درمیان فاصلے واپس بڑھنے لگے۔ ملاقاتیں ختم، رابطے ختم، بات چیت ختم۔ اب ایسا لگتا ہے جیسے دونوں کے درمیان کبھی کوئی قربت تھی ہی نہیں۔ کہاں اکٹھے چلنے کے عزم۔ کہاں رابطے ختم۔ کہاں ایک دوسرے سے بات کرنا بھی گوارا نہیں۔ سوال یہ ہے کہ آخر ایسا کیا ہوا کہ دونوں کے درمیان علیحدگی ہوگئی۔

ایسا کیا ہوگیا کہ اب کوئی ایک دوسرے سے ملاقات کرنے کے لیے بھی تیار نہیں۔ آپ دیکھیں تحریک انصاف نے 24 نومبر کے احتجاج کی کال دی ہے۔ تحریک انصاف اس کال میں شرکت کی رسمی دعوت بھی مولانا کو دینے کے لیے تیار نہیں۔ وہ نہ آئیں لیکن سیاست میں دعوت تو دی جاتی ہے۔ تاہم اب ہمیں دونوں کے درمیان واضح سیاسی فاصلے نظر آرہے ہیں۔

تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی اور دیگر چند رہنماں نے بھی کہا ہے کہ اگر تحریک انصاف نے احتجاجی سیاست کرنی ہے تو اسے اپوزیشن کی جماعتوں کا ایک اتحاد بنانا چاہیے اور اس اتحاد کو لے کر احتجاجی سیاست کرنی چاہیے۔ لیکن تحریک انصاف اس وقت ایسے کسی مشورے کو خاطر میں لانے کے لیے تیار نہیں۔ وہ تو مولانا سے ملنے کے لیے تیار نہیں۔ پھر اتحاد کیسے بنے گا۔ دوسری طرف وہی مولانا جو کل تک تحریک انصاف کے موقف کی کھلم کھلا حمایت کر رہے تھے۔

اب ان کے 24 نومبر کے احتجاج کو غلط قرار دے رہے ہیں۔ ان کی رائے میں تحریک انصاف نے کال دیکر غلطی کی ہے۔ یہ کال دینے کا کوئی مناسب وقت نہیں تھا۔ بلکہ کہہ رہے ہیں کہ تحریک انصاف ماضی میں بھی اپنے احتجاج کو پر امن رکھنے میں ناکام رہی ہے۔ ان کی ناکامیاں ہمارے سامنے ہیں۔ اس لیے انھیں اب احتجاج کی کال نہیں دینی چاہیے۔

مولانا اور ان کی جماعت گلہ کر رہی ہے کہ تحریک انصاف نے 24 نومبر کی کال دینے سے پہلے ہم سے کوئی مشاورت ہی نہیں کی۔ جب ہم پارلیمان میں اکٹھے چل رہے ہیں تو باہر بھی اکٹھے چلنے کے لیے مشاورت تو ہونی چاہیے۔ ایسا تو نہیں ہوسکتا کہ آپ خود ہی کال دے دیں اور ہم اس پر لبیک کہہ دیں۔ پہلے مشاورت ہونی چاہیے پھر آگے اکٹھے چلتے ہیں۔ لیکن تحریک انصاف مشاورت تو دور کی بات دعوت دینے کے لیے بھی تیار نہیں۔ یہ سب بہت جلدی ہوا ہے۔

حال ہی میں 24 نومبر کے سلسلہ میں ایک ٹوئٹر سپیس میں تحریک انصاف کے مرکزی ترجمان شیخ وقاص اکرم سے جب مولانا اور ان کی جماعت کے ساتھ چلنے کے حوالے سے سوال ہوا تو انھوں نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے سارے مرحلے میں مولانا نے نہایت کامیابی سے تحریک انصاف کو استعمال کیا ہے۔

مولانا نے آخر میں ترمیم کے حق میں ووٹ بھی ڈال دیا اور ہم سے اپنی امامت میں نمازیں بھی پڑھوالی ہیں۔ اگر ہمیں پتہ ہوتا کہ مولانا نے حکومتی ترمیم کے حق میں ووٹ ڈالنا ہے تو مولانا کے پیچھے نمازیں پڑھنے کی ضرورت ہی کیا تھا۔ اتنے چکر لگانے کی کیا ضرورت تھی۔ آج دیکھیں تو تحریک انصاف کو اس سارے عمل کا سیاسی طور پر نقصان ہوا۔ ہمیں کچھ حاصل نہیں ہوا۔ لیکن مولانا ہم سے بہت کچھ لے گئے۔ شیخ وقاص اکرم کا اس ٹوئٹر سپیس میں موقف تھا کہ مولانا نے ہم سے کلین چٹ لے لی ہے۔

ہم نے کئی سالوں میں ان کے خلاف الزام تراشی کر کے انھیں سیاسی نقصان پہنچایا تھا مولانا نے ہم سے وہ سب ختم کروا لیا ہے۔ وہ کلین چٹ لے گئے ہیں۔ انھوں نے اپنا امیج بہتر کر لیا ہے۔ تحریک انصاف نے مولانا کے حوالے سے سیاسی موقف کو ختم کر دیا ہے۔

☆/☆☆☆☆☆☆

پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی

ادارہ شماریات نے پاکستان کی ساتویں لیکن پہلی ڈیجیٹل مردم شماری کی تفصیلی رپورٹ جاری کر دی ہے۔ اِس رپورٹ کے مطابق پاکستان کی کل آبادی 24 کروڑ 14 لاکھ 90 ہزار ہے جس میں 51.5 فیصد مرد اور 48.5 فیصد خواتین ہیں، اِس طرح پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جہاں دیہی آبادی 61 فیصد جبکہ شہری آبادی 39 فیصد ہے۔ آبادی میں اضافے کی سالانہ شرح 2.55 فیصد ہے جو کہ جنوبی ایشیاء میں سب سے زیادہ ہے اور اگر یہ شرح اِسی طرح برقرار رہی تو 2050ء تک پاکستان کی آبادی دوگنا ہوسکتی ہے۔ ادارہ شماریات کے ترجمان کے مطابق مردم شماری کے تفصیلی نتائج میں جنس، عمر، قومیت، زبان، ازدواجی حیثیت، تعلیم، معذوری، شہری اور دیہی آبادی کا تناسب، ہاؤسنگ، پانی اور حفظانِ صحت کے متعلق قومی، صوبائی، ضلعی اور تحصیل کی سطح کی معلومات شامل ہیں۔

رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 87 لاکھ غیر مسلم آباد ہیں جبکہ غیر ملکیوں کی تعداد 21 لاکھ 20 ہزار ہے جن میں سے 90 فیصد سے زائد افغان شہری ہیں اور سب سے زیادہ افغانی خیبر پختونخوا میں مقیم ہیں۔ مردم شماری کے مطابق کراچی دو کروڑ سے زائد آبادی کے ساتھ ملک کا سب سے بڑا شہر ہے، لاہور ایک کروڑ 30 لاکھ آبادی کے ساتھ دوسرا اور پشاور 47 لاکھ 60 ہزار آبادی کے ساتھ تیسرا بڑا شہر ہے جبکہ صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کی آبادی 25 لاکھ 90 ہزار ہے۔ پاکستان میں خواندگی کی شرح 61 فیصد ہے جس میں 68 فیصد مرد اور 53 فیصد خواتین پڑھی لکھی ہیں، 10 سال یا زائد عمر کے 10 کروڑ 41 لاکھ افراد پڑھنا لکھنا جانتے ہیں، اسلام آباد میں یہ تناسب 84 فیصد ہے، پنجاب میں 66 فیصد، سندھ میں 58 فیصد، خیبر پختونخوا میں 51 فیصد ہے جبکہ بلوچستان 42 فیصد خواندہ آبادی کے ساتھ آخری نمبر پر ہے۔ رپورٹ کے مطابق 36 فیصد بچے سکول نہیں جاتے، پانچ سے 16 سال کی عمر کے دو کروڑ 53 لاکھ 70 ہزار بچے سکولوں سے باہر ہیں، پنجاب میں ایسے بچوں کی تعداد 96 لاکھ، سندھ میں 78 لاکھ، خیبر پختونخوا میں 49 لاکھ ہے اور بلوچستان میں 50 لاکھ سے زائد بچے سکول جانے سے قاصر ہیں۔

وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے مردم شماری کے تفصیلی نتائج کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان ڈیجیٹل مردم شماری کرانے والا جنوبی ایشیاء کا پہلا ملک ہے، انہوں نے آبادی میں اضافے کی شرح خطے میں سب سے زیادہ ہونے پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔

تحریر: سمیر قریشی

واضح رہے کہ پاکستان دنیا کے اُن 30 ممالک میں شامل ہے جن کی شرح نمو سب سے زیادہ ہے۔ آئین کے تحت مردم شماری ہر 10 سال بعد کرانا ہوتی ہے لیکن پاکستان میں کافی مسائل کے بعد 2017ء میں مردم شماری ہوئی تھی جس کے مطابق کل آبادی 20 کروڑ 76 لاکھ 80 ہزار تھی لیکن اُس پر بہت سی سیاسی جماعتوں کو تحفظات تھے لہٰذا مشترکہ مفادات کونسل نے جنوری 2021ء کے اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا تھا کہ آئندہ عام انتخابات نئی مردم شماری کے مطابق ہوں گے، اُنہیں غیر متنازعہ بنانے کے لئے سال 2027ء کی بجائے جلدی مردم شماری کرائی گئی۔ یہ الگ بات کہ گزشتہ برس اگست میں جب وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس میں شماریات کی منظوری دی گئی تھی تو بلوچستان کی سیاسی جماعتوں نے اِسے مسترد کر دیا تھا، اُن کا موقف تھا کہ بلوچستان کی آبادی کو کم بتایا جا رہا ہے، سندھ کی سیاسی جماعتیں بھی مطمئن نہیں تھیں۔ یاد رہے کہ ڈیجیٹل مردم شماری پر کام اپریل 2022ء میں شروع کر دیا گیا تھا، اِس کے لئے ایک لاکھ 22 ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو تربیت دی گئی جبکہ مہم کا باقاعدہ آغاز یکم مارچ 2023ء کو ہوا جس میں کاغذ اور قلم کی بجائے ٹیبلیٹس اور آن لائن ایپلیکیشنوں کو استعمال کیا گیا۔ اِس کے نتائج گزشتہ برس 30 اپریل کو جاری ہونا تھے لیکن قریباً ایک سال اور تین ماہ کی تاخیر سے یہ نتائج جمعرات کو جاری کیے گئے۔

اِس بات میں کوئی دو آراء نہیں کہ حالیہ مردم شماری کے اعداد و شمار لمحہ فکریہ ہیں اور اِس سلسلے میں فوری طور پر اقدامات کرنے کی بھی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ یہی ہے کہ جس تیزی سے آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے اُسی حساب سے وسائل میں بھی کمی آتی جا رہی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی اپنے ساتھ بہت سارے دوسرے مسائل بھی لاتی ہے جس کا عام آدمی کو ادراک تک نہیں ہوتا۔ اُس کے نزدیک خاندان کتنا بڑا یا چھوٹا ہوگا یہ اُس کا ذاتی فیصلہ ہونا چاہئے، یہ بات درست ہے لیکن اِس کے بحیثیت مجموعی ملک پر بہت گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ بڑھتی آبادی قدرتی وسائل پر دباؤ ڈالتی ہے جس سے سماجی اور اقتصادی مسائل جنم لیتے ہیں، ماحولیاتی نظام متاثر ہوتا ہے۔ پاکستان کے گنجان آباد شہر آج دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست ہیں۔ لوگوں کو رہائشی سہولیات کی فراہمی کے لئے زرخیز زمینوں کو ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں تبدیل کیا جا رہا ہے، درخت کاٹے جا رہے ہیں، آبی وسائل میں کمی ہو رہی ہے، فضائی آلودگی اور گلوبل وارمنگ بڑھ رہی ہے۔ بیروزگاری اور غربت بھی بڑھتی جا رہی ہے، ابھی بھی عوام کے لئے بنیادی سہولیات جیسے کہ صحت، تعلیم اور انفراسٹرکچر کی فراہمی مشکل ہے۔ آبادی اگر اِسی رفتار سے بڑھتی رہی تو مشکلات شدید تر ہو جائیں گی۔ پاکستان میں 50ء کی دہائی میں خاندانی منصوبہ بندی کا آغاز کیا گیا، محکمہ بہبود آبادی اُسی دور میں وجود میں آیا، ”دو بچے خوشحال گھرانہ“ کا نعرہ بلند کیا گیا لیکن اِس پر مختلف حلقوں کی جانب سے اِتنی تنقید ہوئی کہ پروگرام کو لپیٹنا پڑ گیا، پھر اُس کے نعرے کو تبدیل کر کے ”کم بچے خوشحال گھرانہ“ کر دیا گیا لیکن ابھی بھی بہت سے لوگوں کو یہ بات کچھ خاص پسند نہیں۔ محکمہ خاندانی منصوبہ بندی جانفشانی سے کام کر رہا ہے، ڈیجیٹل میڈیا کو استعمال کر رہا ہے، نت نئے طریقوں سے عوام میں آگاہی پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے لیکن ابھی بھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ ہمسایہ ملک بھارت نے بروقت اِس طرف توجہ دی اور اب اس کی آبادی بڑھنے کی شرح 0.98 فیصد پر آ چکی ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ملک میں غربت زیادہ ہے اور عام آدمی کے نزدیک اُس کے بچے کمائی کا ذریعہ ہوتے ہیں لیکن والدین اُن کو بنیادی سہولیات دے سکتے ہیں اور نہ ہی دینے پر زیادہ غور کرتے ہیں۔ پاکستان میں یہ خاصا حساس موضوع ہے، اِس میں علماء اور مذہبی رہنماؤں کو شامل کیا جانا چاہئے جبکہ میڈیا بھی اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ اِس مسئلے کا مؤثر حل نکالنے کے لئے جامع اور مربوط اقدامات کی ضرورت ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی، تعلیم، ماحولیاتی تحفظ اور اقتصادی ترقی کے ذریعے اِس چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ حکومت اور عوام کو مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ ایک متوازن اور پائیدار مستقبل کی طرف قدم بڑھایا جا سکے۔

غیر سیاسی خواتین

تحریک انصاف کے کارکنان وراہنما اس پر نازاں تھے کہ "ان کے بانی چیئرمین سیاست میں موروثیت نہیں اہلیت کے علمبردار ہیں"۔ مگر ان کا یہ دعوی بھی باقی دعوں کی طرح زمین بوس ہوگیا۔ کوئی سیاسی کارکن، سیاست میں موروثیت کی مخالفت آنکھیں بند کر کے نہیں کرسکتا کیونکہ پارٹی قائد کا بیٹا، بیٹی، بھائی یا رشتے دار ہونا جرم نہیں اگر وہ جانشین بننے کا اہل ہو تو پارٹی کے لیے وہی سب سے بہتر آپشن ہوتا ہے، پارٹی چاہے کوئی بھی ہو، پارٹی ورکرز کو سب سے زیادہ قابل قبول اور کارکنوں کو جوڑنے والا قائد کا خونی رشتہ ہی ہوتا ہے۔

مسلم لیگیوں کے لیے مریم نواز، جیالوں کے لیے بلاول بھٹوزرداری، جے یو آئی کے ورکرز کے لیے مولانا کا بھائی یا فرزند اور تحریک انصاف کے ورکرز کے لیے بانی پی ٹی آئی کے گھر کا فرد ہی بہترین آپشن ہوگا۔ ہم تو اپنے کالموں میں کئی بار اس خدشے کا اظہار کر چکے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ بانی پی ٹی آئی کے بیٹوں اور گولڈ اسمتھ کے نواسوں قاسم اور سلیمان کو لاہور ایئر پورٹ پر اتار دیا جائے تو قوم یوتھ کندھوں پر بیٹھا کر سیدھا انھیں مینار پاکستان لے جائیں گے جن میں ایک اسلامک ہسٹری میں ماسٹر کر چکا ہے، وہ جب بدر وحنین، ریاست مدینہ اور فتح مکہ کی کہانیاں سنائے گا تو خان کے سحر میں گرفتار ان کے مریدین جھوم اٹھیں گے۔

ذرا سوچئے خدانخواستہ اگر گولڈ اسمتھ کا نواسہ ایٹمی قوت پاکستان کا وزیراعظم یا صدر بن جائے گا، تو کیا ہوگا؟ کارکنان تو ہر پارٹی کے اپنے قائد کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں مگر تحریک انصاف کے ورکرز تو خان پر ایسے عاشق ہیں کہ بغیر سوچے ان کے بیٹے کو بھی اپنا مرشد بنا لیں گے۔ رہی بات سیاسی راہنماں کی تو ہر پارٹی میں قائدانہ صلاحیتوں کے دعویدار راہنماں کا وہم ہوتا ہے کہ وہ قائد کے خونی رشتوں سے زیادہ اہل اور حقدار ہے پارٹی قیادت کے۔

تحریک انصاف کے سیاسی آسمان پر غیر سیاسی خواتین کے ظہور کے ساتھ "موروثیت نہیں اہلیت" کا دعوی بھی زمین بوس ہوگیا ہے۔ خود پرست بانی پی ٹی آئی کسی پر اعتماد نہیں کرتے وہ ایک ایک کر کے صف اول کے تمام راہنماں کو کبھی خود اور کبھی ایک دوسرے کے ہاتھوں ذلیل کر کے کارکنان کے نظروں سے گراتے رہتے ہیں تاکہ کارکنان بھی نااہل سمجھ کر خان کے اشاروں پر ناچتے رہیں۔

تمام راہنماں کو نااہل قرار دے کر بانی چیئرمین نے "غیر

تحریر: ناصر سلیمانی

سیاسی اہلیہ اور بہنوں " کو تحریک انصاف کی سیاسی قیادت کو "غیر سیاسی سیاست" سکھانے کے لیے میدان میں اتار دیا ہے۔ خان مانتے نہیں مگر تحریک انصاف کے تمام سیاسی فیصلے پہلے بھی غیر سیاسی بشری بی بی ہی کیا کرتی تھی۔ بشری بی بی نے صف اول کے قائدین کو آڑے ہاتھوں لے لیا، بشری بی بی اپنے ملازموں اور ماتحتوں کے ساتھ کس لب ولہجے میں بات کرتی ہیں اس کی ایک جھلک ان کی ایک آڈیو لیک میں پوری قوم سن چکی ہے، اور پہلی باضابطہ سیاسی میٹنگ کی آڈیو لیک نے بھی تہلکہ مچا دیا۔ جس لہجہ میں پارٹی راہنماں کی وہ کلاس لی، الامان الحفیظ، پہلے تو اجلاس سے پس پردہ مخاطب رہی مگر تسلی نہ ہوئی تو میٹنگ میں بیٹھ کر وزیراعلی خیبر پختونخوا، قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر، سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر اور پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے خوب لتے لیے، واقفان حال نے بتایا ہے کہ ان چاروں معزز راہنماں کی ایسی عزت افزائی کی گئی کہ وہ انھیں ہمیشہ یاد رہے گی۔ تحریک انصاف کا ہر راہنما پریشان ہے کہ اگر غیر سیاسی بی بی کا انداز سیاست یہ ہے تو جب یہ باقاعدہ سیاسی بن کر قیادت سنبھالے گی تو کیا حشر کریں گی؟

24 نومبر کے احتجاج کے حوالے سے اس اجلاس میں کم و بیش ساڑھے چار سو ایم این ایز، ایم پی ایز، سینیٹرز، صوبائی اور قومی قائدین، گزشتہ اور آئندہ الیکشن میں ٹکٹ کے خواہشمند حضرات اور وزیراعلی سمیت خیبر پختونخوا حکومت کی کابینہ کے اراکین موجود تھے۔ غیر سیاسی بشری بی بی نے سب سے مخاطب ہو کر کہا کہ اب پارٹی میں بزدلوں کی کوئی گنجائش نہیں، بلا تفریق واستثنی تمام ذمے داران کو مل کر احتجاج کامیاب بنانا ہے، ہر صوبائی حلقے سے کم از کم 5 ہزار اور ہر قومی اسمبلی کے حلقے سے کم از کم 10 ہزار افراد لانا، گاڑیوں میں موجود کارکنان کی وڈیو بنانا، کھانے پینے اور دھرنے کے دوران رہنے کے تمام اخراجات برداشت کرنا حلقے کے لیڈران کی ذمے داری ہوگی۔ انھوں نے سب کو متنبہ کیا کہ کوئی گرفتار ہوا تو اسے پارٹی سے نکالا جائے گا اور آئندہ کے ٹکٹ کا فیصلہ اس احتجاج میں پرفارمنس کی بنیاد پر ہوگا۔

جس لہجے میں بی بی مخاطب تھیں ایسا آمرانہ لب ولہجہ تو آج تک بانی چیئرمین نے بھی اختیار نہیں کیا۔ جس کی وجہ سے تحریک انصاف کے ذمے داران ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہیں کہ اگر غیر سیاسی مرشداعلی کے جلال کا یہ حال ہے تو باقاعدہ سیاسی قائدہ بننے کے بعد کیا حال ہوگا اور کس طرح ان کے ساتھ چلیں گے؟ خان کے ساتھ وفا کو اللہ رب العزت اور پاکستان کی وفاداری سے تشبیہ دے کر ہر حد پار کردی گئی ہے اور اگلے دن قائدین نے علی امین گنڈاپور کی موجودگی میں "سبیلنا سبیلنا الجہاد الجہاد" کے نعرے لگا کر خطرے کی گھنٹی بجادی، پتہ نہیں اس جہاد کا فتوی بشری بی بی نے خود دیا ہے یا کسی انصافی مفتی سے لیا گیا؟

غیر سیاسی بشری بی بی نے یوتھ کو متحرک کرنے کے لیے انصاف اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے ذمے داران سے بھی غیر سیاسی میٹنگ کے علاوہ مختلف شہروں کے وفود سے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کیا۔ دوسری طرف خان کی غیر سیاسی بہنوں نے ان کے اسپوک پرسنز کے طور پر تحریک انصاف کی قیادت کو پریس کانفرنسز میں لتاڑنا اور ہدایات دینا شروع کردی ہیں۔ پاکستانی سیاست میں فاطمہ جناح سے لے کر کلثوم نواز تک خواتین قیادت کی مثالیں دی جاسکتی ہیں، مگر پختون معاشرے میں عورت کی بالادستی معیوب سمجھی جاتی ہے۔ رن مرید مرد کو بزدل سمجھا جاتا ہے۔ 70 کی دہائی میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مسلم لیگ اور عوامی نیشنل پارٹی کی سیاسی دشمنی ہر حد پار کر چکی تھی۔

ولی خان کی گرفتاری کے بعد جب ان کی اہلیہ بیگم نسیم ولی خان مرحومہ نے عملی سیاست میں آکر پارٹی قیادت سنبھالی تو اس وقت مسلم لیگ کے صوبائی صدر خان عبد القیوم خان مرحوم کے یہ الفاظ اخبارات کی شہ سرخیاں بنے کہ عوامی نیشنل پارٹی کو ٹھکانے لگانے کے لیے یہ ایک فیصلہ کافی ہے

سیاسی بے وفائیاں

1988 میں جنرل ضیا الحق کے طویل مارشل لا کے بعد 1997 تک نو سالوں میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ)ن(کی دو دو حکومتیں قائم ہوئی تھیں ملک میں مارشل لا نہیں تھا اور قومی سطح پر بے نظیر بھٹو اور میاں نواز شریف دو قومی رہنماؤں کی طرح ابھرے تھے۔ 1988 میں وفاق میں بے نظیر بھٹو وزیراعظم اور نواز شریف منتخب وزیراعلی پنجاب بنے تھے اور دونوں میں محاذ آرائی کا آغاز ہوا تھا اور غلام اسحاق خان صدر منتخب ہوئے تھے اور جنرل ضیا الحق کے باعث دونوں میں بہت قربت تھی۔

غلام اسحاق خان نے 58/2-B کے حامل اختیار کے تحت پہلے بے نظیر اور بعد میں نواز شریف کی حکومتیں برطرف کی تھیں اور مداخلت کے باعث صدر مملکت غلام اسحاق اور وزیراعظم نواز شریف کو اپنی ضد اور من مانیوں کے باعث گھر جانا پڑا تھا۔ اس وقت نواز شریف کا ڈکٹیشن نہیں لوں گا کا جملہ بڑا مشہور ہوا تھا اور نئے الیکشن میں بے نظیر دوبارہ اور بعد میں نواز شریف دوسری بار وزیراعظم بنے تھے اور 1997 کے انتخابات میں انھیں دو تہائی اکثریت حاصل ہوئی تھی اور انھی کے دور میں ملک ایٹمی طاقت بنا تھا جس سے انھیں مقبولیت ملی تھی اور ساتھ ہی انھوں نے کھل کر کھیلنا شروع کر دیا کیونکہ صدر کے ہاتھوں برطرفی کا انھیں خطرہ نہیں تھا اور وہ کابینہ کو اہمیت دیتے تھے

تحریر: حافظ محمد قیصر

نہ ارکان قومی اسمبلی کو۔ پنجاب میں شہباز شریف مضبوط وزیراعلی اور محدود اختیارات کے مالک محمد رفیق تارڑ صدر مملکت تھے اور بے نظیر بھٹو اپوزیشن لیڈر تھیں۔

میاں نواز شریف بہت زیادہ پراعتماد تھے اور اپنی پسندیدہ کابینہ سے مرضی کے فیصلے کراتے تھے اور ارکان اسمبلی سے ملتے تھے نہ سینیٹ وقومی اسمبلی کو اہمیت دیتے تھے، نہ پارلیمنٹ میں آتے تھے۔ سارے فیصلے بالا بالا ہی کر لیے جاتے تھے اور جس جنرل پرویز مشرف کو انھوں نے نیچے سے اوپر لا کر آرمی چیف بنایا تھا وہ بھی بعد میں من مانی کرنے لگے تھے۔

سیاچن کے باعث دونوں میں اختلافات بڑھے تھے اور 1999 میں جب وزیراعظم نواز شریف نے جنرل پرویز مشرف کی جگہ مرضی کا آرمی چیف لگانا چاہا تو ناکام رہے اور جنرل پرویز نے انھیں برطرف کر دیا تھا اور وہ وزیراعظم سے ناراض تھے۔ نواز شریف کی برطرفی پر بے نظیر بھٹو بھی خوش تھیں اور نواز شریف سے گجرات کے چوہدری، سندھ کے پیر پگارا، پنجاب سے حامد ناصر چٹھہ، شیخ رشید و دیگر)ن(لیگی رہنما بھی ناراض تھے جنھوں نے اس برے وقت میں نواز شریف کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ شریف فیملی کے مطابق جنرل پرویز مشرف نے انھیں جلا وطن کر کے ان کی صنعتوں کو شدید نقصان پہنچایا تھا۔

ان کی جلاوطنی کے دوران مخدوم جاوید ہاشمی مسلم لیگ)ن(کے قائم مقام صدر بنائے گئے تھے اور انھوں نے طویل قید کاٹی اور مصائب جھیلے تھے۔ 2008 میں جلاوطنی کے بعد شریف فیملی وطن واپس آئی تو ان کے قریبی ساتھی ان سے ناراض ہو کر)ن(لیگ سے دور ہو چکے تھے کیونکہ)ن(لیگ نے بعد میں جاوید ہاشمی و دیگر)ن(لیگیوں کو ناراض اور نظر انداز کیا تھا۔

پاکستان کو درپیش مسائل

وزیراعظم شہباز شریف نے مختلف عدالتوں اور ٹربیونلز میں زیرالتواء ٹیکس مقدمات جلد نمٹانے کیلئے اپیلٹ ٹربیونلز کی تعداد 100 تک بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اکتوبر 2024ء تک ہر ٹیکس دہندہ کیلئے سنگل سیلز ٹیکس سسٹم لاگو کیا جائے۔ گزشتہ روز ایف بی آر ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ایف بیآر ڈیجیٹلائزیشن کے مثبت نتائج سامنے ا?نا شروع ہوگئے ہیں اور گزشتہ چار ماہ میں ٹیکس ری فنڈ میں ا?ٹھ سو ارب روپے کا فراڈ پکڑا گیا ہے۔ انہوں نے ایف بی ا?ر حکام کو ہدایت کی کہ 49 لاکھ امیروں سے ٹیکس وصول کیا جائے اور غریبوں پر اضافی بوجھ نہ ڈالا جائے۔ دولت مندوں کو ترجیحاً ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ انہوں نے ٹیکس ری فنڈ نظام مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ ادائیگی میں تاخیر قابل قبول نہیں۔ وزیراعظم کے بقول عدالتوں اور ٹربیونلز میں 32 کھرب روپے کی وصولی کے 83 ہزار 579 مقدمات زیرالتواء ہیں۔ ایف بی ا?ر میں اصلاحات سے محصولات میں اضافہ ممکن ہے تاہم ایف بی ا?ر کے کئی منصوبوں میں غیرضروری تاخیر ہو رہی ہے جو افسوسناک ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ٹیکس اپیلٹ ٹربیونلز کی کارکردگی جانچنے کیلئے ڈیش بورڈ تیار کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں چیئرمین ایف بی ا?ر کی جانب سے ٹیکس وصولی کے حوالے سے پیش کئے گئے بعض عذرات کا سخت نوٹس لیا تھا اور باور کرایا تھا کہ وہ استعفیٰ دے دیں گے مگر قومی مفاد سے متعلق مفادات پر کوئی عذر قبول نہیں کرینگے۔ انہوں نے اصلاح احوال کیلئے کڑوے فیصلوں پر کسی قسم کی مفاہمت نہ کرنے کا بھی واضح عندیہ دیا تھا۔

یہ حقیقت ہے کہ بااختیار حکمران اشرافیہ طبقات نے قومی خزانے اور وسائل کی لوٹ مار میں کبھی کوئی کسر نہیں چھوڑی جو ٹیکس چھپانے‘ چوری کرنے اور ٹیکس ادا نہ کرنے کیلئے بھی پوری دیدہ دلیری کے ساتھ اپنے مناصب اور اختیارات بروئے کار لاتے ہیں اور عوام کیلئے ہر قسم کے ناروا ٹیکسوں کے راستے نکالنے کے فن میں بھی یکتا ہیں۔ عوام پر براہ راست اور بالواسطہ ٹیکسوں کا بوجھ ڈال کر انہیں ٹیکس ادا نہ کرنے کا بھی مطعون ٹھہرایا جاتا ہے جبکہ وصول شدہ ٹیکسز کے قومی خزانے میں جانے سے پہلے ہی نقب لگا کر ان رقوم میں غبن کرنے میں بھی کوئی عار محسوس نہیں کی جاتی۔ یہی وہ طبقات ہیں جو اپنے مناصب کی بنیاد پر لاکھوں روپے کی تنخواہوں کے علاوہ مختلف الاؤنسز اور بجلی‘ پٹرول‘ گیس کی سہولت بھی مفت اور وافر مقدار میں وصول کرتے ہیں۔ پھر بھی انکے حرص اور طمع میں کوئی کمی نہیں ا?تی اور وہ اپنے ذمہ واجب الادا ٹیکسوں کی ادائیگی سے بھی راہ فرار اختیار کئے رکھتے ہیں اور جن کا ایف بی ا?ر کے ٹیکس کولیکشن سسٹم سے تعلق ہے وہ وصول شدہ ٹیکسوں میں گھپلے سے بھی گریز نہیں کرتے جس کی نشان دہی خود وزیراعظم کی جانب سے کی جا چکی ہے۔

یہ امر واقع ہے کہ اگر وصول کی گئی ٹیکسوں کی ساری رقوم براہ راست قومی خزانے میں جائیں اور سارے مراعات یافتہ اشرافیہ طبقات کو صحیح معنوں میں ٹیکس نیٹ میں لا کر ان سے ٹیکسوں کی وصولی یقینی بنائی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ ا?ئی ایم ایف کا دست نگر ہوئے بغیر ہماری معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی نہ ہو سکے اور عوام خوشحالی سے ہمکنار نہ ہوں۔ یقیناً ہمارے سسٹم میں ہی خرابیاں موجود ہیں جبکہ سسٹم کی اصلاح میں بھی یہی مراعات یافتہ حکمران اشرافیہ طبقات ہی ا?ڑے ا?تے ہیں جن کے پاس اصلاحات کیلئے کوئی قدم نہ اٹھانے کے عذر اور جواز پہلے ہی گھڑے گھڑائے موجود ہوتے ہیں۔ اس صورتحال میں اصل زد تو حکومتی گورننس پر پڑتی ہے جسے زمینی خداؤں کی موجودگی میں ٹریک پر رکھنا حکومت وقت کیلئے بہت بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ بالخصوص جب ملک میں دہشت گردی کی پیدا کردہ بدامنی‘ باہم دست و گریباں سیاست دانوں کے پیدہ کردہ سیاسی عدم استحکام والے حالات اور ملک کی معیشت کو لاحق ڈیفالٹ والے خطرات موجود ہوں اور عوام مہنگائی کے ناروا بوجھ تلے دبے ہوں تو حکومتی گورننس کیلئے عوام کو ریلیف دیکر مطمئن کرنا اور سیاسی و اقتصادی استحکام یقینی بنانا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔

ہمارے ا?ج کے اتحادی حکمرانوں کو یقیناً یہی بڑے چیلنجز درپیش ہیں جبکہ مہنگائی‘ بجلی‘ گیس‘ پٹرول‘ ادویات کے نرخوں میں ا?ئے روز کے شتر بے مہار اضافے‘ بجٹ میں لاگو ہونے والے نئے ناروا ٹیکسوں کے علاوہ ملک کے امن وامان کی صورتحال سے بھی عوام عاجز ا?ئے ہوئے ہیں اور تہیہ طوفان کئے بیٹھے ہیں۔ اس کے علاوہ اپوزیشن بھی ملکی اور قومی مفادات کو تج کر حکومت کیخلاف حشر نشر والا طوفان اٹھانے کا عندیہ دے رہی ہے تو غیر یقینی اور عدم استحکام کی اس فضا میں ملک کے اندرونی و بیرونی دشمن عناصر کیلئے بھی پاکستان کے بارے میں رائے عامہ کو متاثر کرنے والے عالمی اور علاقائی اداروں کو اپنے مقاصد کیلئے استعمال کرنے کا ا?سان راستہ نکل ا?تا ہے جیسا کہ دو روز قبل عالمی ریٹنگ ایجنسی ”فچ“ کی رپورٹ کے ذریعے پاکستان میں سیاسی عدم استحکام کو بڑھاوا دینے کا ”کارنامہ“ سرانجام دیا گیا ہے۔

اس فضا میں جبکہ بجلی کے جاری بحران اور اسکے نرخوں میں انتہاء درجے کے اضافے کا ذمہ دار نجی تھرمل پاور کمپنیوں کے ساتھ طے پانے والے سابقہ ادوار کے معاہدوں کو ٹھہرایا جا رہا ہے جو ماہرین اقتصادیات کے پیش کردہ اعداد و شمار کی بنیاد پر درست بھی ہے اور نجی پاور کمپنیوں سے یہ معاہدے کرنے والے سابقہ حکمران ا?ج بھی اس پر کسی قسم کی شرمندگی محسوس نہیں کرتے، توانائی کے سابق وزیر گوہر اعجاز نے یہ انکشاف کر کے قومی خزانے کی لوٹ مار کی صورتحال مزید گھمبیر بنا دی ہے کہ صرف ا?ئی پی پیز ہی نہیں‘ سرکاری بجلی گھر بھی کھربوں روپے کے کپیسٹی چارجز وصول کر رہے ہیں۔ گویا بجلی کی پیداوار نجی پاور کمپنیوں کی طرح سرکاری بجلی گھروں کی بھی ایک دھیلے کی بھی نہیں مگر قومی خزانے سے انہیں کھربوں روپے کی ادائیگی ہو رہی ہے اور اسکی سزا بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور ا?ئے روز بڑھنے والے بلوں کی صورت میں راندہ درگاہ عوام ہی کو بھگتنا پڑ رہی ہے۔ یہی وہ دھن دھونس والا کلچر ہے جو ملک کی معیشت و معاشرت کو تباہی کے دہانے تک پہنچا رہا ہے جس میں اصلاح احوال کی کوشش وزیراعظم شہباز شریف کیلئے یقیناً بہت کٹھن مرحلہ ہے۔ وہ اس معاملہ میں کسی دباؤ میں ا?ئے بغیر کڑوے فیصلے کر کے انہیں عملی جامہ پہنانے میں کامیاب ہوگئے تو یقیناً اس سے ملک میں سیاسی استحکام اور عوام کی خوشحالی کا خواب بھی شرمندہ? تعبیر ہو جائیگا۔ انہیں اس عزم سے ہٹانے کیلئے ہی ”فچ“ کے ذریعے موجودہ حکومت کے اٹھارہ ماہ بعد ختم ہونے اور ٹیکنوکریٹس کے اقتدار میں ا?نے کے ”فیلر“ چھوڑے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ٹیکس سسٹم میں اصلاح احوال کا عزم باندھا ہے تو وہ ثابت قدمی کے ساتھ اس پر قائم رہیں ورنہ سیاسی اور اقتصادی عدم استحکام ہمارا مقدر ہی بنا رہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

مفاہمت کی سیاست

قومی سیاست مفاہمت کے مقابلے میں سیاسی دشمنی اور مختلف نوعیت کے تنازعات میں گھری نظر آتی ہے۔ اگرچہ تمام فریقین یہ ہی دعوی کرتے ہیں کہ سیاسی، سماجی، معاشی اور سیکورٹی کے استحکام کے لیے ہمیں جمہوری بنیاد پر ایک بڑی سیاسی مفاہمت کی ضرورت ہے۔

یہ مفاہمت سیاست دانوں، سیاسی اور مختلف گروپوں کے درمیان درکار ہے۔ اگر واقعی بطور ریاست، حکومت اور معاشرہ ہم نے اپنے داخلی و خارجی چیلنجز سے نمٹنا ہے تو اس کا علاج سیاسی تنہائی سے ممکن نہیں ہوگا۔ مفاہمت اور آگے کی طرف بڑھنے کا راستہ تلاش کرنا ہی ہماری ریاستی ضرورت ہے۔

پی ٹی آئی اور حکومت کے درمیان اختلافات نمایاں ہیں جنھوں نے سیاسی دشمنی کی شکل اختیار کی ہوئی ہے۔ اس سیاسی دشمنی نے ایک دوسرے کے ساتھ مکالمہ کے امکانات کو محدود کیا ہوا ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ سب ہی ایک دوسرے پر سیاسی سبقت اور بالادستی چاہتے ہیں اور خواہش رکھتے ہیں کہ ان کے سیاسی مخالفین شکست کو تسلیم کرلیں یا خود کو سرنڈر کر دیں۔

یہاں جو مفاہمت کی بات چیت ہوتی بھی ہے تو اس میں جارحانہ رویہ اختیار کیا جاتا ہے جو مفاہمت کو پس پشت ڈالنے کا سبب بنتا ہے۔ مفاہمت کے عمل میں اگر ہم نے قومی معاملات کی بنیاد پر نہیں سوچنا اور محض ذاتیات پر مبنی مسائل کو ہی پسند و ناپسند کی بنیاد پر ہی مفاہمتی گاڑی کو چلانا ہے تو اس کے نتائج نہ تو ماضی میں کسی کو اچھے ملے اور نہ ہی اب مل سکیں گے۔

پی ٹی آئی کے لیے بہت سے سیاسی اور غیر سیاسی لوگوں نے درمیانی راستہ نکالنے کی کوشش کی اور کئی مختلف نوعیت کی تجاویز بھی دیں مگر پی ٹی آئی کے جارحانہ رویے کے باعث نتیجہ بے سود رہا۔ حکومت کا اپنا رویہ بھی مفاہمت کے خلاف ہے۔ کیونکہ حکومت سمجھتی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ مفاہمت ہونے کی صورت میں پی ٹی آئی کو فائدہ اور حکومت کو نقصان ہوگا۔ حکومت کبھی نہیں چاہے گی کہ اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی میں مفاہمت ہو۔ پی ٹی آئی کو بھی اپنے جارحانہ رویہ پر نظر ثانی کرنا ہوگی۔

پی ٹی آئی نے 24 نومبر کی کال پر جو چار نکاتی ایجنڈا جاری کیا ہے اس میں 26 ویں ترمیم کا خاتمہ، آئین کی بحالی اور قانون کی حکمرانی، عوامی مینڈیٹ کی واپسی اور تمام

تحریر: سلمان عابد

سیاسی کارکنوں کی رہائی سمیت ان پر تمام مقدمات کا خاتمہ ہے۔ بانی پی ٹی آئی سمجھتے ہیں کہ طاقت کا مرکز حکومت نہیں بلکہ اسٹیبلشمنٹ ہے اور اسی بنیاد پر وہ جب بھی مذاکرات یا مفاہمت کی بات کرتے ہیں تو ان کا واضح اشارہ اسٹیبلشمنٹ کی طرف ہی ہوتا ہے۔

حکومت یہ سمجھتی ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے تناظر میں چند بیرون ممالک میں ان کی حمایت میں مختلف نوعیت کی قراردادیں حکومت پر دباو بڑھانے کے لیے ایک ہتھکنڈے کے طور پر استعمال کی جا رہی ہیں۔ اس دباو میں انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور عالمی ڈیجیٹل میڈیا استعمال ہو رہا ہے۔ جب کہ ہماری داخلی سیاست میں جو بڑا چیلنج ہے وہ بھی بانی پی ٹی آئی ہی بنے ہوئے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی کے خلاف مقدمات موجود ہیں۔ ان کی رہائی کب ہوتی ہے ابھی کچھ کہنا ممکن نہیں۔ ہمیں اپنے داخلی معاملات کا علاج داخلی محاذ پر حل کر لینا چاہیے۔ اچھی بات یہ ہے کہ ایک دفعہ پھر بانی پی ٹی آئی کو بنیاد بنا کر ان کی جماعت کے ساتھی اسٹیبلشمنٹ سے رابطے میں ہیں ان میں کے پی کے وزیراعلی علی امین گنڈاپور اور پارٹی کے قائم مقام سربراہ بیرسٹر گوہر شامل ہیں اور اس کی ایک جھلک ہمیں نیشنل ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں علی امین گنڈاپور کی جانب سے بانی پی ٹی آئی اور پی ٹی آئی کا مقدمہ پیش کرنا ظاہر کرتا ہے کہ کچھ نہ کچھ تو پس پردہ میں چل رہا ہے۔

پی ٹی آئی میں بڑا گروہ یہ چاہتا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی میں جو بھی انتظامی نوعیت کی رکاوٹیں ہیں وہ ختم ہوں اور بانی کی رہائی ممکن ہوتا کہ پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان فاصلے کم ہوں۔ کچھ لوگوں کے بقول یہ تجویز کہ بانی پی ٹی آئی غیر مشروط طور پر 9 مئی کے واقعات پر معافی مانگ لیں مگر بانی پی ٹی آئی کے بقول جب تک اس پر عدالتی کمیشن نہیں بنتا اور یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ہم ان واقعات کے ذمے دار ہیں معافی ممکن نہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ 24 نومبر کی کال سے پہلے مفاہمت کے نام پر کچھ ہوتا ہے یا یہ مفاہمت کی گاڑی کو ایسے ہی روک روک کر چلایا جائے گا۔

اس سے پہلے یہ نقطہ بھی واضح ہو جائے گا کہ مفاہمت اور مزاحمت کے نام پر کس عمل نے آگے بڑھنا ہے۔ یقینی طور پر مفاہمت نہیں ہوتی اور اسلام آباد کی طرف پی ٹی آئی کی سیاسی چڑھائی ہوتی ہے تو اس کے نتیجہ میں ایک اور بڑا ٹکراو ہوگا اور سیاسی تلخیوں سمیت سیاسی ڈیڈ لاک میں اور زیادہ گہرائی پیدا ہوگی۔ پی ٹی آئی کا امتحان ہے کہ وہ اس معرکے میں سیاسی طور پر کیسے کامیاب ہوتی ہے اور حکومت کا چیلنج یہ ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی راستہ کیسے روکا جائے۔

عمومی طور پر اگر واقعی بانی پی ٹی آئی اور حکومت کے درمیان مفاہمت نے آگے بڑھنا ہے تو مفاہمت کے ماحول میں بہتری پیدا کرنے کے لیے اعتماد سازی کی بحالی یقینی بنائی جائے۔ طاقت کے انداز میں یا جارحانہ رویہ کی حکمت عملی کو ہی بنیاد بنا کر آگے بڑھنا ہے تو پھر مفاہمت کو کسی بھی سطح پر پذیرائی نہیں مل سکے گی۔ مفاہمت کے لیے سب کی طرف سے تحمل، بردباری، سیاسی ہم آہنگی کو اختیار کرنے اور سیاسی اختلافات کو ختم کرنے کی امنگ ہونی چاہیے۔ کیونکہ پاکستان جن چیلنجز کا شکار ہے۔

اس کا واحد علاج ہی مفاہمت کی سیاست سمیت آئین وقانون کی حکمرانی، عوامی مینڈیٹ کی پزیرائی، عوامی مفادات اور سیاسی وجمہوری راستے کے ساتھ ہی جڑا ہوا ہے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہوگا جب سب کردار انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنے اپنے آئینی، قانونی، سیاسی، جمہوری اور انتظامی دائرہ کار میں رہ کر کام کریں۔ ایک دوسرے کے دائرے کار میں مداخلت کی سوچ یا عمل کی بنیاد پر سوائے ٹکراو کے کچھ نہیں ملے گا۔ اس لیے ہماری ترجیح صرف اور صرف حقیقی مفاہمت سے جڑی ہونی چاہیے۔

کلوپیٹرا، مظلوم ملکہ

عربی میں تخصیص کے لیے ال کا اضافہ کیا جاتا ہے جسے مصری را کو الرا، انگریزی میں دی لگایا جاتا ہے، دی گارڈ، دی کنگ، دی پرنس وغیرہ۔ چنانچہ مصر میں بھی حکمران کا مستقل خطاب تھا حالانکہ پہلے فرعون نارمر سے لے کلیوپیٹرا تک فراعین کے جو تیس حکمران گزرے ہیں ان کے ہر حکمران کا یہی خطاب تھا حالانکہ ان میں عربی نژاد، افریقی نژاد، آریائی نژاد حکمران بھی تھے یہاں تک کہ سکندر اور کورش ہمناشی کے بیٹے کی وجہ سے مصر کو فتح کیا تو ان کو بھی فا۔ را یا فرعون کا خطاب مصری پروہتوں نے دیا تھا، جب کہ بعد میں کلیوپیٹرا کی نسبت جولیس سیزر اور الطونی کو بھی ملا تھا لیکن رومی ایمپائر کا اکٹوین باوجود کوشش کے محروم رہا بلکہ کلیوپیٹرا نے خودکشی کر کے اس کی اس آرزو کو خاک میں ملا دیا تھا۔

سکندر نے جب اپنی پاگل ماں اولمپیا کی خواہشات کے مطابق مقدونیہ سے جہلم تک اک خلق خدا کو خاک وخون میں غلطاں کر کے ایک وسیع وعریض زمین حاصل کی اور پھر حسب معمول خالی ہاتھ دنیا سے چلا گیا تو اس مفتوحہ سرزمین کو اس کے جرنیلوں نے آپس میں بانٹ لیا، باقی فتوحات تو آہستہ آہستہ نکل گئیں لیکن مصر کی سلطنت جس جرنیل بوٹالمی معرب بطلیوس کے حصے میں آئی وہ بہت ہی لائق وفائق اور عالم وفاضل شخص تھا چنانچہ اس نے مصر کو نہ صرف عظمت رفتہ دلائی بلکہ اپنے دارالحکومت سکندریہ کو ایک بین الاقوامی علمی شہر بھی بنا دیا، یونان کے بعد یہ دوسرا سب سے بڑا علمی مرکز بن گیا تھا اور فراعین کے تسلسل میں اس خاندان کو تیسواں خاندان قرار دیا گیا، کلیوپیٹرا اسی خاندان اور دنیا کی آخری فرعونہ تھی، کلیوپیٹرا کا مطلب ہے کلیو کی بیٹی، کلیو یونانی دیومالا کی نومیوزر میں سے پہلی اور تاریخ کی میوز) ایک طرح کی دیوی (تھی۔

بطلیوسی خاندان میں اس سے پہلے بھی بارہ تیرہ کلیوپیٹرائیں گزر چکی تھیں، اس کی پہلی بدقسمتی یہ تھی کہ اولاد نرینہ نہ ہونے کیوجہ سے باپ نے اس کی تربیت ایک ملکہ اور حکمرانہ کی طرح کی، وہ لائق وفائق اور حکومت کے لیے موزوں بھی تھی، بیدار مغز اور اسرار حکمرانی سے واقف تھی لیکن دوسری بدنصیبی یہ ہوئی کہ مصری قانون کے مطابق حکمران بننے کے لیے اسے اپنے سے بارہ سال چھوٹے بھائی سے شادی کرنا پڑی۔

اب صورت حال یہ تھی کہ ایک طرف ایک قابل

تحریر: عبداللہ مشوانی

سمجھ دار اور موز مملکت سے واقف بیدار مغز کلیوپیٹرا تھی جس پر ارا کین سلطنت کو قابو پانا اور اپنی من مرضی سے چلانا ممکن نہ تھا، وہ ایک دبنگ حکمران تھی جب کہ دوسری جانب ایک نادان نابالغ اور کٹھ پتلی شہزادہ ان کے لیے زیادہ قابل ترجیح تھا چنانچہ شہزادے کے گرد خود غرض سازشیوں کا ایک ٹولہ جمع ہوگیا جن میں سرفہرست شہزادے کا اتالیق اور حکیم تھا جب کہ دوسرا ایک غلام جو اب شاہی محافظ دستے کا سربراہ تھا۔

ان لوگوں نے پہلے تو بہن بھائی یا شوہر وبیوی کے درمیان نفرتوں کے بیج بوئے اور سازش کر کر کے دونوں کو ایک دوسرے کا دشمن بنایا پھر بھائی نے بہن کو قتل کرنے کی سازش کی لیکن کلیوپیٹرا کو بروقت پتہ چل گیا اور وہ بھاگ کر رومی جرنیل جولیس سیزر سے مدد کی طالب ہوئی، یہیں پر شیکسپیئر نے وہ قالین کا رنگین افسانہ تخلیق کیا ہے اور مشہور فقرہ۔ وہ آئی اس نے دیکھا اور فتح کیا۔

ایسا کچھ بھی نہ تھا ان دنوں مصر مکمل خود مختار ملک نہیں رہا تھا اور نئی ابھرتی ہوئی سلطنت رومہ نے اسے ہر طرح سے محصور کیا ہوا تھا اور سلطنت روم کی طاقت ور ترین شخصیت جولیس سیزر مصر کے نواح میں اپنے بحری بیڑے کے ساتھ موجود تھا اسی تاک میں کہ مصر کو مغلوب کر کے سلطنت روما کا حصہ بنا دیا جائے۔ روم میں یوں تو سینٹ کا نظام تھا جس میں تین جرنیل یکساں حکمران ہوتے تھے لیکن ان تینوں میں ہمیشہ ایک دوسرے پر حاوی ہونے کی کش مکش چلتی رہتی تھی، اس وقت یہ کش مکش پومپی اور جولیس سیزر کے درمیان تھی، اب اگر جولیس سیزر مصر کی عظیم وقدیم سلطنت کی ملکہ سے شادی کر لیتا تو اسے فرعون کا خطاب مل جاتا اور روم میں اس کی واہ واہ ہو جاتی چنانچہ اس نے فوراً کلیوپیٹرا سے شادی کی فرعون کا خطاب حاصل کیا اس میں کوئی رومانس نہیں تھا نہ عشق ومحبت کا کوئی شائبہ تھا بلکہ کہانیوں داستانوں اور افسانوں کے برعکس وہ ایک عام سی سانولی سلونی قبول صورت عورت تھی۔

اس کی ساری کشش اور اہمیت قدیم ترین تاریخی سلطنت کی وارثہ ہونے کی تھی اور اسی سے ہر کسی نے فائدہ اٹھانے کی ٹھانی ہوئی تھی۔ کلیوپیٹرا سے شادی کرنے اور فرعون بننے کے بعد جولیس سیزر کی اہمیت بڑھ گئی تو اس نے رومی ایمپائر کا بلاشرکت غیرے شہنشاہ بننے کا خواب دیکھا لیکن رومیوں نے اس کا یہ خواب پورا نہ ہونے دیا اور اسے قتل کر ڈالا۔ اب سینٹ اور رومی سلطنت میں مارک انطونی اور اکٹوین رہ گئے، انطونی سینئر اور اکٹوین جونیئر تھا لیکن حوصلے اور ارادے اس کے بھی بلند تھے۔

مصر کے اردگرد بحر وبر میں اب رومی سلطنت کا نمائندہ اب انطونی بن گیا تو اس نے بھی اسی راہ پر چل کر اقتدار حاصل کرنا چاہا اور کلیوپیٹرا سے شادی کر کے فرعون کا ٹائٹل حاصل کر لیا، کلیوپیٹرا تو اب کٹی پتنگ تھی اور اپنی جدی پشتی سلطنت بچانے کے لیے ہر تنکے کا سہارا لینے پر مجبور تھی، لیکن ادھر اکٹوین بھی سرگرم تھا چنانچہ اس نے مارک انطونی کو رومیوں کی نظر میں نااہل بنا ڈالا، لڑائیاں ہوئیں انطونی شکست کھا گیا قتل ہوا یا خودکشی کی یہ الگ بات ہے۔

اہمیت اس بات کی تھی کہ اب وہ اکٹوین کی دسترس میں تھی اور اس کی حیثیت ایک قیدی کی تھی اور اس کے سامنے مسئلہ یہ تھا کہ یا تو اکٹوین کے سامنے سر جھکائے اور وہ اسے لے جا کر روم کے بازاروں میں رسوا کرے اور اہل روم کو دکھائے کہ میں نے قدیم اور عظیم مصر کی فرعونہ کو مفتوح کر کے سلطنت روما کو چار چاند لگائے۔ کلیوپیٹرا کو اپنے اس انجام کا اچھی طرح علم تھا اور اکٹوین کو بھی اس کے جذبات احساسات اور ارادوں کا علم تھا چنانچہ اس نے اسے سخت پہرے میں رکھا تا کہ روم لے جا کر بازاروں میں اس کی نمائش کر لے اور اپنی عظمت کے نقارے بجائے۔ لیکن کلیو پیٹرا نے اپنے ملک اپنے خاندان اور مصری سلطنت بچانے کی خاطر خود کو قربان کر دیا۔

☆☆☆☆☆☆

دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ

پاراچنار سے پشاور جانے والے مسافروں کے قافلے پہ اوچے کے مقام پہ دہشت گردوں کی سفاکانہ فائرنگ سے خواتین اور بچوں سمیت 40 سے زائد بے گناہ افراد کے جاں بحق ہونے کی خبر نے ملکی فضاء کو سوگوار کر دیا ہے۔ دہشت گردوں نے معصوم بے گناہ لوگوں کو شہید کر کے درندگی وحیوانیت کی حدیں پار کر دیں۔

دہشت گرد خوارج اور فسادیوں کے خلاف سخت اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ جب تک ان کی بیخ کنی نہیں کی جاتی تب تک ملک میں امن قائم نہیں ہوگا۔ دہشت گرد خوارج اور دہشت گرد علیحدگی پسند تنظیمیں کسی رعایت کی مستحق نہیں ہیں۔ قوم کو اپنے سیکورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہو کر ان شرپسند دہشت گرد عناصر کے خاتمے کے لیے کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔

پاکستانی قوم و سیکورٹی اداروں کی ہزاروں کی تعداد میں قربانیوں کو رائیگاں ہونے سے بچانا ہوگا۔ ریاست کی عملداری چیلنج کرنے والے دہشت گرد بیرونی فنڈنگ اور دشمن قوتوں کی ایماء پہ پاکستان میں سرگرم عمل ہیں اور ملک کے امن و امان کو غیر مستحکم کر کے پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ محبّ وطن لوگ آگے آئیں اور اپنے ملک سے ان ناسوروں کے خاتمے کے لیے قومی یکجہتی کے ساتھ اپنے اداروں کے شانہ بشانہ رہ کر خوارج کے خاتمے میں اپنے کردار کو یقینی بنائیں۔

تحریر: عابد سلمان

اس ملک وقوم نے دہشت گردی کے خلاف ایک طویل جنگ میں قربانیاں دی ہیں اور کامیابیاں بھی حاصل کی ہیں۔ دہشت گردوں نے ہماری مذہبی اقدار، ہماری ثقافت، ہماری روایات اور ہماری معاشرتی زندگی کو تہس نہس کر کے رکھ دیا ہے اگر دہشت گردی کا راستہ نہ روکا گیا اور ان کے ہینڈلرز کو سبق نہ سکھایا گیا تو امن قائم نہیں ہو گا۔ ملکی معیشت کی بدحالی کی وجہ بدامنی اور سیاسی عدم استحکام ہے۔

دہشت گرد حملوں کی وجہ سے بیرونی سرمایہ کاری پہ بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

جامع منصوبہ بندی اور دور رس پالیسیز کے ذریعے ملکی تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔

غیر ریاستی عناصر اور ان کے سہولت کار دہشت گرد کاروائیوں کے ذریعے مسلسل پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوششوں میں مصروف عمل ہیں۔ پڑوسی ممالک کی پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے سرزمین کا استعمال بھی تشویشناک ہے۔

کے پی کے اور بلوچستان میں ریاستی عملداری کو مسلسل چیلنج کیا جا رہا ہے شرپسند اور دہشت گرد عناصر ملکی سلامتی کیلئے خطرہ بنتے جا رہے ہیں۔

بھارت سے پاکستان میں دہشت گردی کو اسپانسرڈ کیا جا رہا ہے اور پاکستان میں عدم استحکام پھیلانے والوں کی بھر پور معاونت کی جا رہی ہے۔ بھارت کے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے کے ناقابل تردید شواہد ڈوزیئر کی شکل میں عالمی برادری اور اقوام متحدہ کو دیئے جا چکے ہیں۔ عالمی برادری بھارت پہ دباؤ ڈالے اور بھارت کی دہشت گردی ہو بطور ریاستی پالیسی کا استعمال روکے۔ اگر بھارت اپنی روش سے باز نہ آیا تو آگے چل کے خطے کے امن کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ خطے میں مسئلہ کشمیر کا اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل نہ ہونا اور بھارتی ہٹ دھرمی وکشمیر میں جبر و ظلم ایک سلگتا ہوا ایشو ہے اور کبھی بھی کسی بڑی جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے۔

عالمی برادری کا سنجیدہ کردار خطے میں امن کے لیے لازمی ہے۔ اور انہیں اس کے لیے بھارت اور پاکستان سے بات کرنی ہوگی۔ کشمیریوں پہ ظلم بند کر کے وہاں آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوششوں کو بند کرنا ہوگا۔

پاکستان میں فساد، شرانگیزی اور بدامنی میں بھارت اور اسکے حواریوں کا ہاتھ ہے جو پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے سفر سے خائف ہیں

قائدانہ کردار

بلاشبہ یہ بات سوچنے اور سمجھنے کی ہے کہ ملک میں موجود سیاسی و مذہبی قیادتوں میں مدبرانہ فیصلہ سازی کی صلاحیت اور ملک کے لیے کچھ کرنے کا جزبہ کس درجہ اتم موجود ہے۔

پاکستان کو حقیقی معنوں میں دلیرانہ موقف اور جرات مندانہ فیصلے لینے کی صلاحیتوں کی حامل قیادت کی ضرورت ہے۔ ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں بلوچستان میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر جامع آپریشن کی منظوری دی گئی ہے۔

گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان و کے پی کے میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے۔ ریاست کی عملداری کو چیلنج کیا جا رہا ہے اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ ساتھ عوام الناس کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بیگناہ لوگوں کا قتل عام کیا جا رہا ہے اور بلوچستان میں و کے پی کے میں خوف کی فضاء قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ امن وامان قائم رکھنے والے اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں کا تحفظ یقینی بنائیں لیکن اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ قوم اپنے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کر کے شرپسندوں و دہشت گردوں کی بیخ کنی کرنے میں اپنے اداروں کے شانہ بشانہ رہے۔ اگر ملک میں امن و امان کی صورتحال خراب رہے گی تو پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا سفر رک جائیگا۔ بیرونی سرمایہ کاری اور میگا پروجیکٹس ڈلیور نہیں کر

تحریر: جبران خان

پائینگے۔ بلوچستان کے حالات کو دیکھتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز بلوچستان میں کسی بھی اقدام کے لیے اعتماد کی فضاء قائم کرنے میں کردار ادا کریں۔

دہشت گردی ایک ناسور ہے جو کینسر بن کر قوم کی رگوں میں سرایت کرتی جا رہی ہے اس سے نجات پانا ضروری ہے۔ اسی میں ملک وقوم کی بہتری ہے آج جو لوگ سمجھنا نہیں چاہتے انہیں یہ بات آخر کار سمجھنی ہوگی کہ یہ جو ملک میں دہشت گردی اور بدامنی ہے اس میں دشمن قوتیں ملوث ہیں جو مسلسل پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لئے اپنے مذموم عزائم اور مکروہ ایجنڈوں کی تکمیل کے لیے مصروف عمل ہیں۔

حالات کی سنگینی اور خوف کی جو فضاء قائم ہے اس سے قوم پہ منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ قومی وملی جزبے کے ساتھ متحد ہو کر پاکستان کو خوشحالی اور ترقی کے راستے پر گامزن کرنے کے لیے قوم کو اپنے اداروں کی مضبوطی میں کردار ادا کرنا ہوگا۔

دشمن قوتیں، دہشت گرد خوارجی عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو بے نقاب کرنا ہوگا۔

اس سب کے لیے قیادت کا رول بہت اہم ہے۔ مدبرانہ فیصلے قیادت کی پہچان ہوتے ہیں۔ قوم میں اعتماد سازی کی فضاء قائم ہوتی ہے۔ ملک کو قیادت کے فقدان کا سامنا ہے لیکن تمام جماعتوں کے قائدین آپس میں مل بیٹھ کر ملکی مفاد میں جو بھی فیصلے لیں گے وہ قوم کی توقعات کے عین مطابق ہونگے۔ بحرحال قیادت کی سنجیدگی سے ملک کی سلامتی کو جو چیلنجز درپیش ہیں ان کا خاتمہ ہوسکتا ہے اور ملک وقوم بحرانوں سے نکل سکتے ہیں بس اس عزم کی ضرورت ہے جو عزم ہمارے نظریئے اور قومی اساس کا آئینہ دار ہو۔ ملکی تاریخ اور ملک میں وقوع پزیر سانحات سے سبق لینے کی ضرورت ہے۔

ملکی اداروں نے ملکی تحفظ کی جنگ بڑی جانفشانی سے لڑی ہے اور لڑ بھی رہے ہیں آج انہیں قوم کے تعاون کی ضرورت ہے اور قوم کو بھی اپنے ملک کی بقاء اور سلامتی کے لیئے ایک پاکستانی کی پہچان کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔

ملکی قیادت اپنی عوام میں اپنے اثر کو منظم کرے عوام کو درپیش مسائل اور انکے تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائے۔ قوم بھی یہ بات جان لے کہ دشمن قوتیں انہیں اپنے ملکی اداروں سے بدگمان کرنے کے لیے پروپیگنڈوں اور جھوٹے بیانیوں کا سہارا لیکر اپنے میڈیا ٹرولز اور گودی اینکرز کے ذریعے ہماری اساس، ہماری ثقافت اور ہمارے نظریات پہ حملہ آور ہے

حریت کانفرنس کا تحریک آزادی کو اسکے منطقی انجام تک پہنچانے کے عزم کا اعادہ

بھارتی فوجیوں نے ایک نوجوان شہید، 2 کشمیریوں کے گھر مسمار کر دیئے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے مختلف اضلاع میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور چھاپوں کا سلسلہ تیز کر دیا ہے۔ بھارتی فوجیوں نے ایک کشمیری نوجوان کو شہید کر دیا جبکہ دو کے گھر مسمار کر دیئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوان کو ضلع بانڈی پورہ کے علاقے کلنار میں ایک جعلی مقابلے میں شہید کیا۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ فوجیوں نے نوجوان کو ایک روز قبل گرفتار کیا تھا۔ قبل ازیں کلنار میں ایک حملے میں دو بھارتی فوجی زخمی ہو گئے تھے۔ بھارتی فورسز نے اسلام آباد کے علاقے بیج بہاڑہ میں عادل ٹھوکر اور پلوامہ کے علاقے ترال میں آصف شیخ کے گھروں کو دھماکہ خیز مواد کے ذریعے منہدم کر دیا۔ عادل ٹھوکر اور آصف شیخ کے گھر انکی آزادی پسند سرگرمیوں کی پاداش میں منہدم کیے گئے۔ بھارتی فورسز کی طرف سے بارہمولہ، کپواڑہ، اسلام آباد، کولگام، شوپیاں، پلوامہ، راجوری، پونچھ، ادھم پور، ڈوڈہ، کشتواڑ اور ریاسی اضلاع کے مختلف علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ قابض بھارتی اہلکار گھروں میں گھس کر خواتین اور بچوں سمیت مکینوں کو سخت ہراساں کر رہے ہیں۔ فورسز اہلکاروں نے گزشتہ چند دنوں کے دوران مختلف علاقوں سے سینکڑوں کشمیری نوجوان گرفتار کر لیے ہیں۔ دریں اثنا کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں ایک بیان میں بھارتی فورسز کے وحشیانہ ہتھکنڈوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں حق خودارادیت کے کشمیریوں کے جائز مطالبے کو خاموش کرانے کی کوشش قرار دیا۔

وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا تیسرا اجلاس

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت پورے شہر میں 59 ارب روپے کے 327 سکیموں کا آغاز کیا گیا ہے' بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا تیسرا اجلاس ایوان وزیر اعلیٰ 90 شاہراہ قائداعظم پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی راشد اقبال نصر، لاہور کے تمام حلقوں سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی اور سرکاری افسران نے شرکت کی۔ وزیر خزانہ نے اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے ذریعے پنجاب حکومت لاہور کے انگ انگ پسماندہ علاقوں کو ترقی کے مواقع مہیا کر رہی ہے جو گزشتہ کئی دہائیوں سے بنیادی سہولیات سے محروم تھے۔ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت پورے شہر میں 59 ارب روپے کے 327 سکیموں کا آغاز کیا گیا ہے جن کے تحت پورے لاہور میں سڑکوں، گلیوں، سیوریج اور ڈرینیج نظام کی جدید تعمیر کا عمل جاری ہے۔ سکیموں کی شفافیت و معیار کو یقینی بنانے کے لیے نیسپاک کی خدمات لی جا رہی ہیں۔ وزیر خزانہ کو کہنا تھا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا مقصد صرف سڑکوں اور نالوں کی تعمیر نہیں ہے بلکہ یہ وزیر اعلیٰ کے اس ویژن کا مظہر ہے جس کے تحت وہ معاشرے کے تمام طبقات کو یکساں معیار زندگی اور ترقی کے بھرپور مواقع مہیا کرنے کے لیے کوشاں ہیں

راولپنڈی، ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی کی تھانہ نصیر آباد میں افسران کے ساتھ میٹنگ میں شریک ہیں

ملک کے مالک خود کو سمجھنے والے مالک نہیں ہیں سندھ کے مالک سندھی ہیں، مولانا راشد محمود سومرو

جے یو آئی نے دریائے سندھ میں سے نہریں نکالنے کیخلاف احتجاج کیا

کندھ کوٹ (این این آئی) کندھ کوٹ جمعیت علما اسلام کی جانب سے دریائے سندھ سے چھ متنازعہ نہریں نکالنے والے عمل کیخلاف انڈس ہائی وے پر احتجاجی جلسہ کیا گا اس موقع پر جلسے کو خطاب اور میڈیا سے بات کرتے ہوئے مولانا راشد محمود سومرو نے کہا کہ ملک کے مالک خود کو سمجھنے والے مالک نہیں ہیں سندھ کے مالک سندھی ہیں نہریں کسی بھی صورت میں قبول نہیں کرینگے جے یو آئی نے دریائے سندھ میں سے نہریں نکالنے کیخلاف احتجاج کیا نہروں کیخلاف نعرے ہم نے ایجاد کئے جو مجبورا وزیر اعلی سندھ بھی لگا رہا ہے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ جو راستے بند کریگا ان کو جوتے مار کر روڈ کھلوائینگے ہم لاہور میں ان کے گھر میں بیٹھ کر کندھ کوٹ میں جلسے کا اعلان کیا کل کموں شہید اور پرسوں سکھر میں نہروں کیخلاف جلسہ کیا جائیگا ہم وفاق کو 48 گھنٹوں کی مہلت دیتے ہیں کہ دریائے سندھ سے نہریں نکالنے والے منصوبے کو مسترد کیا جائے ورنہ سکھر کے جلسے میں اس سے بھی زیادہ خطرناک اقدام کا اعلان کرینگے جس کو روکنے کیلئے کسی مائی کے لال کو طاقت نہ ہوگی ہم 48 گھنٹوں کی مہلت کے بعد ایک سال تک سکھم بند کر سکتے ہیں اسلام آباد، پنڈی اور لاہور تک مارچ کر سکتے ہیں پنجاب کے سامان کی رسد سندھ سے ہے جے یو آئی کے کارکن ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہیں سندھ کی عوام بیدار ہو چکی ہے ہندوستان کل سے لیکر دھمکیاں دے رہا ہے ہم پاکستانی ہندوستان کو دیکھ چکے ہیں ہمارا ہر ایک کارکن پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے ہم ہندوستان سے بھی پانی لینے کی قوت رکھتے ہیں معاشی ماہر حسن کا ایک ٹی وی پر پروگرام چل رہا تھا جس میں وہ کہہ رہا تھا کہ وفاق نے ہم کو چولستان نہر کے حوالے سے بلایا ہم نے ان کو کہا نہریں نہیں نکالو آمریکہ و دیگر ملکوں کے ماہرین کو بلایا جائے جنھوں نے بھی نہریں نکالنے کیلئے نہیں کہا

راولپنڈی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈاکٹر حسان طارق ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

انسداد پولیو مہم کے چار روزہ اعداد و شمار، کوریج، ڈیٹا پر مبنی تقابلی جائزے اور درپیش چیلنجز پر بریفنگ دی گئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں جاری اپریل کی انسداد پولیو مہم کے جائزے کے لئے اعلیٰ سطح کا دوسرا اجلاس چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت، کوآرڈی نیٹر صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی)، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ پولیس افسران، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران سمیت نیشنل ای او سی حکام نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد پولیو مہم کے چار روزہ اعداد و شمار، کوریج، ڈیٹا پر مبنی تقابلی جائزے اور درپیش چیلنجز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوآرڈی نیٹر نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ مؤثر عوامی شراکت داری کے تحت مقامی عمائدین اور بااثر شخصیات کی شمولیت سے پولیو مہم کی کامیابی میں مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شام کے وقت ہونے والے روزانہ کی بنیاد پر جائزہ اجلاسوں کی صورتحال کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس کو بتایا کہ وہ خود روزانہ کی بنیاد پر مہم کی نگرانی کر رہے ہیں اور تمام ڈپٹی کمشنرز اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران کو شام کے جائزہ اجلاسوں میں باقاعدہ شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اُن 276 یونین کونسلز کا بھی جائزہ لیا جنہیں چیلنجنگ قرار دیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مہم کے آخری دو روز ان بچوں تک پہنچنے کے لئے مختص کئے گئے ہیں جو کسی بھی وجہ سے ویکسینیشن سے رہ گئے ہیں،

خیبر پختونخوا کے چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال منصوبے کو نئے نہری منصوبوں سے نتھی کرنے سے گریز کیا جائے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات و تعلقات عامہ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے وفاقی حکومت سے کہا ہے کہ نہروں کے معاملے پر سیاست سے گریز کرتے ہوئے ملک کے چھوٹے صوبوں کے مفادات کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ شکر ہے کہ نہروں کے معاملے پر دو سیاسی ڈرامہ باز پارٹیوں کی نورا کشتی فی الحال ختم ہوئی۔

مریم نواز کی ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات

انطالیہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات ہوئی، خاتون اول محترمہ امینے اردوان بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ صدر اردوان نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کا خیر مقدم کرتے ہوئے ڈپلومیسی فورم کانفرنس میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ صدر اردوان نے مریم نواز شریف سے سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف کی صحت کے بارے میں دریافت کیا، نیک تمناں کا اظہار کیا اور کہا کہ جلد نواز شریف سے ملاقات ہوگی، انشاءاللہ۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے بھی محمد نواز شریف کی جانب سے ترکیہ کے صدر کے لیے خیر سگالی کا پیغام پہنچایا، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ترکیہ کے دورے کی دعوت دینے پر شکریہ بھی ادا کیا۔ یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آج ڈپلومیسی فورم 2025 سے خطاب کریں گی، ڈپلومیسی کانفرنس کا عنوان تقسیم دنیا میں مستقبل کی تعمیر، تعلیم! تبدیلی لانے کی ایک طاقت رکھا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز صوبہ پنجاب میں تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی حکومت کے اقدامات اور اپنی جماعت کے منشور پر روشنی ڈالیں گی۔

ممتاز شاعرہ ناصرہ زبیری کے شعری مجموعے بے موسمی خواہشیں کی تقریب رونمائی

ادبی حلقوں نے ناصرہ زبیری کے چوتھے شعری مجموعے بے موسمی خواہشیں کو ایک منفرد شعری تجربہ قرار دیا

کراچی (این این آئی) اردو زبان کی ممتاز شاعرہ ناصرہ زبیری کے چوتھے شعری مجموعے بے موسمی خواہشیں کی تعارفی تقریب آرٹس کونسل کراچی میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ملک کے ممتاز شعرا اور ادبی شخصیات نے شرکت کی اور ان کے شعری مجموعے بے موسمی خواہشیں کو ایک منفرد شعری تجربہ قرار دیا۔ آرٹس کانسل کراچی میں 24 اپریل کی شام معروف شاعرہ ناصرہ زبیری کے چوتھے شعری مجموعے بے موسمی خواہشیں کی تعارفی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت ممتاز شاعرہ زہرہ نگاہ نے کی جبکہ نظامت کے فرائض معروف شاعر خالد معین نے ادا کیے۔ ناصری زبیری کے شعری مجموعے کی پروقار تقریب سے شرکا میں سینئر شاعر انور شعور، ڈاکٹر فاطمہ حسن، تنویر انجم، باصر سلطان کاظمی، انعام ندیم، خالد معین، ریحانہ روحی، سید کاشف رضا اور دیگر نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر فاطمہ حسن نے ناصرہ زبیری کو سماجی شعور رکھنے والی شاعرہ قرار دیا اور کہا کہ جب ناصرہ نے شاعری شروع کی تو ان کی پذیرائی کا آغاز ان کے گھر سے ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ناصرہ زبیری کی سچائی، سادگی اور مخلصی ان کی شاعری میں جھلکتی ہے اور ان کا سفر کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ برطانیہ سے تشریف لائے مہمان شاعر باصر سلطان کاظمی نے اپنی گفتگو میں ناصرہ زبیری کی شاعری کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کا نیا مجموعہ بہت عمدہ اور تازہ خیالات کا اظہار ہے۔ انھوں نے کہا کہ اچھے شاعر کی نشانی یہی ہے کہ وہ نیا اور منفرد شعر پیش کرے۔ ناصرہ زبیری نے اپنے خطاب میں کہا یہ میرا چوتھا شعری مجموعہ ہے۔ اس سے قبل شگون، کانچ کا چراغ اور تیسرا قدم منظر عام پر آ چکے ہیں، تاہم اس کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں نثری نظمیں بھی شامل کی گئی ہیں۔ انھوں نے تقریب میں شریک تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ خوش ہیں کہ اتنی بڑی تعداد میں شاعروں اور ادیبوں کی موجودگی نے اس تقریب کو اور بھی خوبصورت بنایا۔ انہوں نے اپنی کتاب سے کچھ منتخب اشعار بھی پڑھ کر سنائے جسے حاضرین نے بے حد پسند کیا۔ آخر میں محترمہ زہرا نگاہ نے اظہار خیال میں ناصرہ زبیری کی شاعری کو سراہتے ہوئے کہا کہ زبان شاعری کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے اور ناصرہ نے بہت خوبصورتی سے الفاظ کا استعمال کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ شاعری شاعر کی کائنات ہوتی ہے اور ایک کتاب کو مکمل کرنے میں لکھنے والے کا بڑا کمال ہوتا ہے۔ زہرا نگاہ نے مزید کہا کہ خواتین کے لیے شعر کہنا بہت مشکل ہوتا ہے

مودی حکومت کی تمام سازش ناکام ہو چکی اینٹ کا جواب پتھر سے دینگے، سربراہ پاکستان سنی تحریک

بھارت اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمان بھارتی حکومت کے اسلام دشمن نظریئے اور دہشتگردی کے خلاف ڈٹ جائیں

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ پہلگام فالس فلیگ پر درج FIR نے مودی حکومت کی سازش اور طے شدہ منصوبے کو بے نقاب کر دیا، پہلگام واقعے کے صرف 10 منٹ بعد FIR درج ہونا حیران کن اور پہلے سے طے شدہ منصوبے کا اشارہ دے رہی ہے، مودی حکومت کی تمام سازش ناکام ہو چکی اینٹ کا جواب پتھر سے دینگے، پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں مودی کی عقل ٹھیک کرنا جانتے ہیں، بھارتی فوج اور حکومت پہلگام دہشتگردی کی سازش میں ملوث ہیں ان کے خلاف عالمی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے، بھارتی مذہبی جنونیت مسلم اقلیتوں پر ظلم دو قومی نظریئے کے انکاری آج دو قومی نظریئے کو تسلیم کر رہے ہیں، بھارت نے کوئی غلطی کی تو ایسا جواب دینگے ساری زندگی یاد رکھیں گے، ہندوستان اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمان بھارتی حکومت کے اسلام دشمن نظریئے اور دہشتگردی کے خلاف ڈٹ جائیں

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کا بھیرہ موٹروے سروس ایریا پر کریک ڈاؤن

43 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، 3 کو 1 لاکھ 45 ہزار کے جرمانے عائد، 40 کو نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) مسافروں کے لیے موٹرویز قیام و طعام پر معیاری اشیاء کی فراہمی کے لیے ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بھیرہ موٹروے سروس ایریا پر کریک ڈاؤن کیا جس میں 43 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی اور 3 فوڈ پوائنٹس کو 1 لاکھ 45 ہزار کے جرمانے عائد جبکہ 40 کو وارننگ نوٹسز جاری کیے، غیر معیاری آئل، ایکسپائر پانی، باسی سبزیاں اور ڈرنکس تلف کر دی گئیں۔ جاری تفصیلات میں بتایا گیا کہ حفظان صحت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزیوں پر ایکشن لیا گیا، صفائی کے ناقص انتظامات، ملازمین کے میڈیکل عدم موجود پائے گئے، لازم ریکارڈ عدم موجود، سابقہ ہدایات کی خلاف ورزی کی جا رہی تھی، غیر معیاری آئل، ایکسپائر پانی، باسی سبزیاں اور ڈرنکس تلف کر دی گئیں ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید

معاشی ترقی کے دعوے کاغذی جمع تفریق ہے' لیاقت بلوچ

حکومتی دعوؤں اور اعلانات پر عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا' نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت کی تمام کوششیں اور پوری دنیا میں بھاگ دوڑ اُس وقت تک مثبت نتائج نہیں لائے گی جب تک ملک کے اندر سیاسی استحکام نہیں آئے گا، ترسیلاتِ زر میں اضافہ خوش آئند ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ حکومتی دعوؤں اور اعلانات پر عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا، معاشی ترقی کے دعوے کاغذی جمع تفریق ہے، معاشی پہیہ بدستور جام ہے، بجلی سستی کی جائے، گیس، تیل اور ٹیکسوں کا بوجھ قابل برداشت بنایا جائے تو معاشی ترقی ہوگی۔ قومی قیادت بیرونِ ملک پاکستانیوں کا اعتماد بحال کریں، محبّ وطن بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے بااعتماد پالیسی بن جائے تو یہ اقتصادی ترقی کا اہم ستون ثابت ہونگے، زراعت کی مضبوطی، اوورسیز پاکستانیوں کی مضبوط بنیاد پاکستان کی بڑی طاقت ہے۔ انہوں نے لاہور میں بزنس کمیونٹی کے وفد اور منصورہ میں سیاسی مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ لاس اینجلس کی لگی آگ کی تپش کو بھی دیکھے اور غزہ پر امریکہ کی مکمل حمایت، سرپرستی اور امداد کیساتھ مسلط قیامت اور بارود و آہن کی آگ کی تپش کا بھی احساس کرے۔ ڈونلڈ ٹرمپ حلف سے پہلے جو بھی زبان اور بڑھکیں ماریں حلف کے بعد اُنہیں دُنیا میں امن کے قیام کے لیے درست سمت میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ امریکہ اپنے قیدی کی غزہ سے رہائی کی ضرورت بات کرے لیکن اسرائیلی صیہونیوں کے عقوبت خانوں اور اسرائیلی قید میں بدترین، انسانیت کُش تشدد کے شکار فلسطینیوں کی رہائی کی بات بھی کریں۔ انسانی حقوق اگر سب کے لیے برابر ہیں تو امریکہ اور اس کے حواری اس پر عمل کیوں نہیں کرتے؟ امریکی نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جارحانہ اسلوب جاری رکھا تو امریکہ مزید تنہا ہوگا اور دُنیا میں نئی عالمی صف بندی تیز تر ہوگی۔

مردان، اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر نتاشہ سمبل کی نگرانی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جا رہا ہے

عوامی اشتہارات

اعلان لاتعلقی/عاق نامہ

منکہ مسمی محمد عمر ولد محمد عثمان، مسلم، عاقل، بالغ، ساکن ساکران سی، شاہ دوست گوٹھ، تحصیل وضلع حب کا رہائشی ہوں۔ لاتعلقی/عاق نامہ ہذا بدرستی ہوش و حواس تحریر کرتا ہوں کہ مسمی غلام قادر ولد محمد عمر میرا حقیقی بیٹا ہے جو کہ بری صحبت میں مبتلا ہو کر میرا اور گھر والوں کا نافرمان ہو چکا ہے اور غلط لوگوں کی صحبت میں ہے، ہماری ایک بھی نہیں مانتا ہے۔ جس کی بری حرکتوں سے پریشان ہو کر میں اپنے بیٹے غلام قادر ولد محمد عمر سے ہمیشہ کیلئے لاتعلقی/عاق کرتا ہوں۔ آئندہ میرا یا میرا دیگر اولادان کا غلام قادر ولد محمد عمر سے کوئی واسطہ یا تعلق نہیں ہے۔ کوئی بھی شخص یا اشخاص اس سے کوئی بھی لین دین یا کاروبار وغیرہ کرے گا تو وہ اپنے قول و فعل ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

المشتہر۔ محمد عمر ولد محمد عثمان

شناختی کارڈ نمبر 5150344299127

امریکا میں رواں ماہ ہزار سال کا بدترین سیلاب آنے کا امکان ہے، ناسا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی خلائی تحقیقاتی ادارے ناسا نے بتایا ہے کہ امریکا میں رواں ماہ ہزار سالہ تاریخ کا بدترین سیلاب آ سکتا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق امریکی خلائی تحقیق کے ادارے ناسا نے خبردار کیا ہے کہ اپریل کے مہینے کے آخری 15 دنوں میں امریکا کے جنوبی اور مغربی وسط کی 10 ریاستوں میں طوفان اور شدید بارشوں کا خطرہ ہے۔ ناسا کی جانب سے خبردار کیے جانے کے بعد وسطی امریکی ریاستوں نے ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کی تیاری شروع کر دی ہے۔

تحریک انصاف صرف ایک جماعت نہیں، خودداری، انصاف اور کرپشن سے پاک پاکستان کا نظریہ ہے، پختون یار

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے یوم تاسیس کے موقع پر خیبر پختونخوا کے صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پختون یار خان نے اپنے خصوصی پیغام میں تحریک کی 29 سالہ جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ 25 اپریل 1996 کو عمران خان نے جو نظریاتی تحریک شروع کی آج وہ ایک مضبوط عوامی طاقت بن چکی ہے تحریک انصاف صرف ایک جماعت نہیں بلکہ خودداری، انصاف اور کرپشن سے پاک پاکستان کا نظریہ ہے

ملک نیک محمد خان داوڑ کا شمالی وزیرستان کا دورہ

، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میران شاہ کے ایمرجنسی یونٹ میں غفلت کا نوٹس

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے ریلیف، بحالی اور آبادکاری ملک نیک محمد خان داوڑ نے حلقہ شمالی وزیرستان کے دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میران شاہ کے ایمرجنسی یونٹ کا اچانک معائنہ کیا اور عملہ کی مبینہ غفلت کا نوٹس لیا۔ معاون خصوصی کو یہ اطلاع ملی تھی کہ ایک 7 سالہ بچہ جو بم دھماکے میں شدید زخمی ہوا تھا، وہ ایمرجنسی یونٹ میں بے یارومددگار پڑا تھا، جبکہ اس کے علاج کے لیے کوئی ڈاکٹر ڈیوٹی پر موجود نہیں تھا۔ معاون خصوصی نے فوراً ہسپتال کا دورہ کیا اور وہاں پر انکشاف ہوا کہ ڈاکٹر عظیم اللہ اور ڈاکٹر جہانگیر رحمان دونوں ہی ڈیوٹی سے غیر حاضر تھے۔ اس کے علاوہ ہسپتال کے سٹور کیپر سمیت دیگر عملہ بھی ڈیوٹی سے غائب پایا گیا، اور سٹور کیپر کی جگہ ایک دوسرا ڈسپنسر سٹور میں موجود تھا۔ مزید برآں، ہسپتال کے سربراہ ایم ایس حمید اللہ گزشتہ ایک ہفتے سے ہسپتال سے غیر حاضر تھے۔ معاون خصوصی ملک نیک محمد خان داوڑ نے اس غفلت پر سخت برہمی کا اظہار کیا

قدرتی آفات، موسمیاتی تبدیلیوں کی پیشگوئی کرنا زندگی کے لئے لازمی ہے' ڈاکٹر محمد علی

پاکستانی دنیا کی سب سے ذہین قوموں میں سے ایک ہے تاہم ہماری سمت اور سوچ درست نہ ہونے کی وجہ سے ہم پیچھے رہ گئے

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ قدرتی آفات اور موسمیاتی تبدیلیوں کی پیشگوئی کرنا زندگی کے لئے بہت ضروری ہوتا ہے تاکہ مسائل سے نمٹا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے پہلے ایسٹرانٹ کا خلا میں جانا قوم کیلئے فخر اور خوشی کی بات ہے۔ وہ پنجاب یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ آف سپیس سائنس کے زیر اہتمام سپارکو پاکستان کے اشتراک سے ''چینی خلائی اسٹیشن سے 2026ء میں ناقابل یقین سفر کرنے والا پاکستان کا پہلا خلاباز'' پر منعقدہ سیمینار سے انسٹیٹیوٹ آف بائیوکیمسٹری اینڈ بائیوٹیکنالوجی کے آڈیٹوریم میں خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف سپیس سائنس پروفیسر ڈاکٹر سید عامر محمود، ڈپٹی چیف مینجر زسپارکو پاکستان سے ڈاکٹر سید عامر گیلانی، ڈاکٹر ثوبیہ، ڈائریکٹر سکول آف بائیوکیمسٹری اینڈ بائیوٹیکنالوجی ڈاکٹر محمد خورشید، چیئرپرسن چیئرپرسن شعبہ فزکس پروفیسر ڈاکٹر منزہ ذوالفقار علی، صدر اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن ڈاکٹر امجد عباس مگسی، ممبر سنڈیکیٹ پروفیسر ڈاکٹر ناصر، ڈاکٹر عامر مسعود چشتی، ڈاکٹر جہانزیب قریشی، کاشف نذیر، ڈاکٹر اطہر جاوید اور طلباؤ طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ معاشرے کے مسائل کا تدارک کرنے کے لئے انٹرڈسپلنری ریسرچ کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

خیبر پختونخواہ حکومت کا صدر زرداری سے مستعفی ہونے کا مطالبہ

صدر زرداری نے یا تو سندھ کے عوام کے پیٹ میں چھرا گھونپا ہے یا پھر ان کی یادداشت جواب دے گئی ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کی خیبر پختونخواہ حکومت نے جسمانی اور ذہنی حالت کی وجہ سے صدر آصف علی زرداری سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کر دیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مشیر اطلاعات خیبر پختونخواہ بیرسٹر محمد علی سیف نے نہروں کے معاملے پر صدر آصف علی زرداری اور پاکستان پیپلز پارٹی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا، ان کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی صرف ووٹ بچانے کے لیے نہروں کے معاملے پر احتجاج کا ڈرامہ رچا رہی ہے، نہروں کی منظوری خود آصف زرداری نے دی تھی اور اب بلاول بھٹو کی مخالفت سمجھ سے بالاتر ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ صدر زرداری نے یا تو سندھ کے عوام کے پیٹ میں چھرا گھونپا ہے یا پھر ان کی یادداشت جواب دے گئی ہے، پیپلز پارٹی کو دونوں میں سے ایک بات ماننی پڑے گی، دونوں کی ایک ساتھ تردید ممکن نہیں، اگر آصف زرداری کی ذہنی حالت ٹھیک نہیں تو وہ ملک کے اعلیٰ ترین عہدے پر کیوں براجمان ہیں؟ انہیں فوری طور پر مستعفی ہو جانا چاہیئے، صدر زرداری کو اپنی جسمانی اور ذہنی کیفیت کے باعث خود ہی عہدے سے دستبردار ہو جانا چاہیئے۔ انہوں نے چیئرمین پیپلز پارٹی کو مشورہ دیا کہ بلاول احتجاج کرنے کی بجائے اپنے والد سے پوچھیں کہ انہوں نے یہ منظوری کیوں دی؟

سنی تحریک کے زیر اہتمام ریلی نکالی جا رہی ہے

لاہور پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

مقبوضہ بیت المقدس میں انروا کے چھ سکولوں کی بندش قابل مذمت ہے، قطر

بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا مقبوضہ علاقوں میں جاری اسرائیلی جرائم کے سلسلے میں ایک نیا جرم ہے، بیان

دوحہ (این این آئی) قطر نے قابض اسرائیلی حکام کی طرف سے مشرقی القدس میں اقوام متحدہ کی ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی برائے فلسطینی پناہ گزینوں سے منسلک چھ سکولوں کو بند کرنے کے فیصلے کی شدید مذمت کی ہے۔ بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا مقبوضہ علاقوں میں جاری اسرائیلی جرائم کے سلسلے میں ایک نیا جرم ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قطری وزارت خارجہ نے کہا کہ تعلیم کا حق ایک بنیادی حق ہے جس کی ضمانت بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین اور کنونشنز کے ذریعے دی گئی ہے۔ قطر کی جانب سے تعلیم کی سیاست کو مسترد کیا گیا کہا گیا کہ انروا کے کردار کو ختم کرنے یا کم کرنے کے لیے اسرائیلی اقدامات بار بار کیے جا رہے ہیں۔ قطر نے بین الاقوامی برادری پر زور دیا کہ وہ اسرائیل کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے فوری اقدام کرے اور اسے بین الاقوامی قوانین کی تعمیل کرنے پر مجبور کرے۔ وزارت خارجہ نے بین الاقوامی قانونی قراردادوں اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر فلسطینی کاز کی حمایت اور فلسطینی عوام کے لیے چار جون 1967 کی سرحد پر مبنی فلسطینی ریاست کے قیام کے اپنے موقف کا اعادہ کیا۔

سادہ خون کا ٹیسٹ ہزاروں دل کے دورے کو روکنے میں مددگار

لندن (این این آئی) ایک حالیہ تحقیق نے ہزاروں ہارٹ اٹیکس کو روکنے میں محض 5 پاؤنڈز کے سادہ خون کے ٹیسٹ کی اہم صلاحیت کو اجاگر کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک تحقیقی رپورٹ شائع ہوئی ہے جو خطرے کا اندازہ لگانے میں ٹراپونن ٹیسٹوں کی افادیت پر مرکوز ہے۔ ٹروپونن دل کے پٹھوں کے خلیوں میں موجود ایک پروٹین ہے جو دل کے خلیوں کو نقصان پہنچنے پر خون کے دھارے کی شکل میں خارج ہوتا ہے

ڈی سی چمن حبیب بنگلوئی نادرا آفس کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، بھاوج کو قتل کرنے والے ملزم کو معزز عدالت نے سزا سنادی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث اپنی بھاوج کو قتل کرنے والے ملزم کو معزز عدالت نے سزا سنا دی، ملزم بابر کو سزائے موت اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اپنی بھاوج کو قتل کرنے والے ملزم کو معزز عدالت نے سزا سنادی، ملزم بابر کو سزائے موت اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، ملزم نے گھریلو لڑائی جھگڑے پر کلہاڑی کے وار کر کے اپنے بڑے بھائی کی اہلیہ کو قتل کر دیا تھا

9 مئی کے مقدمات میں ملزمان پر فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر

ملزمان میں تین مقدمات کے چالان تقسیم کر دیئے گئے، 10 مقدمات کے چالان پیش نہ کرنے پر عدالت برہم

راولپنڈی (این این آئی) سانحہ 9 مئی کے 3 مقدمات میں 19 اپریل کو ملزمان پر فرد جرم عائد ہوگی جبکہ دیگر 10 مقدمات میں کے چالان عدالت میں پیش نہیں کیے جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق سانحہ 9 مئی کے مقدمات کی سماعت انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی، جس میں وکلائے صفائی اور پراسیکیوٹر عدالت پہنچے۔ علاوہ ازیں میجر طاہر صادق، واثق قیوم، صداقت عباسی، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، بابر اعوان، سابق وزیر داخلہ شیخ رشید اور دیگر عدالت میں پہنچے، جہاں پولیس کی جانب سے مختلف تھانوں میں درج مقدمات کے چالان کی کاپیاں اور ریکارڈ بھی عدالت میں پہنچانے کے بعد ملزمان میں تقسیم کیا گیا۔ عدالت نے سانحہ 9 مئی کے 13 مقدمات کی سماعت 19 اپریل تک ملتوی کر دی۔ 3 مقدمات میں 19 اپریل کو ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے گی جبکہ 10 مقدمات کے چالان عدالت میں پیش نہیں کیے جا سکے۔ 10 تھانوں کی پولیس 10 کیسز کے چالان ڈیڑھ سال گزرنے کے باوجود تا حال پیش کرنے میں ناکام رہی، جس پر عدالت نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر 10 کیسز کے چالان بھی پیش کرنے کا حکم دیا

برطانیہ، گزشتہ برس گرمی سے 1 ہزار سے زائد افراد ہلاک ہونے کا انکشاف

لندن (این این آئی) برطانیہ میں گزشتہ برس گرمی سے 1 ہزار سے زائد افراد ہلاک ہوئے، توقع سے زائد یہ اموات موسم بہت زیادہ گرم نہ ہونے کے باوجود واقع ہوئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس بات کا انکشاف یو کے ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی کے شائع ہونے والے نئے اعداد و شمار میں کیا گیا ہے۔ 2024 میں گرمی کے 4 ادوار آئے لیکن ان کی شدت زیادہ نہ ہونے کے سبب سب سے کم شدت والی یلو وارننگ ہی جاری کی گئی

پی سی ڈی ایم اے کا ایف بی آر کے ناقص ٹیکس اینکس ایچ ون، ج، یو او ایم کی پیچیدگیوں پر اظہارِ تشویش

کاسٹ ویلیوانٹری کی اجازت دی جائے، یو او ایم کے مسائل حل کیے جائیں، چیئرمین ایف بی آر سے خط میں اپیل

کراچی (این این آئی) پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے اپ لوڈ کیے گئے اینکس ایچ ون، اینکس جے اور یونٹ آف میور (یو او ایم) کی پیچیدگیوں اور تکنیکی خرابیوں کی وجہ سے ٹیکس دہندگان کی بڑھتی مشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال کو ارسال کیے گئے خط میں چیئرمین پی سی ڈی ایم اے سلیم ولی محمد اور ایڈوائزر سب کمیٹی برائے سیلز اینڈ انکم ٹیکس دانش سلیم نے اس بات کی نشاندہی کی کہ اینکس ایچ ون غیر واضح ہدایات، بار بار ریگولیٹری تبدیلیوں اور پورٹل کی مستقل خرابی کی وجہ سے الجھن اور کمپلائینس کے مسائل پیدا کر رہا ہے۔ سلیم ولی محمد کا کہنا تھا کہ اینکس ایچ ون کے انتہائی پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ٹیکس دہندگان کو ودہولڈنگ ایڈجسٹمنٹس کو درست طریقے سے ہم آہنگ کرنے اور فائلنگ کی ضروریات کو پورا کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ صورتحال فارمز کے حسابی طریقہ کار کی وجہ سے مزید بگڑ گئی ہے جو سیلز ویلیو کو کاسٹ ویلیو کے بجائے کم کر رہا ہے۔ خط میں ایف بی آر پر زور دیا گیا کہ ٹیکس دہندگان کو اپنے ریٹرن جمع کرانے سے پہلے کاسٹ ویلیو داخل کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ درست رپورٹنگ کو یقینی بنایا جا سکے

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے منشیات کے مقدمہ میں ملزم کو سزا سنادی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث معزز عدالت نے منشیات کے مقدمہ میں ملزم کو سزا سنادی، ملزم ساجد محمود کو 5 سال قید اور 40 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات کے مقدمہ میں ملزم کو سزا سنادی، ملزم ساجد محمود کو 5 سال قید اور 40 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی،

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز، متعدد گرفتاریاں ہوئیں۔ ڈرگ فری پنجاب کے ویژن کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے تین افراد کو گرفتار کر کے 5 کلو 580 گرام چرس برآمد کی۔ صادق آباد پولیس نے ایک ملزم سے 1 کلو 500 گرام چرس، کینٹ پولیس نے 1 کلو 400 گرام چرس، جبکہ چکلالہ پولیس نے 530 گرام چرس برآمد کی۔ تمام مقدمات الگ الگ درج کر لیے

خطے کی ترقی ترجیح ہے، وفاق سے مثالی ورکنگ ریلیشن شپ قائم ہے، چوہدری انوار الحق

ٹیکس کولیکشن میں ریکارڈ اضافہ گڈ گورننس کا ثبوت ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر

اسلام آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ ترقی ترجیح ہے، وفاق سے مثالی ورکنگ ریلیشن شپ قائم ہے۔ سستا آٹا اور بجلی پر سبسڈی کے لیے وفاق کے تعاون پر مشکور ہیں، ہیلتھ، صحت تعلیم اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں۔ ٹیکس کولیکشن میں ریکارڈ اضافہ گڈ گورننس کا ثبوت ہے، آئندہ ٹیکس کولیکشن ٹارگٹ 40 ارب روپے رکھا گیا ہے۔ بچت پروگرام اور گاڑیوں کی آکشن سے خزانے پر بوجھ کم کیا، عوام کی فلاح کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں، سال 2024 آسان نہیں تھا، مسائل آئے لیکن اجتماعی دانش سے انکو حل کر لیا گیا، آزاد کشمیر حقیقی معنوں میں آزاد ہے۔ آزاد کشمیر میں امن عامہ کو برقرار رکھنے کیلئے طاقت نہیں بلکہ اجتماعی دانش اور صبر و تحمل کی پالیسی سے مسائل حل کیے ہیں۔ پروٹوکول نہیں لیتا، میرے بیانیے سے ہندوستان کو بہت تکلیف ہے، زندگی موت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ پاک فوج کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بھارت کی نیت سے واقف ہیں، ہندوتوا ایجنڈے کو شکست دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے سنو ٹی وی کے پروگرام ''سوالنامہ'' میں میزبان اطہر کاظمی سے گفتگو کے دوران کیا ہے۔

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نیو کراچی ٹاؤن آفس کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت اور سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کے خلاف ریلی کا انعقاد

ہندوستان اپنی جارحیت بند کرے اور مظلوم کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق۔ حق خودارادی دے، چیئرمین محمد یوسف ودیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) نیو کراچی ٹاؤن آفس کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت اور سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کے خلاف ریلی کا انعقاد۔ منعقدہ ریلی میں بھارتی وکشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ ریلی کی قیادت کی۔ تفصیلات کے مطابق بھارتی جارحیت، سندھ طاس معاہدے اور کشمیری مسلمانوں پر ظلم کے خلاف نیو کراچی ٹاؤن کی جانب سے ریلی کا اہتمام کیا گیا جس میں نیو کراچی ٹاؤن کے افسران و ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بھارتی جارحیت کے خلاف ریلی کا آغاز نیو کراچی ٹاؤن کے مرکزی آفس سے ہوا جو نیو کراچی ٹاؤن کی مرکزی شاہراہوں سے گزری جس میں افسران و ملازمین کے ساتھ عوام کی بڑی تعداد بھی شریک تھی ریلی کے شرکاء نے "کشمیر بنے گا پاکستان" "مودی سرکار مردہ باد" بھارت مردہ باد۔ بھارتی اور کشمیری مسلمانوں پر ظلم بند کرو۔ کے فلک شگاف نعرے لگا کر بھارتی اور مقبوضہ کشمیر کے مظلوم اور نہتے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے منعقدہ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا

غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار، 14 ہزار امریکی ڈالر برآمد

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم مجتبیٰ حیدر کو چھاپہ مار کارروائی میں شاہراہِ پاکستان کراچی سے گرفتار کیا گیا، کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے غیر ملکی کرنسی اور موبائل فون برآمد ہوئے۔ ملزم سے 14 ہزار امریکی ڈالر اور 2 عدد موبائل فون برآمد ہوئے جبکہ موبائل فونز سے غیر ملکی کرنسی کی غیر قانونی خرید و فروخت سے متعلق ڈیجیٹل شواہد بھی برآمد کر لئے گئے۔

امریکی نائب صدر کے دورے کے بعد گرین لینڈ میں امریکی فوجی اڈے کی کمانڈر برطرف

کرنل مائرز کی برطرفی کی وجہ ان کا ٹرمپ کی گرین لینڈ سے متعلق پالیسی سے مبینہ انحراف بتایا جا رہا ہے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے گرین لینڈ میں قائم اپنے فوجی اڈے پٹفک اسپیس بیس کی کمانڈر کرنل سوزن مائرز کو عہدے سے ہٹا دیا۔ امریکی اخبار کے مطابق کرنل مائرز کی برطرفی کی وجہ ان کا ٹرمپ انتظامیہ کی گرین لینڈ سے متعلق پالیسی سے مبینہ انحراف بتایا جا رہا ہے۔ پینٹاگون کے ترجمان کے مطابق، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایجنڈے سے ہٹ کر کسی بھی طرزِ عمل کو وزارت دفاع میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ امریکی اخبار کا بتانا ہے کہ کرنل سوزن مائرز کو جمعرات کے روز اس وقت برطرف کیا گیا جب امریکی فوج کے حوالے سے رپورٹنگ کرنے والی ایک آزاد نیوز ویب سائٹ نے ایک رپورٹ میں ان کی ای میل کا ذکر کیا۔ اس ای میل میں کرنل مائرز نیا امریکی نائب صدر جے ڈی وانس کے 28 مارچ کے دورے کے بعد فوجی اڈے کے اہلکاروں کو لکھا کہ نائب صدر کی باتیں پٹفک اسپیس بیس کی نمائندگی نہیں کرتیں۔ صدر ٹرمپ نے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے گرین لینڈ (جو ڈنمارک کا خودمختار علاقہ ہے) پر امریکی کنٹرول کی خواہش ظاہر کر رکھی ہے جس پر ڈنمارک اور گرین لینڈ کے سیاستدانوں نے شدید اعتراضات کیے ہیں۔ نائب امریکی صدر جے ڈی وانس نے پٹفک بیس میں اپنی تقریر کے دوران ڈنمارک پر تنقید کی تھی جس پر مقامی سطح پر شدید ردعمل سامنے آیا

حکومت کو کیپٹیو پاور پلانٹس سے لیوی وصولی کی اجازت

حکومت لیوی کی رقم بجلی کی قیمتوں میں ایک روپیہ فی یونٹ کمی کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے حکومت کو کیپٹیو پاور پلانٹس سے گیس لیوی وصولی کی اجازت دے دی تاہم پارلیمنٹ سے متعلقہ آرڈیننس کی توثیق تک رقم کے استعمال سے روک دیا۔ ذرائع کے مطابق عدالت نے کیپٹیو پاور پلانٹس استعمال کرنیوالے فیکٹری مالکان سے 791 روپے فی ملین برٹش تھرمل یونٹ گیس لیوی وصولی کے خلاف تین ہفتے قبل جاری حکم امتناع مشروط طور پر ختم کر دیا، اس سے آئی ایم ایف کے خدشات وقتی طور پر دور ہو گئے۔ یہ لیوی آئی ایم ایف کی ہدایات پر لگائی گئی تاکہ صنعتیں نیشنل گرڈ پر منتقل کی جا سکیں۔ حکومت لیوی کی رقم بجلی کی قیمتوں میں ایک روپیہ فی یونٹ کمی کیلئے استعمال کرنا چاہتی ہے۔ ذرائع کے مطابق عدالت نے ہدایت کی کہ لیوی کی مد میں وصول رقم متعلقہ آرڈیننس کی مدت تک فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ میں جمع اور اسے آرڈیننس میں بیان مقصد کے علاوہ کسی اور مد میں استعمال نہ کی جائے، نیز آرڈیننس کی پارلیمنٹ توثیق نہ کرے تو اس کی مدت ختم ہونے پر پوری رقم درخواست گزاروں کو بلا تاخیر واپس کی جائے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت نے فروری میں آرڈیننس کے ذریعے کیپٹیو پاور پلانٹس پر لیوی عائد کی مگر ریٹس جاری نہ کیے۔

برطانیہ، مقتول شامی نوجوان احمد ممدوح کی نمازِ جنازہ ادا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں ہڈرز فیلڈ ٹاؤن سینٹر میں چاقو کے وار سے جاں بحق ہونے والے 16 سالہ نوجوان احمد ممدوح الابراہیم کی نمازِ جنازہ ادا کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق احمد کی المناک موت نے مقامی اور تارکین وطن کمیونٹی کو گہرے غم میں مبتلا کر دیا ہے۔ مرحوم احمد کے اہلِ خانہ کے مطابق، نمازِ جنازہ ایک خصوصی تقریب کے ساتھ ادا کی گئی، جس میں مقامی برادری کے سیکڑوں افراد، دوست احباب اور کمیونٹی لیڈرز نے شرکت کی۔

شاپنگ بیگ کے تمام مسائل مشاورت سے حل کریں گے، ندیم احمد خان

2019 کے نوٹیفکیشن اور 2014 کے قانون کے مطابق کام کرتے رہیں گے، عامر قاضی/ملک ایاز

کراچی (این این آئی) آل کراچی پلاسٹک بیگز مینوفیکچررز اینڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن کا اجلاس سائٹ ایریا میں منعقد ہوا۔ جس میں ایسوسی ایشن کے ممبران، فیکٹری مالکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر صدر ندیم احمد خان نے تمام صورتحال سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ شاپنگ بیگ کے تمام مسائل مشاورت سے حل کریں گے۔ حکومت سے شاپنگ بیگ کے حوالے سے بات چیت چل رہی ہے۔ جلد تمام مسائل حل کر لیں گے۔ نائب صدر عامر قاضی نے کہا کہ ممبران کا ایسوسی ایشن پر اعتماد ہی کامیابی کی ضمانت ہے۔ ممبران متحد ہو کر کام کریں۔ ترقی کی منازل ہماری منتظر ہیں۔ سیکرٹری جنرل ملک ایاز نے کہا کہ 2019 کے نوٹیفکیشن اور 2014 کے قانون کے مطابق کام کرتے رہیں گے، فیکٹری مالکان متحد ہیں۔

ریاست لوزیانا میں امیگریشن جج نے کولمبیا یونیورسٹی کے محمود خلیل کو ملک بدر کرنے کا حکم سنا دیا

محمود خلیل امیگریشن اپیلز بورڈ میں اپیل دائر کریں گے فوری طور پر کچھ ہونے والا نہیں، وکیل مارک وین ڈرہاٹ

نیویارک (جی این ایم) امریکی ریاست لوزیانا میں امیگریشن جج کی طرف سے سنائے گئے فیصلے میں کہا گیا ہے کہ کولمبیا یونیورسٹی سے گریجویشن کرنے والے محمود خلیل کو ملک سے نکالا جا سکتا ہے کیوں کہ انہیں امریکی قومی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ قبل ازیں وکلا نے فلسطین کی حمایت میں کیے جانے والے مظاہروں میں شرکت کرنے والے طالب علم محمود خلیل کی ملک بدری کی قانونی حیثیت پر دلائل دیے تھے امیگریشن جج جیمی ای کومینز نے جینا میں ہونے والی سماعت کے دوران کہا کہ حکومت کا یہ موقف کہ خلیل کی امریکہ میں موجودگی سے ممکنہ طور پر سنگین خارجہ پالیسی کے نتائج پیدا ہو سکتے ہیں ان کی ملک بدری کے لیے درکار قانونی شرائط پوری کرتا ہے

SPORTS سپورٹس

قومی ویمن ٹیم کی 4 سابق کرکٹرز کا بطور میچ آفیشل نئے کیریئر کا آغاز

چاروں سابق قومی کرکٹرز ہیں جو کھیل کے میدان کے بعد اب میچ آفیشل کے طور پر نئی اننگز شروع کر رہی ہیں

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان میں جہاں ویمن کرکٹ کو فروغ مل رہا ہے وہاں خواتین میچ آفیشلز کی نئی تاریخ بھی رقم ہونے لگی۔ کراچی میں جاری نیشنل انڈر 19 ویمن ٹورنامنٹ میں 5 خواتین میچ ریفریز فرائض انجام دے رہی ہیں، خاص بات یہ ہے کہ ان میں 4 سابق قومی کرکٹرز بھی شامل ہیں جنہوں نے میچ ریفری کے طور پر اپنے کیریئر کا آغاز کیا ہے۔ کراچی میں جاری نیشنل انڈر نائنٹین ویمن ٹورنامنٹ میں آل ویمن میچ آفیشلز کی جانب ایک اور اہم قدم، پاکستان کی پہلی خاتون میچ ریفری ثمن ذوالفقار کے ساتھ کائنات امتیاز، ایمن انور، حنا اعظم اور فاخرہ کاظمی بھی میچ ریفری کے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ چاروں سابق قومی کرکٹرز ہیں جو کھیل کے میدان کے بعد اب میچ آفیشل کے طور پر نئی اننگز شروع کر رہی ہیں۔ سابق فاسٹ بولر کائنات امتیاز نے پاکستان کی جانب سے 19 ون ڈے اور 21 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے، جبکہ ان کی والدہ بھی انٹرنیشنل امپائر ہیں۔ ایمن انور نے حال ہی میں کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لی، وہ پاکستان کی جانب سے 8 ون ڈے اور 37 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیل چکی ہیں، حنا اعظم اور فاخرہ کاظمی بھی قومی سطح پر کرکٹ کھیلتی رہی ہیں اور پہلی مرتبہ میچ ریفری کی حیثیت سے ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں۔ ویمن کرکٹ میں آل ویمن میچ آفیشلز کی روایت اب عالمی سطح پر بھی دیکھنے کو مل رہی ہے، آئی سی سی کے میگا ایونٹس میں بھی خواتین پر مشتمل میچ آفیشلز کی ٹیمیں فرائض انجام دے چکی ہیں اور پاکستان میں نیشنل انڈر 19 ویمن ٹورنامنٹ میں 5 خواتین میچ ریفریز کی شرکت اس روایت کے مزید مضبوط ہونے کی علامت ہے۔ روزنامہ ندائے وطن مردان

محمد عباس لارڈز پر 5 وکٹ لینے والے ساتویں پاکستانی بولر بن گئے

محمد عباس کی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ پر یہ پہلی پانچ وکٹ کی بولنگ پرفارمنس ہے

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کے خلاف لارڈز ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں پاکستان کے فاسٹ بولر محمد عباس نے 22 اوورز میں 3 میڈن اوور کیے اور 57 رنز کے بدلے 5 وکٹ کی پرفارمنس پیش کی۔ سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے 36 سال کے محمد عباس کے کیریئر کا یہ 32 واں ٹیسٹ ہے، جبکہ ان کے کیریئر میں 57 بولنگ پرفارمنس ہے، جبکہ لارڈز کے تاریخی میدان پر وہ پاکستان کے ساتویں بولر ہیں جنہوں نے اننگز میں پانچ وکٹ کی پرفارمنس پیش کی ہے۔ ان سے قبل جون 1954 میں خان محمد مرحوم پاکستان کے وہ پہلے بولر تھے جنہوں نے لارڈز میں پاکستان کے لیے 61 رنز دے کر 5 وکٹیں لی تھی۔ لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں دی گئی

اننگز میں 8 واں موقع ہے، جب انہوں نے پانچ یا اس سے زائد وکٹ کی پرفارمنس پیش کی ہو۔ اپریل 2017 میں کنگسٹن جمیکا میں ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹیسٹ ڈیبیو کرنے والے محمد عباس ٹیسٹ کرکٹ میں 22.25 کی اوسط سے 1121.3 اوورز میں اب تک 128 کھلاڑیوں کو آؤٹ کر چکے ہیں۔ محمد عباس کی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ پر یہ پہلی پانچ وکٹ کی پرفارمنس کی اس فہرست کے دیگر بولرز میں 1982 میں مدثر نذر کی 32 رنز دے کر 6 وکٹیں، وقار یونس کی 1992 میں 91 رنز کے عوض 5 وکٹیں، مشتاق احمد کی 1996 میں 57 رنز دے کر 5 وکٹیں، محمد عامر کی 2010 میں 84 رنز دے کر 6 وکٹیں جبکہ یاسر شاہ کی 2016 میں 72 رنز دے کر 6 وکٹیں کی بولنگ پرفارمنس شامل ہیں۔

نیویارک، رگبی لیگ میچ کے دوران کھلاڑی بال چھننے کیلئے گتھم گتھا ہو رہے ہیں

لارڈز ٹیسٹ: انگلینڈ نے پاکستان کو 194 رنز سے ہرا کر سیریز اپنے نام کر لی

اولے رابنسن نے 24 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، پاکستان کو لارڈز کے تاریخی کرکٹ گراؤنڈ میں 16 سال بعد ٹیسٹ میچ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا

لارڈز (سپورٹس نیوز) انگلینڈ نے لارڈز ٹیسٹ میں پاکستان کو 194 رنز سے شکست دے کر سیریز میں دو صفر کی ناقابلِ شکست برتری حاصل کر لی۔ قومی ٹیم 389 رنز کے تعاقب میں 194 رنز پر آؤٹ ہو گئی۔ لارڈز ٹیسٹ کے چوتھے دن انگلینڈ کی ٹیم نے اپنی دوسری نامکمل اننگز 177 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ سے شروع کی اور اس کی آخری تین وکٹیں گذشتہ روز کے اسکور میں 31 رنز کے اضافے سے گر گئیں۔ انگلینڈ کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 2.54 اوورز کی بیٹنگ میں 208 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔ انگلینڈ کی دوسری اننگز کی خاص بات ایسیکس کاؤنٹی کے 29 سال کے ڈین لارنس کے 70 گیندوں پر بنائے گئے 54 رنز تھے۔ ٹیسٹ کرکٹ میں ڈین لارنس کی یہ چھٹی نصف سنچری اننگز تھی۔ پاکستان کی جانب سے انگلینڈ کی دوسری اننگز میں محمد عباس سب سے کامیاب بولر رہے۔ انہوں نے 57 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ خرم شہزاد اور محمد علی نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ 36 سال کے محمد عباس کی لارڈز میں یہ پانچ وکٹ کی پہلی اور پاکستان کی طرف سے تاریخی لارڈز کے میدان پر کسی بھی پاکستانی بولر کی پانچ وکٹ لینے کی ساتویں پرفارمنس تھی۔ لارڈز ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں انگلینڈ کی ٹیم کے اسکور 290 رنز کے جواب میں پاکستان ٹیم صرف 110 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی تھی۔ انگلینڈ نے پہلی اننگز کی 180 رنز کی برتری کے ساتھ دوسری اننگز میں پاکستان کو ٹیسٹ جیتنے کے لیے 389 رنز کا ہدف دیا ہے۔ پاکستان کی دوسری اننگز میں بھی پہلی اننگز کی طرح اوپنر امام الحق پنڈلی میں تکلیف کے سبب دستیاب نہ تھے اور شان مسعود کیساتھ اذان اویس اننگز کا آغاز کرنے آئے۔ البتہ 14 کے مجموعی اسکور پر پاکستان پہلی اننگز کے ٹاپ اسکورر اذان اویس، عبداللہ شفیق اور کپتان بابر اعظم کی وکٹیں گنوا چکا تھا۔ اس موقع پر سابق ٹیسٹ کپتان شان مسعود اور سعود شکیل نے ٹیم کا سنبھالا دیا۔ چوتھے دن کھانے کے وقفے کے بعد بارش کے سبب کچھ دیر کے لیے کھیل روکا، اور جب دوبارہ شروع ہوا تو 111 رنز کے مجموعی اسکور پر پاکستان کو چوتھا نقصان اٹھانا پڑا۔ اولے رابنسن جنہوں نے اپنے تیسرے اوور کی تین گیندوں پر اوپنر اذان اویس اور عبداللہ شفیق کو آؤٹ کیا تھا۔ ان کی ایک اندر آتی گیند شان مسعود کے پیڈز پر لگی، لیکن جنوبی افریقہ کے امپائر پالیکر نے بائیں ہاتھ کے بیٹس مین کو ناٹ آؤٹ قرار دیا۔ البتہ ڈی آر ایس میں واضح تھا کہ گیند واضح طور پر شان مسعود کی وکٹوں میں جا رہی تھی، جب پیڈ پر لگی اور یوں امپائر کو اپنا فیصلہ بدلنا پڑا۔ شان مسعود 72 گیندوں پر 26 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے اور یوں سعود اور شان کے درمیان چوتھی وکٹ پر یہ 97 رنز کی شراکت ختم ہوئی۔ چھٹے نمبر پر آنے والے وکٹ کیپر محمد رضوان صرف 9 گیندوں کے مہمان ثابت ہوئے اور رابنسن کی دوسری اننگز میں چوتھی وکٹ بنے۔ رضوان نے وکٹوں میں آتی ایک سیدھی گیند پر گھٹنہ زمین پر رکھ کر زوردار شارٹ مارنے کی کوشش کی اور ایل بی ڈبلیو قرار پائے۔ چائے کے وقفے کے بعد 16 کے انفرادی اسکور پر علی عثمان کو جوفرا آرچر نے آؤٹ کر دیا۔ دوسرے اینڈ پر سعود شکیل ڈٹے رہے، البتہ جوش ٹونگے کو پل شارٹ کھیلتے ہوئے وہ بدقسمتی سے پانچویں ٹیسٹ سنچری سے محض تین رن پہلے ہیری بروک کو باؤنڈری لائن پر کیچ تھما بیٹھے۔ بائیں ہاتھ کے بلے باز نے 122 گیندوں پر 13 چوکے اور دو چھکے مارے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 194 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ انگلینڈ کی جانب سے اولے رابنسن سب سے کامیاب بولر رہے جنہوں نے 24 رنز دے کر چار آؤٹ کیے اور انگلینڈ نے ٹیسٹ رنز 194 سے جیت کر سیریز میں 2-0 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ انگلینڈ اور پاکستان کے درمیان تیسرا اور آخری ٹیسٹ 9 ستمبر سے برمنگھم کے ایجبسٹن کرکٹ گراؤنڈ پر شروع ہوگا۔ ندائے وطن مردان

مائیکل وان کی پاکستانی بیٹنگ پر کڑی تنقید

دوسرے درجے کی کاؤنٹی ٹیم سے تشبیہ دے دی

لندن (ندائے وطن نیوز) انگلینڈ کے سابق کپتان مائیکل وان نے پاکستان کی بیٹنگ لائن اپ کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے دوسرے درجے کی کاؤنٹی کرکٹ سے تشبیہ دے دی۔ بی بی سی ٹیسٹ میچ اسپیشل پر گفتگو کرتے ہوئے مائیکل وان نے کہا کہ انگلینڈ کے بولرز کو پاکستانی بیٹرز کی جانب سے کسی خاص چیلنج کا سامنا نہیں، پاکستان کی موجودہ بیٹنگ لائن اپ طویل عرصے میں دیکھی جانے والی آسان ترین لائن اپس میں سے ایک ہے۔ مائیکل وان نے کہا کہ انگلینڈ کے بولرز جانتے ہیں کہ پاکستانی بیٹنگ میں وکٹیں موجود ہیں، اس لیے ہر بولر وکٹ لینے کے لیے بے تاب دکھائی دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی بیٹرز کی جانب سے انگلش بولرز کو نقصان پہنچانے کا کوئی خاص خطرہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کے بولرز جانتے ہیں کہ پاکستان بڑے اسکور نہیں کرے گا، اس لیے وہ ہر اسپیل میں بھرپور کوشش کر رہے ہیں اور مزید اوورز کروانے کے لیے کپتان جو روٹ سے بھی گیند مانگ رہے ہیں۔ مائیکل وان نے انگلش بولنگ اٹیک کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بولرز اچھی کارکردگی دکھا رہے ہیں اور اگر وہ اسی انداز میں بولنگ جاری رکھتے ہیں تو بہتر بیٹنگ لائن اپس کو بھی مشکلات سے دوچار کر سکتے ہیں۔ سابق انگلش کپتان نے طنزیہ انداز میں سوال اٹھایا کہ کیا یہ دوسرے درجے کی کاؤنٹی کرکٹ ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی ٹیم کی بیٹنگ کسی بھی معیار سے ایسی نہیں لگ رہی جو ٹیسٹ میچ کی بیٹنگ لائن اپ کہلائے۔ واضح رہے کہ پاکستان کو پہلے ٹیسٹ میں انگلینڈ کے ہاتھوں اننگز اور 103 رنز سے شکست ہوئی تھی جبکہ خراب بیٹنگ کے باعث دوسرے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں بھی 290 رنز کے جواب میں 110 رنز پر ڈھیر ہو گئی تھی۔

میں نے بابر سمیت دیگر کی تکنیکی خامیوں کی نشاندہی کی تھی، محمد یوسف

پاکستانی کرکٹرز کو یہ سیکھنا ہوگا کہ انہیں کس کی بات سننی چاہیے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور ٹیسٹ کرکٹر و عظیم بلے باز محمد یوسف نے کہا ہے کہ چند سال قبل میں نے بابر اعظم سمیت دیگر کھلاڑیوں کی تکنیک میں موجود خامیوں کی نشاندہی کی تھی تاہم بعض نام نہاد کوچز نے مجھے ان مسائل پر کام کرنے کی اجازت نہیں دی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں محمد یوسف نے کہا کہ پاکستانی کھلاڑیوں کی ناقص تکنیک اب بنگلادیش سے لے کر انگلینڈ تک بری طرح بے نقاب ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن خامیوں کو کئی سال پہلے درست کیا جا سکتا تھا، انہیں نظر انداز کیے جانے کے باعث اب وہ پاکستان کرکٹ کی واضح کمزوری بن چکی ہیں اور قومی ٹیم کو عالمی سطح پر مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس وقت ان خامیوں کو دور کر لیا جاتا تو آج پاکستان کرکٹ کو موجودہ زوال کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ محمد یوسف کے مطابق بعض کوچز کھیل کے لیے زہر ہیں کیونکہ ان میں وژن کی کمی ہے، وہ ترقی کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں اور باصلاحیت

ترین کھلاڑیوں کو بھی غلط رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کرکٹرز کو یہ سیکھنا ہوگا کہ انہیں کس کی بات سننی چاہیے، بصورت دیگر ان کے کیریئر توقع سے کہیں پہلے اختتام پذیر ہو سکتے ہیں۔ روزنامہ ندائے وطن مردان

SHOWBIZ شوبز

ریشم غربت پر لیلیٰ کا مذاق اڑایا کرتی تھی، میرا کا تہلکہ خیز دعویٰ

میرا کے مطابق لیلیٰ بچپن سے اپنے خاندان کی کفالت کرتی آئی ہیں

پاکستانی اداکارہ میرا نے اپنی قریبی دوست اور فلم اسٹار لیلیٰ کی زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے اداکارہ ریشم پر سنگین الزامات عائد کر دیے۔ جغرافیائی تفتیش اور معلومات حاصل کرنا لیلیٰ ان دنوں ایک پاکستانی ریئلٹی شو میں شرکت کے باعث ایک بار پھر خبروں میں ہیں جہاں ناظرین ان کے انداز اور دیگر شرکا کے ساتھ تعلق کو پسند کر رہے ہیں۔ حال ہی میں میرا نے انسٹاگرام پر لیلیٰ کے حق میں ایک طویل پیغام شیئر کرتے ہوئے مداحوں سے انہیں سپورٹ کرنے اور ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس دوران انہوں نے دعویٰ کیا کہ لیلیٰ نے زندگی میں شدید مالی مشکلات کا سامنا کیا اور ریشم ان کی غربت کا مذاق اڑاتی تھیں۔ میرا کے مطابق لیلیٰ بچپن سے اپنے خاندان کی کفالت کرتی آئی ہیں اور انہوں نے زندگی میں کئی مشکل حالات کا تنہا مقابلہ کیا ہے۔ انہوں نے اپنی گاڑی، گھر، زیورات اور خاندان سمیت بہت کچھ کھو دیا اور ایک وقت میں مالی طور پر انتہائی مشکل حالات کا شکار ہوئیں۔ میرا نے الزام لگایا کہ ریشم نے لاہور میں تقریباً 20 برس تک لیلیٰ کو مشکل وقت دیا کیونکہ ان کے پاس اپنا گھر یا گاڑی نہیں تھی اور انہیں نیچا دکھانے کی کوشش کی جاتی رہی۔ اداکارہ نے لیلیٰ کو اپنی بہن قرار دیتے ہوئے خواہش ظاہر کی کہ اب وہ زندگی میں خوشیاں دیکھیں، شادی کر کے ایک پرسکون اور خوشحال زندگی گزاریں۔ میرا نے ریئلٹی شو میں لیلیٰ کی کارکردگی کی بھی تعریف کرتے ہوئے انہیں شو کی کوئین اور جیت کی سب سے زیادہ حقدار امیدوار قرار دیا اور مداحوں سے ان کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل کی۔
ندائے وطن مردان

اپنے والد سے یہ نہیں کہہ سکا میں آپ سے پیار کرتا ہوں، ریمبو

آج والد میرے سامنے آجائیں تو میں انہیں سینے سے لگا لوں گا، انٹرویو

لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکار افضل خان عرف ریمبو نے کہا ہے کہ آپ اپنے والد سے یہ نہیں کہہ سکتے کہ میں آپ سے بہت پیار کرتا ہوں، میں اپنی والدہ سے تو لپٹ بھی لیا کرتا تھا لیکن والد صاحب سے کبھی اپنے جذبات کا اظہار نہیں کر سکا۔ ایک انٹرویو میں ریمبو نے کہا کہ آج اگر میرے والد میرے سامنے آجائیں تو میں انہیں سینے سے لگا کر کہوں کہ بابا مجھے آپ سے بہت پیار ہے۔ میرے والد نے ہمیں بڑی محنت اور محبت سے پالا، ہماری ضروریات پوری کرنے کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔ انہوں نے کہا کہ والدین کی محبت کا کوئی نعم البدل نہیں، ہمیں ان کی زندگی میں ہی ان کی قدر کرنی چاہیے۔ بعض اوقات انسان اپنے جذبات دل میں رکھ لیتا ہے اور پھر وقت گزرنے کے بعد احساس ہوتا ہے کہ کاش وہ بات اس وقت کہہ دی ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ والد کی شفقت اور تربیت نے ہماری شخصیت بنانے میں اہم کردار ادا کیا، والدین کی دعائیں اور ان کی محنت اولاد کے لیے زندگی بھر سرمایہ رہتی ہیں۔

عزت نہ ملے تو رشتہ برقرار رکھنا ضروری نہیں: زینت امان

1985 میں سنگاپور میں مظہر خان سے شادی کی تھی، زینت امان

ممبئی (شوبز ڈیسک) سینئر بھارتی اداکارہ زینت امان نے اپنے دوسرے شوہر مظہر خان سے شادی کے تلخ تجربات بیان کرتے ہوئے کہا کہ 1985 میں سنگاپور میں مظہر خان سے شادی کی تھی۔ ہمارے 2 بیٹے، اذان اور زہان ہیں، دونوں نے تقریباً 13 سال ساتھ زندگی گزاری، انہوں نے مظہر خان سے باضابطہ طور پر طلاق تو نہیں لی لیکن 1998 میں مظہر خان کے انتقال سے قبل وہ انہیں چھوڑ کر چلی گئی تھیں۔ زینت امان نے کہا کہ صرف محبت ملنا کافی نہیں، اگر عزت نہ ملے تو رشتہ برقرار رکھنا ضروری نہیں اور میں نے بھی کئی دکھی تجربات کے بعد ایسا ہی کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کو اکثر حالات سے سمجھوتہ کرنے اور دوسروں کے رویوں کو برداشت کرنے کی تعلیم دی جاتی ہے، کامیابی انسان کو اعتماد سکھا سکتی ہے لیکن دل ٹوٹنے کا تجربہ اپنی حدود متعین کرنا سکھاتا ہے۔
روزنامہ ندائے وطن مردان

گھریلو تشدد کے باعث پہلے شوہر کو چھوڑنے کا فیصلہ کیا، کامیا

47 سالہ کامیا نے کاروباری شخصیت بنٹی نیگی سے شادی کی تھی اور دونوں کی ایک بیٹی بھی ہے

بھارتی فلموں اور ٹیلی ویژن کی اداکارہ کامیا پنجابی نے حال ہی میں اپنی پہلی شادی کے دوران پیش آنے والے تلخ تجربات اور گھریلو تشدد سے نجات حاصل کرنے کے بارے میں گفتگو کی۔ 47 سالہ کامیا نے کاروباری شخصیت بنٹی نیگی سے شادی کی تھی اور دونوں کی ایک بیٹی بھی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کئی سال تک گھریلو تشدد برداشت کرنے کے بعد انہوں نے اس وقت شوہر کو چھوڑنے کا فیصلہ کیا جب ان کی بیٹی نے دونوں کے درمیان ہونے والی لڑائی دیکھ لی۔ سدھارتھ کنن کو دیے گئے انٹرویو میں کامیا نے بتایا کہ وہ کام پر جانے سے پہلے اپنے چہرے پر بھاری میک اپ کرتی تھیں تاکہ مار پیٹ کے نشانات اور چوٹیں چھپائی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ میں ایک ایوارڈ لینے گئی تو مجھے اپنے آپ پر شرمندگی محسوس ہو رہی تھی۔ میں سوچ رہی تھی، میں کون ہوں اور میں کیا کر رہی ہوں؟ گھر میں مجھے مارا پیٹا جا رہا تھا اور پھر میں باہر جا کر ایوارڈ وصول کر رہی تھی۔ کیوں؟ اس ساری صورتحال پر میں خود کو باتھ روم میں بند کر کے گھنٹوں روتی، بعض اوقات پوری رات اسی طرح گزر جاتی تھی۔ کامیا نے بتایا کہ ان کے سابق شوہر ان پر شک بھی کرتے اور چاہتے تھے کہ میں اداکاری چھوڑ دوں۔ شوہر ہر دس منٹ بعد فون کرتے اور اگر فون نہ اٹھاتیں تو ان سے پوچھ گچھ کرتے کہ کہاں گئی تھی۔ آخر کار وہ وقت آیا جب ان کی بیٹی نے دونوں کو لڑتے ہوئے دیکھ لیا اور رونے لگی۔ اس واقعے نے کامیا کو احساس دلایا کہ وہ مزید اس رشتے میں نہیں رہ سکتیں، جس کے بعد انہوں نے گھر چھوڑنے کا فیصلہ کیا اور اپنا بیگ اٹھا کر گھر سے باہر نکل گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ میرے لیے یہ بالکل مشکل نہیں تھا۔

میں ایک بار بھی نہیں روئی۔ بعد ازاں کامیا نے 2020 میں بھارتی ہیلتھ کیئر ایگزیکٹو شلاب ڈانگ سے شادی کی۔ جہاں تک کام کا تعلق ہے تو کامیا نے ٹیلی ویژن پر کافی کام کیا، 2000 کی دہائی کے آغاز میں کیریئر کا آغاز کیا اور کئی مقبول ٹی وی ڈراموں میں نظر آئیں، جن میں کہنے کو ہمسفر ہیں، بنے گی اپنی بات، ریت، پیا کا گھر، کیونکہ ساس بھی کبھی بہو تھی، کہانی گھر گھر کی اور مریادا: لیکن کب تک؟ شامل ہیں۔
ندائے وطن مردان

محنت، جستجو اور سینئرز کی رہنمائی نے کامیابی کی راہ ہموار کی، عمران اشرف

ساری زندگی اپنے پرستاروں کی محبتوں کا مقروض رہوں گا، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (ندائے وطن نیوز) معروف اداکار عمران اشرف نے کہا ہے کہ میں خود کو خوش قسمت انسان سمجھتا ہوں کہ شوبز کی دنیا میں آ کر مجھے بے پناہ محبت اور پذیرائی ملی، اس مقام تک پہنچنے کے لئے مسلسل محنت، جستجو اور اپنے فن کو بہتر بنانے کی کوشش جاری رکھی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ شوبز کیریئر شروع کرتے وقت میرے اندر کامیابی کی جستجو موجود تھی اور خوش قسمتی سے مجھے ایسے لوگ اور سینئر فنکار ملے جنہوں نے بھرپور انداز میں سپورٹ کیا۔ عمران اشرف نے کہا کہ اپنی محنت کے ساتھ سینئرز کی رہنمائی بھی میرے لئے قیمتی ثابت ہوئی اور اسی کاوش کا نتیجہ ہے کہ مجھے شوبز میں مختلف کردار ادا کرنے کے مواقع ملے۔ انہوں نے کہا کہ مزاحیہ پروگرام کی میزبانی کا تجربہ بھی کامیاب اور یادگار رہا، کسی بھی فنکار کے لئے اپنے پرستاروں کی محبت سب سے بڑا اعزاز ہوتی ہے اور وہ اس محبت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے پرستاروں کی محبتوں کا ساری زندگی مقروض رہوں گا اور کوشش کروں گا کہ اپنے کام کے ذریعے ان کے اعتماد پر پورا اتر سکوں۔ شوبز کیریئر شروع کرتے وقت میرے اندر کامیابی کی جستجو موجود تھی اور خوش قسمتی سے مجھے ایسے لوگ اور سینئر فنکار ملے جنہوں نے بھرپور انداز میں سپورٹ کیا۔ عمران اشرف نے کہا کہ اپنی محنت کے ساتھ سینئرز کی رہنمائی بھی میرے لئے قیمتی ثابت ہوئی اور اسی کاوش کا نتیجہ ہے کہ مجھے شوبز میں مختلف کردار ادا کرنے کے مواقع ملے۔ انہوں نے کہا کہ مزاحیہ پروگرام کی میزبانی کا تجربہ بھی کامیاب اور یادگار رہا، کسی بھی فنکار کے لئے اپنے پرستاروں کی محبت سب سے بڑا اعزاز ہوتی ہے اور وہ اس محبت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے پرستاروں کی محبتوں کا ساری زندگی مقروض رہوں گا اور کوشش کروں گا کہ اپنے کام کے ذریعے ان کے اعتماد پر پورا اتر سکوں۔ روزنامہ ندائے وطن مردان

گلوکارہ میگھا اور عباس جٹ کا نیا ویڈیو گیت ''چھلا'' ریلیز کر دیا گیا

پنجابی زبان ہماری پہچان ہے، اسے فن کے ذریعے اجاگر کرنا باعث فخر ہے' گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) معروف گلوکارہ میگھا اور گلوکار عباس جٹ کا نیا ویڈیو گیت ''چھلا'' ریلیز کر دیا گیا۔ ویڈیو گیت کے ریلیز ہوتے ہی شائقین کی جانب سے اسے بیحد پسند کیا جا رہا ہے۔ ''چھلا'' کی شاعری اصغر علی نے لکھی ہے جبکہ اس کا میوزک حماد نے ترتیب دیا ہے، ویڈیو گیت کو علوی اسٹوڈیو کے پلیٹ فارم سے ریلیز کیا گیا ہے۔ ویڈیو گیت میں میگھا اور عباس جٹ نے روایتی انداز میں پرفارمنس بھی پیش کی ہے۔ میگھا اور عباس جٹ نے کہا کہ پنجابی زبان ہماری پہچان اور شناخت ہے، اسے اپنے فن کے ذریعے اجاگر کرنا ہمارے لئے باعث فخر ہے، چھلا ایک خوبصورت اور منفرد ویڈیو گیت ہے جسے ریلیز ہوتے ہی بیحد پذیرائی مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شائقین موسیقی کو معیاری اور مثبت تفریح فراہم کرنے کے لئے مستقبل میں بھی مشترکہ پراجیکٹس کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 1

میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور کسٹمز حکام کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور جرائم پیشہ نیٹ ورک کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں اور حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ علاقے میں جاری کلیئرنس آپریشن کو مزید مؤثر بنایا جائے اور قومی شاہراہوں سمیت شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سندھ طاس معاہدے (Indus Waters Treaty) کی حیثیت سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے پاکستان کے مؤقف کی اہم قانونی اور سفارتی کامیابی قرار دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ عالمی ثالثی عدالت کا متفقہ فیصلہ اس امر کی واضح توثیق ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل، ختم یا ''التوا'' میں نہیں رکھ سکتا، معاہدہ بدستور نافذ العمل اور بھارت کے لیے قانونی طور پر پابند ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عدالت نے بھارت کی جانب سے معاہدے کی معطلی یا خاتمے کے لیے پیش کیے گئے مختلف جواز، جن میں خودمختاری، پاکستان کی جانب سے مبینہ خلاف ورزی، دہشت گردی، حالات میں تبدیلی، مسلح تنازع اور جوابی اقدامات شامل تھے، کو تسلیم نہیں کیا۔ عدالت نے واضح کیا کہ سندھ طاس معاہدے میں ترمیم یا اس کا خاتمہ صرف پاکستان اور بھارت کی باہمی رضامندی سے ایک نئے معاہدے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ کے پانیوں سے متعلق پاکستان کے دیرینہ حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے یہ فیصلہ نہایت اہم ہے اور اس سے بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری اور عالمی قانون کی بالادستی کے اصول مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ رتلے ہائیڈروالیکٹرک منصوبے کے حوالے سے بھی عدالت کی جانب سے پاکستان کی درخواست پر عبوری اقدامات کی منظوری اہم پیش رفت ہے۔ بھارت کو ڈیم کی دیوار اور پاور انٹیک اسٹرکچر کے مخصوص حصوں پر مقررہ سطح سے زیادہ کنکریٹنگ سے روکا گیا ہے جبکہ منصوبے کے تعمیراتی شیڈول میں ہونے والی تبدیلیوں سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کا بھی پابند کیا گیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پابندیاں نیوٹرل ایکسپرٹ کے حتمی فیصلے کے 90 روز بعد تک برقرار رہیں گی، جو متوقع طور پر جولائی 2027 میں سامنے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ بین الاقوامی قوانین، معاہدوں اور مذاکراتی عمل پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور آج کا فیصلہ اس اصول کی فتح ہے کہ کسی بھی بین الاقوامی معاہدے کو یکطرفہ طور پر اپنی مرضی سے معطل یا ختم نہیں کیا جا سکتا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انصاف غالب آ گیا ہے اور عالمی ثالثی عدالت کا یہ متفقہ فیصلہ پاکستان کے قانونی مؤقف کی مضبوطی کا مظہر ہے۔ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری کے لیے آئندہ بھی ہر قانونی اور سفارتی فورم پر مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا

بقیہ نمبر 2

ر) نے کے الیکٹرک کو بلا شیڈول اور غیر ضروری لوڈشیڈنگ سے فوری طور پر اجتناب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے تمام صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے سخت احکامات جاری کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق نیپرا نے واضح کیا ہے کہ لائن لاسز اور ریکوری کی بنیاد پر لوڈشیڈنگ غیر قانونی ہے، جبکہ نقصانات کی بنیاد پر کسی فیڈر کی بجلی بند کرنے کا عمل فوری طور پر روکا جائے۔ نیپرا نے کہا کہ بجلی چوری یا نادہندگی کی سزا باقاعدہ بل ادا کرنے والے صارفین کو نہیں دی جا سکتی، باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کو بلاجواز لوڈشیڈنگ کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ کے الیکٹرک پر تمام صارفین کو بلاامتیاز بجلی کی فراہمی کی قانونی ذمہ داری عائد ہے۔ نیپرا نے بجلی چوری اور نقصانات کے تدارک کیلئے متبادل اقدامات اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نادہندہ اور بجلی چوری میں ملوث افراد کیخلاف کارروائی کی جائے، پورے فیڈر کی بجلی بند نہ کی جائے۔ نیپرا نے بجلی چوروں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن اور قانونی کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مؤثر تعاون بڑھانے کا حکم دیدیا۔ نیپرا نے کے الیکٹرک کو نقصانات میں کمی کیلئے مرحلہ وار اور وقت مقررہ منصوبہ تیار کرنے کا حکم بھی دیدیا

بقیہ نمبر 3

لیٹری اتھارٹی کے بورڈ سے استعفوں کا سلسلہ جاری ہے، چیئرمین کے بعد مزید پانچ ارکان نے استعفے دیدیئے۔ وفاقی وزارت قومی صحت کو استعفے موصول ہو گئے، نو رکنی بورڈ میں اب صرف دو ارکان باقی ہیں۔ مستعفی ہونے والوں میں پروفیسر نعیم ملک، مطیع الرحمان، کرنل ریٹائرڈ عارف، عاصمہ خلیل اور ممبر فنانس کاشف ظہور شامل ہیں۔ ممبر لا پہلے ہی استعفیٰ دے چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 4

گیلانی کی پانچویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید علی شاہ گیلانی نے اپنی پوری زندگی، جموں و کشمیر کے عوام کے جائز امنگوں کے فروغ کیلئے وقف کر دی، سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق جموں و کشمیر کے تنازع کے منصفانہ، پُرامن اور پائیدار حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سید علی شاہ گیلانی ایک عظیم کشمیری رہنما تھے جن کی حیات جرات، ثابت قدمی اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے پختہ عزم سے عبارت تھی۔ انہوں نے کہا کہ سید علی شاہ گیلانی نے اپنی پوری زندگی جموں و کشمیر کے عوام کی جائز امنگوں کے فروغ کے لیے وقف کر دی، طویل قید، نظر بندی اور بے پناہ ذاتی مشکلات و مصائب کے باوجود وہ اپنے نظریات پر ثابت قدمی سے قائم رہے اور انصاف، وقار اور آزادی کی شمع روشن رکھنے کے لیے اپنے پختہ عزم پر ڈٹے رہے، ان کی ثابت قدمی اور اخلاقی جرات آج بھی کشمیریوں کی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے مشہور الفاظ، ''ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے'' پاکستان کے ساتھ ان کی گہری جذباتی اور سیاسی وابستگی اور کشمیری عوام کی جائز امنگوں پر ان کے پختہ یقین کی علامت بن گئے، یہ الفاظ آج بھی ان کے عزم و جدوجہد سے متاثر ہونے والوں کے دلوں میں گونجتے ہیں اور ان کے یقین کا ایک طاقتور اظہار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سوگوار موقع پر ہم سید علی شاہ گیلانی کی یاد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی قربانیوں کے ساتھ ساتھ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام کی جانب سے دی جانے والی بے شمار قربانیوں کو بھی سلام پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ جرات، وقار اور ثابت قدمی پر مبنی ان کی میراث انصاف اور آزادی کے لیے جدوجہد کرنے والی نسلوں کی رہنمائی کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے جائز حق خودارادیت کے حصول کے لیے اپنی بھرپور اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کا اعادہ کرتا ہے، ہم اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق جموں و کشمیر کے تنازع کے منصفانہ، پرامن اور پائیدار حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 5

نیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب چاغی کے علاقے نوکچو اور ضلع پشین زیارت کراس میں کارروائیاں کی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں نے کوئٹہ تفتان قومی شاہراہ این 40 پر مسافروں کی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش کی، دہشتگردوں نے بھتہ خوری کے لیے غیر قانونی چیک پوسٹ قائم کرنے کی کوشش کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کی اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 11 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب دہشتگردوں نے کسٹمز ہاؤس پر قبضہ کیلئے حملہ کیا جس کو سیکیورٹی فورسز نے مؤثر جواب دیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 10 دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فرار دہشتگردوں کو بھی سیکیورٹی فورسز نے نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں مزید دہشتگرد ہلاک اور زخمی ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں 2 افسران اور کسٹمز ڈپارٹمنٹ کے ایک سرکاری اہلکار سمیت 6 بہادر سپوت شہید ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کسٹمز ہاؤس پر حملہ دہشتگردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کا مظہر تھا۔ حملے کا مقصد کسٹمز حکام کو اپنے قانونی فرائض کی انجام دہی سے روکنا تھا۔ حملے کا مقصد علاقے میں جاری مجرمانہ سرگرمیوں کو جاری رکھنے میں سہولت فراہم کرنا تھا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے علاقوں چاغی اور پشین میں 21 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کسٹمز ہاؤس پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے اور کوئٹہ۔ تفتان ہائی وے پر دہشت گردوں کی جانب سے غیر قانونی چیک پوسٹ قائم کر کے مسافروں کی نقل و حرکت متاثر کرنے کی کوششیں ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے دوران دو افسران اور کسٹمز کے ایک اہلکار سمیت چھ بہادر جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہدا نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے وطن عزیز کے دفاع کی عظیم مثال قائم کی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں نوکچہ، چاغی، زیارت کراس اور پشین میں مختلف آپریشنز میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 21 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کسٹمز ہاؤس پر دہشت گرد حملے میں کسٹمز کے 2 افسران اور ایک اہلکار سمیت 6 بہادر جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا ہے اور کہا کہ شہدا کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پر عزم ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے نوکچہ (چاغی) اور زیارت کراس (پشین) میں 21 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے فرض کی راہ میں جام شہادت نوش کرنے والے کسٹمز افسران سمیت وطن کے 6 بہادر سپوتوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدا نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر کسٹم ہاؤس پر حملہ ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ شہدا کی یہ عظیم قربانیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کا واضح ثبوت ہیں، سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں قیام امن کے لیے مکمل پرعزم ہیں اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے والے فورسز کے بہادر جوانوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ پوری قوم کی آواز ہے اور پوری قوم اس ناسور کے خاتمے کے لیے اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 6

پراہتمام منعقدہ تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ معاشی ترقی میں نجی شعبے کی شمولیت ضروری ہے، سرکاری اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری سے معیشت پائیدار بنیادوں پر آگے بڑھ سکتی ہے، معاشی سرگرمیوں کا عمل سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ سے جڑا ہے، حکومت معاشی استحکام کے ساتھ پائیدار ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ملک اس وقت استحکام سے نمو کی جانب گامزن ہے، چند سال قبل ہماری معیشت سکڑ گئی تھی تاہم بتدریج بحالی کا عمل جاری ہے، گزشتہ سال اقتصادی نمو کی شرح 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی، رواں سال اس سے زیادہ کی توقع ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے حالیہ بحران سے مہنگائی اور مجموعی قومی پیداوار پر اثرات مرتب ہوئے ہیں، پاکستان اس مسئلے کے حل میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں اتار چڑھاؤ کے سائیکل کی وجہ سے ادائیگیوں میں توازن کے مسائل پیش آئے تھے، ہماری کوشش ہے کہ برآمدات پر مبنی نمو اور اسے پائیدار بنیادوں پر جاری رکھنے پر توجہ دی جائے، اس وقت مالی خسارہ 22 برسوں کی کم ترین سطح پر ہے، پرائمری بیلنس کی صورتحال بھی بہتر ہے، گزشتہ سال حسابات جاریہ کے کھاتے فاضل رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہمارے لئے نمو نہیں بلکہ نمو کو پائیدار بنیادوں پر آگے بڑھانا ایک چیلنج ہے اس کیلئے نجی شعبے کی قیادت میں برآمدات پر مبنی نمو کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ بطور حکومت ہمارا کردار متوازن اور موزوں ایکو سسٹم کی فراہمی ہے، حکومت مالی گنجائش کے مطابق برآمدات پر مبنی نمو کو فروغ دینے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے، گزشتہ اور جاری مالی سال کے بجٹ میں اس حوالے سے کئی اقدامات کئے گئے ہیں، سپر ٹیکس کا خاتمہ کیا گیا، ایڈوانس ٹیکس میں بھی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، توانائی کی قیمتوں مسابقتی بنانے کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ مسابقتی مالیات کیلئے ہماری کوششیں جاری ہیں، اگرچہ مشرق وسطیٰ کے بحران کی وجہ سے معیشت پر اثرات مرتب ہوئے اور پالیسی ریٹ میں اضافہ ہوا تاہم اس کے باوجود حکومت صورتحال میں بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، برآمد کنندگان کو 4.5 فیصد کی شرح سے مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے، اس ضمن میں ایگزم بینک پاکستان کا کردار اہمیت کا حامل ہے، حکومت ایکسپورٹ ری فنانسنگ کے لئے اقدامات کر رہی ہے، ایل ٹی ایل ایف پر عملدرآمد ہو چکا ہے، ہماری کوشش ہے کہ برآمدات کی بنیاد کو وسیع البنیاد اور متنوع بنایا جائے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ برآمدات کے فروغ میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی اہمیت مسلم ہے اور حکومت کوشش کر رہی ہے کہ چھوٹے سے چھوٹے برآمد کنندگان کو سبسڈائزڈ مالیات کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے

بقیہ نمبر 7

بلال بن ثاقب نے بتایا کہ پوری دنیا کی مارکیٹ میں یہ ٹیکنالوجی چل رہی ہے، دبئی، تھائی لینڈ کی حکومتیں یہ کر رہی ہیں، نوجوان اپنے آپ کو معاشی طور پر آزاد کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نوجوانوں نے پاکستان کی تیسری بڑی کرپٹو مارکیٹ بنا دی ہے، 40 ملین پاکستانیوں کے اکاؤنٹ کرپٹو میں ہیں، آٹھ سال تک اسٹیٹ بینک نے ڈیجیٹل اثاثے پر پابندی لگائے رکھی، ٹیکنالوجی پر پابندی لگا کر آپ اپنے آپ کو منجمد کر رہے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ورچوئل ایسٹ کی 2 بین الاقوامی کمپنیوں کو این او سی دے دیے ہیں، ہم نے کہا 5 ستمبر تک ورچوئل ایسٹ والے رجسٹریشن کرا لیں ورنہ پابندی لگنا شروع ہو گی، پاکستان نے 5 ماہ میں یہ رجیم کھڑی کی ہے جو دنیا میں تیز ترین ہے، ریگولیشن میں بھارت سے آگے ہیں، پاکستان میں ورچوئل کا 250 بلین ڈالر کا حجم ہے، پاکستان میں ورچوئل کا 10 سے 20 ارب ڈالرز پیسہ ہے، 40 سال سے کم عمر لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں، انڈیا نے ورچوئل اثاثے پر 30 فیصد ٹیکس لگا دیا، ہم پاکستان میں ایسا نہیں کرنا چاہتے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ ورچوئل اثاثے پر کتنا ٹیکس لگائیں گے ہم اس پر غور کر رہے ہیں، زیادہ ٹیکس لگائیں گے تو لوگ آف شور چلے جائیں گے، جو لوگ سرمایہ کاری کر چکے ہم اسے ریگولیٹ کر رہے ہیں۔ سیکرٹری کابینہ نے کہا کہ لائسنس کے بغیر کرپٹو کاری کا کام نہیں کرسکیں گے، اس سے فراڈ ختم ہو جائے گا۔ چیئرمین ورچوئل اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ ہم اب مستقل اسٹاف بھرتی کر رہے ہیں، سرکار کا صرف 8 فیصد بجٹ استعمال کیا، پاکستان کا فائدہ ہے کہ 41 ارب ڈالرز زرمبادلہ ہمیں آتا ہے، ٹرانزیکشن رقم کم ہونے سے زرمبادلہ کو 2 ارب ڈالر اضافی پاکستان آئے گا، ہم زرمبادلہ کو اور سستے انداز سے پاکستان لانے پر غور کر رہے ہیں، اسٹیٹ بینک ہمارے بورڈ میں ہے، ان کے ساتھ مل کر دیکھ رہے ہیں کہ سستے انداز سے پیسہ کیسے لیکر آئیں، گرے مارکیٹ کو کیپچر کرنا چاہ رہے ہیں، اسلامک فنانس میں دنیا کے ورچوئل اثاثے میں لیڈر بننا چاہ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

نے کہا کہ اجلاس میں سیکرٹری جنرل اور سیکرٹریٹ میں مختلف عہدوں اور شعبوں کے قیام پر غور کیا گیا جبکہ اتحاد میں نئے ممالک کی شمولیت کیلئے شرائط، طریقہ کار اور ٹائم فریم بھی زیر بحث آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اتحاد کے اسٹرکچر سے متعلق ڈرافٹ کو خاصی پذیرائی ملی ہے، سیکرٹریٹ اور تنظیمی ڈھانچے کی حتمی شکل دو تین ہفتوں میں تیار ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر کے اوائل میں تینوں ممالک دوبارہ اجلاس کریں گے جس دوران کام کو حتمی شکل دی جائے گی تاہم نئے ممالک کی اتحاد میں شمولیت کی شرائط وضوابط ابھی طے ہونا باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے ممالک کی شمولیت فوری ہوگی یا کسی عبوری مدت کے بعد اس حوالے سے فیصلہ بعد میں ہوگا، تقریباً ایک سے ڈیڑھ ماہ میں اتحاد کا بنیادی اسٹرکچر عملی شکل اختیار کر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تمام معاملات حتمی نہیں ہوئے تاہم بنیادی اصول اور اسٹرکچر طے کرلئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اتحاد خطے میں مضبوط دفاعی تعاون کی بنیاد بن سکتا ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق اتحاد کی شروعات اللہ کے گھر سے ہوئی، دعا ہے اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالے، اتحاد کا مقصد مشترکہ خطرات اور چیلنجز کا مل کر سامنا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تینوں ممالک کا اتحاد کسی کیخلاف جارحانہ نوعیت کا نہیں ہے اور یہ اتحاد کسی کے ساتھ لڑائی یا جارحیت کیلئے نہیں بنایا گیا بلکہ ہمارا مقصد دفاعی معاہدہ ہے، کسی کیخلاف جارحانہ کارروائی کرنا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تینوں رکن ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ ہوا تو تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، دفاعی اتحاد کا مقصد تینوں ممالک کی باہمی حفاظت اور دفاع کو یقینی بنانا ہے۔ وزیر دفاع کے مطابق مستقبل میں مزید اسلامی ممالک کی شمولیت کے حوالے سے طریقہ کار طے کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 9

کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ منگل کو یہاں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بشکیک کے خوبصورت شہر میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رہنماؤں کے تاریخی اجلاس میں شرکت ان کے لیے باعث اعزاز ہے اور پرخلوص میزبانی اور کانفرنس کے لیے شاندار انتظامات پر صدر صدر جاپاروف اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جمہوریہ کرغزستان کو ایس سی او کی چیئرمین شپ کی مدت کی کامیابی سے تکمیل اور ایس سی او ممالک کے درمیان عملی تعاون کیلئے مؤثر کردار پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کرغزستان اور ازبکستان کی قیادت اور عوام کو ان کے یوم آزادی کی بھی دلی مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم عالمی امن استحکام کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، شنگھائی سپرٹ کے تحت پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن ہونے پر فخر ہے، پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمہ دار رکن ہے، ایس سی او کے 25 سال مکمل ہونا اہم سنگ میل ہے، ایک ننھے پودے سے شروع ہونے والی ایس سی او آج ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر چکی ہے، جو ہم سب کو سلامتی اور استحکام کا سایہ فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا عالمی منظرنامہ بڑھتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی کشیدگی، عالمی معیشت کے انتشار، موسمیاتی بحرانوں میں اضافے اور ٹیکنالوجی کی بے مثال تبدیلیوں سے دوچار ہے، ایسے پیچیدہ ماحول میں ایس سی او ان بڑے چیلنجز سے مل کر نمٹنے اور اپنے عوام کیلئے امن، سلامتی اور خوشحالی کو یقینی بنانے کے ہمارے اجتماعی عزم کی نمائندگی کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 10

پر تفصیلی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان چین کے تعاون سے مختلف شعبوں میں استعداد بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کے لئے اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ مل کر پاکستان کے آئی ٹی شعبے کی استعداد بڑھائی جا رہی ہے جبکہ نوجوان نسل کو جدید ہنر سے آراستہ کرنا حکومت کی اہم ترجیح ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ نوجوان نسل پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہے، اس لئے نوجوانوں کو جدید اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر کی تربیت یقینی بنائی جائے گی، چین کے تعاون سے تعلیم، آئی ٹی، زراعت، ماحولیات اور دیگر شعبوں میں انسانی وسائل کی استعداد بڑھانے پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ ایک ہزار پاکستانی طلبہ کو زرعی تربیت کے لئے چین بھیجا گیا ہے۔ انہوں نے زرعی شعبے میں جدید تحقیق، ٹیکنالوجی اور تربیت کے لئے چین کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان زرعی پیداوار اور برآمدات میں اضافے کے لئے جدید چینی تجربات سے استفادہ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثرہ ممالک میں شامل ہے، اس لئے چین کے تعاون سے گرین پاکستان کے مختلف منصوبے شروع کئے جا رہے ہیں، ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی لچک اور پائیدار ترقی کے لئے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی۔ احسن اقبال نے اڑان پاکستان پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام ملکی معیشت کے لئے انتہائی مفید ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے لئے پاکستان کو اپنی برآمدات میں نمایاں اضافہ کرنا ہوگا اور ملکی مصنوعات کو عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل بنانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت "میڈ ان پاکستان" کو عالمی سطح پر ایک مضبوط پہچان بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چین پاکستان اقتصادی تعاون کو صنعتی ترقی، برآمدات، زراعت، آئی ٹی، نوجوانوں کی تربیت اور ماحول دوست ترقی کے ساتھ مزید مربوط کیا جائے گا۔ اجلاس میں 2025 سے 2029 کے ایکشن پلان کے تحت مختلف شعبوں میں ہونے والی پیشرفت، آئندہ کے اہداف اور منصوبوں پر عملدرآمد کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے بھی تفصیلی غور کیا گیا۔

بقیہ نمبر 11

کی روانگی سے قبل وزیراعظم شہباز شریف سے ایئرپورٹ پر اہم ملاقات بھی ہوئی۔ وزیراعظم نے کرغزستان کے دورے سے متعلق پارٹی سربراہ سے رہنمائی لی۔

بقیہ نمبر 12

یں سالگرہ کے موقع پر جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان میں ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق تقریب میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات اور قریبی دوطرفہ روابط کو اجاگر کیا گیا، پاک ترک تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی احترام اور غیر متزلزل حمایت کی طویل تاریخ پر مبنی ہیں۔ تقریب کے شرکا نے ترک مسلح افواج کی بہادری، قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جبکہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ دفاعی و تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دوسری ترجمان پاک فوج نے کہا کہ تقریب میں پاک فوج کے افسران، جمہوریہ ترکیہ کے سفارتخانے کے حکام اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ مزید برآں تقریب کے اختتام پر جمہوریہ ترکیہ کے عوام اور مسلح افواج کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا گیا۔

بقیہ نمبر 13

قانون سازی اور توثیق کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور اس سلسلے میں قانون سازی جلد پارلیمان میں پیش کی جائے گی۔ سنگاپور کونشن ویک 2026 سے ویڈیو خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے مئی 2025 میں سنگاپور کونشن آن میڈی ایشن پر دستخط کرنے والے 58 ویں ملک کی حیثیت سے شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ قانون سازی مکمل ہونے کے بعد پاکستان میں ثالثی کے ذریعے طے پانے والے تنازعات کے معاہدے کنونشن کے 57 دیگر دستخط کنندہ ممالک میں قابل نفاذ ہوں گے، جس سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو قانونی یقین دہانی کی ایک ایسی سطح حاصل ہوگی جو ماضی میں مشکل رہی ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سنگاپور کونشن سے پاکستان کی وابستگی محض ایک علامتی اقدام نہیں بلکہ ایک عملی ذریعہ ہے، جس کا مقصد مقدمہ بازی کے خطرات کو کم کرنا، تجارتی تعلقات کا تحفظ اور عالمی سرمایہ کاری برادری کو یہ واضح پیغام دینا ہے کہ پاکستان قانون کی حکمرانی کو محض قانونی ضابطے کے طور پر نہیں بلکہ معاشی اثاثے کے طور پر اہمیت دیتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مؤثر ثالثی کا نظام پاکستان میں کاروباری اور سرمایہ کاری کے ماحول کو مزید قابل اعتماد بنانے میں مددے گا اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے تنازعات کے تیز اور مؤثر حل کی راہ ہموار کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مقصد ایسا مؤثر تنازعہ حل کا نظام فراہم کرنا ہے جو تجارتی تعلقات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بھی اضافہ کرے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے اس اہم پیش رفت میں وزارت قانون، حکومت سنگاپور اور سنگاپور انٹرنیشنل میڈی ایشن سینٹر کی جانب سے فراہم کی جانے والی رہنمائی اور تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ وفاقی وزیر نے سنگاپور کونشن ویک 2026 کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ نمبر 14

کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، بوگی کے پٹڑی سے اترنے کے باعث مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریلوے حکام متحرک ہو گئے اور امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئیں۔ دیگر بوگیاں ٹریک پر موجود رہیں، حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے متعلقہ حکام کی جانب سے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 15

ریلیے میں بہہ کر متاثرہ علاقے سے تقریباً 100 کلومیٹر دور میدانی علاقوں سے ملیں، جبکہ مزید لاشیں ملنے کا خدشہ ہے۔ سیلاب سے اسکولوں، اسپتالوں، پن بجلی گھروں، سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا۔ نیپالی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ ملک کو عمومی سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں غیر ملکی مدد کی ضرورت نہیں، تاہم ٹنلز میں پھنسے افراد کو نکالنے، خصوصی تکنیکی امداد، ٹرانسپورٹ اور لاشوں کو محفوظ رکھنے اور ان کی شناخت کے لیے بیرونی تعاون درکار ہے۔

بقیہ نمبر 16

براہ راست ٹھیکوں سے نجی شعبہ متاثر ہو رہا ہے۔ ٹیلی کام آپریٹرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ کو خط لکھ دیا، جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ جی ٹو جی معاہدوں نے نجی آئی ٹی اور ٹیلی کام کمپنیوں کے مواقع محدود کر دیے ہیں۔ ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا کہ سرکاری منصوبوں میں ایس او ایز اور نجی کمپنیوں کے لیے یکساں مسابقتی مواقع دیے جائیں۔ درخواست میں کہا گیا کہ جی ٹو جی کنٹریکٹنگ سے مقامی ڈیجیٹل مصنوعات اور خدمات کی ترقی متاثر ہو رہی ہے۔ ٹیلی کام آپریٹرز ایسوسی ایشن کے مطابق ریاستی اداروں کو ترجیحی معاہدے ملنے سے نجی شعبے میں غیر مساوی مسابقت پیدا ہو رہی ہے۔ جی ٹو جی منصوبوں میں مسابقت نہ ہونے سے کارکردگی اور جدت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ خط میں ایس او ایز کی جانب سے جی ٹو جی منصوبے حاصل کرکے نجی ذیلی ٹھیکیداروں کو کام دینے پر بھی سوالات اٹھائے گئے۔ نجی شعبے نے حکومت سے پبلک پروکیورمنٹ میں شفاف اور مسابقتی عمل یقینی بنانے کا مطالبہ کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 17

ں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق گزشتہ چھ ماہ کے دوران فوسل فیول درآمد کرنے والے ممالک کو مجموعی طور پر تقریباً 330 ارب ڈالر کے اضافی بوجھ کا سامنا کرنا پڑا۔ سینٹر فار ریسرچ آن انرجی اینڈ کلین ایئر کے مطابق اس اضافے کی بڑی وجہ ایران سے متعلق کشیدگی اور آبنائے ہرمز میں پیدا ہونے والی رکاوٹیں ہیں جنہوں نے عالمی سپلائی چین کو متاثر کیا۔

بقیہ نمبر 18

ب کے معروف کاروباری ادارے آسیا دو گروپ نے پاکستان کے معاشی مستقبل پر اپنے گہرے اور طویل مدتی اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ملک میں سرمایہ کاری کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ گروپ نے توانائی، ہوابازی اور مالیاتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی تیاری کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر غسان احمد آمودی اور پاکستان کے وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کے مابین ہونے والی ایک اعلیٰ سطحی ملاقات میں اس حوالہ سے اہم امور پر بات چیت ہوئی ہے، سعودی گروپ پاکستان کو سٹریٹجک لحاظ سے ایک بہترین سرمایہ کاری مرکز کے طور پر دیکھ رہا ہے اور گروپ نے پاکستان میں ہوائی اڈوں کی نجکاری کے آئندہ عمل میں بھرپور حصہ لینے کی خواہش ظاہر کی ہے گروپ کے ماتحت ادارے وافی انرجی پاکستان کے آپریشنز اور ریٹیل نیٹ ورک کو ملک بھر میں مزید وسعت دینے کے امور بھی زیر غور آئے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی گروپ کی جانب سے کی جانے والی یہ پیش رفت پاکستان کی معاشی بحالی، ڈھانچہ جاتی اصلاحات اور سرمایہ کاری کی صلاحیتوں پر سعودی نجی شعبے کے بڑھتے ہوئے غیر متزلزل اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ نمبر 19

ن کے تحت پاکستان ریلوے اور حکومتِ بلوچستان کے اشتراک سے 3 ارب روپے کی لاگت سے سریاب تا کچلاک ریلوے منصوبہ صرف 120 دن میں مکمل کر لیا گیا ہے جو بلوچستان میں ریلوے انفراسٹرکچر کی بحالی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت ہے، منصوبے کے تحت سریاب تا کچلاک 32 کلومیٹر ریلوے ٹریک کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے ساتھ ٹریک کے پشتوں کو محفوظ بنانے کے لیے بھی کام کیا گیا۔ سریاب اور کچلاک ریلوے اسٹیشنز کو اپ گریڈ کیا گیا جبکہ دونوں مقامات پر نئے ٹرن ٹیبلز کی تعمیر، تنصیب اور کمیشننگ مکمل کی گئی۔ اس کے علاوہ شیخ ماندا اور بلیلی ریلوے اسٹیشنز کی اپ گریڈیشن، G.O.R ہالٹ اسٹیشن کی تعمیر نو، سولرائزیشن، برقی کام، نئے فرنیچر اور بینچز کی تنصیب مکمل کی گئی، جبکہ کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کی اپ گریڈیشن بھی منصوبے میں شامل ہے اور لورکراز ہالٹ اسٹیشن پر تعمیراتی و تکمیلی کام انجام دیا گیا ہے۔ انشاء اللہ جناح پیپلز ٹرین جلد اسی اپ گریڈ شدہ روٹ پر چلائی جائے گی، جس سے بلوچستان کے عوام کو بہتر، آسان اور جدید سفری سہولیات کے ساتھ مضبوط ریلوے رابطہ میسر آئے گا۔ بلوچستان میں ریلوے کی بحالی وزیراعظم محمد شہباز شریف کے مضبوط رابطوں اور جامع ترقی کے وژن کی عملی تعبیر ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو بہتر، آسان اور جدید سفری سہولیات فراہم کرنا پاکستان ریلوے کی ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 20

کی پائیدار ترقی اور عوامی فلاح کے عملی اقدامات جاری ہیں۔ سرکٹ ہاؤس مانسہرہ میں حلقہ این اے 14 کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کے خصوصی ڈیڑھ ارب روپے کے ترقیاتی پیکیج کے تحت جاری منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے متعلقہ حکام کو کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی جبکہ پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے افسران نے منصوبوں کی پیشرفت، رفتار تعمیر اور دیگر امور پر وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ پیکیج کے تحت تمام منصوبے مکمل کیے جا رہے ہیں جن میں بجلی کی فراہمی، سیوریج سسٹم، رابطہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی، گلیوں کی پختگی اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبے شامل ہیں۔ سردار محمد یوسف نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں غفلت یا تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بالائی علاقوں میں جاری منصوبے موسم سرما کے آغاز سے قبل مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو بروقت سہولیات فراہم ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 21

صحت کا اجلاس پمز ہسپتال میں سینیٹر عامر ولی الدین چشتی کی صدارت میں شروع ہوا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ پمز میں بہت بڑا سانحہ ہوا ہے، ہسپتال پر بہت زیادہ مریضوں کا بوجھ ہے، ہمارے پاس سارے ثبوت موجود ہیں۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ یہ صرف پمز نہیں بلکہ ملک کے ہسپتالوں کا مسئلہ ہے۔

بقیہ نمبر 22

جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ حکومت بجلی کی پیداوار میں اضافے کے لیے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے اور توانائی کے شعبے میں بہتری کے لیے کوششیں جاری ہیں

بقیہ نمبر 23

این جی سپلائی کے لیے طلب کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 24

قید 3 قیدیوں کی درخواستوں پر محفوظ فیصلہ کھلی عدالت میں سنایا اور تینوں درخواستیں مسترد کر دیں۔ تفصیلی وجوہات تحریری فیصلے میں درج کی جائیں گی۔ اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نجی اسپتال میں علاج کرانے اور بیرون ملک مقیم اہلخانہ سے فون پر بات کرانے کی استدعا کر رکھی تھیں۔

بقیہ نمبر 25

صرف 16 ہزار قیدی سزا یافتہ ہیں۔ سندھ کی 23 جیلوں میں گنجائش 14 ہزار قیدیوں کی ہے مگر جیلوں میں 25 ہزار قیدی موجود ہیں، سندھ کی جیلوں میں موجود 25 ہزار میں سے صرف 4 ہزار قیدی سزا یافتہ ہیں۔ خیبر پختونخوا کی 39 جیلوں میں 11 ہزار 382 قیدی موجود ہیں، جن میں صرف 2 ہزار سزا یافتہ ہیں۔

بقیہ نمبر 26

اور فائر بال خرید کر جیلوں میں بھجوائے تھے کئی برسوں سے جیلوں کے عملے کو آگ بجھانے کی تربیت نہیں دی گئی۔ بلوچستان کی بارہ جیلوں میں تقریباً تین ہزار سے زائد قیدی قید ہیں ان میں صوبے کی سب سے بڑی سنٹرل جیل مچ میں سزائے موت کے منتظر 72 قیدیوں سمیت 711 قیدیوں کو رکھنے کیلئے دس بیرکس ہیں اور آگ بجھانے کیلئے صرف دو فائر ایکسٹنگو شرز دستیاب ہیں، مچ میں ٹاؤن کمیٹی کے پاس آگ بجھانے کیلئے فائر بریگیڈ بھی موجود نہیں ہے،، اس طرح گیارہ سو قیدیوں والی ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ میں چھ فائر ایکسٹنگو شرز دستیاب ہیں تاہم صوبے کی تمام بارہ جیلوں میں عملے کو آگ بجھانے کی کوئی تربیت نہیں دی گئی ہے، ڈی آئی جی جیل بلوچستان ضیا اللہ ترین نے بتایا کہ محکمہ جیل نے چھ سال پہلے کچھ فائر ایکسٹنگو شرز اور فائر بال خرید کر جیلوں کو بھجوائے تھے اب دوبارہ آگ بجھانے والے آلات کی فراہمی کیلئے محکمہ داخلہ کو مراسلہ لکھا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 27

کہ نہ تو بات پکی ہوئی نہ منگنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا نے میری بات پکی، منگنی اور شادی بھی کروا دی ہے لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 28

والے شدید سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان اور تباہی پر صدر مملکت اور پاکستان کے عوام کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا۔ نیپال کی سفیر ریتا ڈاتال نے ان کا استقبال کیا اور اس مشکل وقت میں حکومت اور پاکستان کے عوام کی جانب سے نیپال کے ساتھ کی جانے والی یکجہتی اور حمایت کو سراہا۔ سید نیر بخاری اور مرتضیٰ سولنگی نے مہمانوں کی کتاب میں تعزیت اور یکجہتی کے پیغامات بھی درج کیے

بقیہ نمبر 29

سرمایہ کاری سے وابستہ ہے، سماجی شعبہ کی ترقی کیلئے سرکاری اور نجی شعبہ کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا، ملک میں سماجی شعبہ کی فنانسنگ کیلئے جدید اور پائیدار ماڈلز کی ضرورت ہے، ترقی کے ثمرات معاشرے کے معاشی طور پر کمزور طبقات تک پہنچانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ نئے قومی مالیاتی کمیشن کے حوالہ سے بات چیت کا سلسلہ جاری ہے، این ایف سی میں وفاقی یونٹوں کے جتنے نمائندے ہیں انشاء اللہ وہ کھلے اذہان کے ساتھ مذاکرات کے ذریعہ مستقبل کے حوالہ سے بہتر انتظامات پر متفق ہوں گے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ صوبوں نے محصولات میں اضافہ کیلئے اقدامات کئے ہیں، اسی طرح وفاقی سطح پر ایف بی آر کی جانب سے بھی محصولات میں اضافہ اور ٹیکس کی بنیاد میں وسعت کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، نان فائلرز کو ٹیکس نیٹ میں لایا جا رہا ہے، دکانداروں کو ٹیکس کے نظام میں شامل کرنے کیلئے سکیم لائی جا رہی ہے، اس وقت 35 لاکھ کے قریب دکاندار ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں، تاجروں اور دکانداروں کے ساتھ بیٹھ کر اور ان کی مشاورت سے عملی طور پر قابل نفاذ سکیم متعارف کرائی جا رہی ہے، اس کے نتیجہ میں ری ٹیلرز ٹیکس نیٹ میں شامل ہوں گے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ وہ لوگ جو فائلرز ہیں مگر اپنے آمدنی کے لحاظ سے ٹیکس نہیں دے رہے ان کیلئے بھی شفاف اور منصفانہ اصلاحات کی گئی ہے اور انفورسمنٹ کیلئے فنڈز بھی مختص کئے گئے ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ وفاق اور صوبائی سطح پر ترقی کیلئے جتنے فنڈز خرچ کئے جا رہے ہیں ان میں مربوط رابطہ کاری اور الائنمنٹ کو بھی دیکھنا ضروری ہے، مثال کے طور پر زرعی برآمدات میں اضافہ کے حوالہ سے اگر وفاقی وژن ہوگا تو اس میں صوبائی سطح پر فنڈز کی درست اور مناسب تخصیص بھی ضروری ہوگی۔ گزشتہ سال وفاق کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا حجم ایک ٹریلین روپے جبکہ صوبوں کا تین ٹریلین روپے کے قریب تھا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ صوبائی سطح پر وسائل کی نچلی سطح پر منتقلی نہیں ہو سکی ہے اور اس کیلئے این ایف سی کے ساتھ ساتھ صوبائی مالیاتی کمیشنز انعقاد بھی ضروری ہے، جس طرح کا فارمولا وفاق اور صوبوں کے درمیان ہے، اس طرح کا فارمولا صوبوں اور اضلاع کے درمیان بھی ہو سکتا ہے، یہ ایک ادھورا کام ہے جسے مکمل کرنا ضروری ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ وسائل اور اتھارٹی کو لوکلائز کرنے سے نچلی سطح پر بہت سارے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ اس سے مقامی سطح پر محصولات جمع کرنے میں بھی مدد ملے گی، اگر ہم وسائل اور اختیارات کو لوکلائز کریں گے تو اس سے ہم بہتر نتائج حاصل کریں

بقیہ نمبر 30

لکل مطمئن نہیں، پوری اسٹینڈنگ کمیٹی وفاقی وزیر صحت کے ساتھ کھڑی ہے، پورے پاکستان کی ایک پالیسی ہونی چاہیے، چیئرمین سی ڈی اے، ڈی سی نے شہر کو برباد کیا ہوا ہے۔ اجلاس میں وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سرکار کو ہسپتال نہیں چلانا چاہیے۔ اجلاس میں سینیٹر ندیم بھٹو نے کہا ریفارمز کی بات ہو رہی ہے، اسلام آباد کی بات کر رہے ہیں، جنوبی پنجاب کی بات نہیں کر رہے، یہاں کسی کو کچھ پتہ نہیں ہے، رپورٹ میں جس کا ذکر ہے اصل میں وہ کچھ ہے ہی نہیں، دکھایا کچھ جا رہا ہے اور بتایا کچھ جا رہا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آپ فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بلالیں، ان کو سب سے زیادہ پتہ ہے، سب سے زیادہ معلومات وزیراعظم کی انکوائری کمیٹی کے پاس ہیں، ای ڈی تو کل آئے ہیں ان کو کچھ پتہ نہیں ہوگا، جن کو معطل کیا گیا ہے ان کو سن لیں۔ سینیٹر مسرور احسن نے کہا کہ ہم نے کمیٹی اجلاس اس لیے بلایا کہ ہمیں چیزیں ملیں۔ سینیٹر ناصر بٹ نے پوچھا کہ آپ کا کام کیا ہے؟ جس پر سی ای او آئی ایچ آر اے کا کہنا تھا کہ ہم ریگولیٹری باڈی ہیں۔ چیئرمین کمیٹی نے سوال کیا کہ آپ نے ایک ماہ میں کتنے دورے کیے؟ جس پر سی ای او جواب نہ دے سکیں اور کہا ہم دورے کر رہے ہیں۔ ایم این اے سبین غوری نے کہا کہ ہم سانحے کے بعد اگلے دن یہاں آئے تھے، خراب اے سی میں بلاسٹ ہوا جو ہمیں بتایا گیا، ہمیں اسپتال نے بتایا تھا کہ سیکیورٹی گارڈز کی آخری ڈرل فروری میں ہوئی تھی۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ معلومات انکوائری رپورٹ بنانے والے کمیٹی ممبران اور معطل ہونے والے 8 لوگوں کے پاس ہیں، ان 8 لوگوں کو بلا لیں، جس پر چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ہم انکوائری کمیٹی کو بھی بلا کر سنیں گے۔

بقیہ نمبر 31

مضبوط بنانا ضروری ہے۔ سکھر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ ہمیں دوٹوک بات کرنی ہے اور ہمیں بھائی چارے کی سیاست کرنی ہے، 26 ویں آئینی ترمیم کو ہم نے سپورٹ نہیں کیا تھا، اس پر اپوزیشن اور پی ٹی آئی کا اعتراض نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ 28 ویں ترمیم میں ہم نے 6 گزارشات شامل کی ہیں، ہماری پارٹی ذمہ داری محسوس کرتی ہے کہ نظام کو بہتر کریں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان، ملکی معیشت، صوبوں کا معاملہ، سیاسی قیدیوں کی رہائی منشور میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہ تیاری نہ موقع ہے اور صوبوں کی بات کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انصاف کا نظام قائم اور ظلم کا نظام ختم کرنے کے لیے جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم کو مضبوط بنانا ضروری ہے، جمعیت علماء اسلام افراد پر مشتمل ایک منظم جماعت ہے، مقاصد کے حصول کیلئے مؤثر حکمت عملی اور مضبوط تنظیم سازی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے جن و انس کو اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا، اس لئے انسان کی زندگی کا بنیادی مقصد اللہ کی عبادت اور اس کے احکامات کی پیروی ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا تھا کہ جمعیت علماء اسلام جیسی جماعت کا ملنا اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے اور ہمیں اس پر اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 32

لی نکالی گئی ریلی میں عوامی نیشنل پارٹی کے صدر لالہ منان افغان، کیمسٹ ایسوسی ایشن حب کے صدر عالم خان مری، انجمن تاجران کے صدر ایڈوکیٹ خورشید رند، بلوچستان نیشنل پارٹی کے بشیر احمد مینگل، ساکران یکجہتی کے لالہ مری، پیپلز پارٹی کے رہنما علی خان قلندرانی، سنی تحریک کے سید منور شاہ، نیشنل پارٹی ضلعی صدر حاجی عبد الغنی رند، ریجنل سیکریٹری ایڈوکیٹ حمید بلوچ، صوبائی ورکنگ کمیٹی کے رکن اسد غنی رند، تحصیل حب کے صدر عابد ملازئی کی قیادت پارٹی کا رکنان سمیت دیگر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی مین آرسی ڈی شاہراہ سے ہوتی ہوئی سوک سینٹر تک پہنچی جہاں انہوں نے کے الیکٹرک حب کے آفس کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا ریلی کے شرکاء نے اس موقع پر کے الیکٹرک انتظامیہ کے خلاف زبردست نعرے بازی کی احتجاجی دھرنے سے وڈیرہ رجب علی رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک عوام کو ریلیف اور بہتر سہولیات کی فراہمی دینے کے بجائے دشمنی پر اتر آئی ہے کے الیکٹرک انتظامیہ اپنا قبلہ درست کرے، حب شہر لا وارث نہیں ہم اس شہر کے وارث ہیں اپنے شہر کو لاوارث نہیں چھوڑیں گے ہم حب شہر کے عوام کے جائز حق کے لیے ہر فورم آواز بلند کرتے رہیں گے انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے انہوں نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کسی صورت قابل قبول نہیں، عوام پہلے ہی بنیادی سہولیات کے فقدان کا سامنا کر رہے ہیں اور مسلسل بجلی کی بندش نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، کے الیکٹرک انتظامیہ عوام کو مزید اذیت میں مبتلا کرنے کے بجائے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کرے اور بجلی کی فراہمی کو مقررہ اوقات کار کے مطابق یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ کیبل فالٹ کے بہانے بجلی کی بندش، طویل لوڈشیڈنگ کسی کی صورت برداشت نہیں کی جائے گی 24/24 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہم قبول نہیں کر سکتے ہیں، عوام کے بلوں میں رعایت کی جائے کنڈا سسٹم ریگولرائز کیا جائے انہوں نے کہا کہ جب میں ناظم تھا اس وقت کے الیکٹرک کی انتظامیہ سے کنڈا سسٹم ریگولرائز کیا تھا اور فی کنڈے پر 200 روپے مقرر کیئے تھے جسے ختم کر کے کے الیکٹرک انتظامیہ نے غریب عوام کو بجلی کے بلوں کی مد میں ہزاروں روپے ہاتھوں میں تھما دیئے گئے اور لوڈشیڈنگ کر کے عوام کو پریشان کیا جا رہا ہے اب تو 24/24 گھنٹے لوڈشیڈنگ کر کے عوام کو پریشان کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے اسے بند کیا جائے، کنڈا سسٹم ریگولرائز کر کے 2 سے 3 ہزار روپے مقرر کیئے جائیں بعد ازاں ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی اور وائس چیئرمین حب حاجی عظیم سیاں نے احتجاجی دھرنے کے شرکاء سے مذاکرات کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے جن چار فیڈر پر 24 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہے اسے آج سے ختم کیا جائے گا جبکہ دیگر لوڈشیڈنگ کے شیڈول سمیت دیگر عوامی مسائل کے الیکٹرک انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں سے میٹنگ کے دوران حل کرانے کی یقین دہانی کرائی جس پر وڈیرہ رجب علی رند نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ بجلی کے بلوں میں کمی، غریب طبقے کے ساتھ رعایت اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے آئندہ میٹنگ میں باقاعدہ لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 33

س حوالے سے ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس حب کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں، ایس ڈی پی او سرکل حب امام یعقوب بلوچ کی زیرنگرانی ایس ایچ او حب سٹی عبد الصمد زہری نے 21 اگست 2026 کو مسمی علی خان ولد گمن خان سکنہ بلوچ کالونی حب نے اطلاع دی کہ ابراہیم سوسائٹی کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر اسے لوٹ لیا، جس کے دوران اس کے 02 موبائل فونز، شناختی کارڈ (CNIC)، اے ٹی ایم کارڈ اور نقد رقم مبلغ 2500 روپے چھین لیے گئے درخواست پر فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے ملزم اختر ولد علی محمد کو گرفتار کر لیا، جبکہ اس کے قبضے سے 02 مسروقہ موبائل فونز اور مدعی کا شناختی کارڈ برآمد کر لیا گیا دریں اثناء دوران گشت علاقہ امیر آباد کے قریب پولیس پارٹی نے تین مشکوک افراد کو روکنے کی کوشش کی، جس پر ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی۔ پولیس نے اپنے دفاع میں جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں ملزم وزیر علی ولد عبداللہ زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے TT پسٹل اور ایک موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ فائرنگ کے دوران ملزم کے دیگر دو ساتھی موقع سے فرار ہو گئے، جن کی گرفتاری کے لیے پولیس کی جانب سے تلاش اور چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 34

انہوں نے کہا کہ پمز واقعہ کے تمام ذمہ داران کو اب تک گرفتار کر لیا جانا چاہیے تھا، تعزیرات پاکستان کے تحت تمام ذمہ داران کے خلاف مقدمات درج ہونے چاہئیں تھے۔ نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پارلیمانی کمیٹی کے ذریعے پمز واقعہ کی تحقیقات کرائی جانی چاہیے تھیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو پارلیمنٹ پر اعتماد کرنا چاہیے، وزیراعظم کو بیوروکریسی پر انحصار کرنے کی بجائے پارلیمنٹ پر اعتماد کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات سے مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام نہیں ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ایسی کارروائی کرنی چاہیے کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن بنچوں پر مشتمل ایک پارلیمانی کمیٹی کو اس واقعہ کی تحقیقات کرنی چاہیے

بقیہ نمبر 35

ہوا ہے وہ بھی جوابدہ ہے، پی ٹی آئی والے این آر او مانگنے کے لئے گھٹنوں کے بل بھی گر چکے ہیں، پھر کہتے ہیں ہمارا لیڈر نہیں جھکے گا، مکہ باہمی دفاعی معاہدے سے ملکی معیشت بھی اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگی اس سے پاکستان کے پاسپورٹ کی عزت میں بھی اضافہ ہوا۔ پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ کے دفاعی معاہدے کے بعد اس کا پہلا باضابطہ پہلا اجلاس ہو رہا ہے جس میں اسحاق ڈار، خواجہ آصف اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں وفد شریک ہے، ازلی دشمن سمجھتا تھا یہ دفاعی معاہدہ نہیں ہوگا لیکن اسے انہیں شکست ہوئی، پاک سعودی ترکیہ معاہدہ امن معاہدہ ہے یہ کسی ملک کے خلاف نہیں ہے، ایران، اسرائیل، امریکہ کے درمیان جنگ میں پاکستان کردار ملا تو اس نے ثبت پیشرفت کی، مکہ باہمی دفاعی معاہدے سے پاکستان کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے باعث ڈیزل کی قیمت میں ساڑھے بیس روپے لیٹر کمی ہوئی، وفاقی حکومت پیٹرول و ڈیزل کو مزید سستا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل نے ایران، امریکہ جنگ روکنے کیلئے دن رات کوششیں کیں جس میں کامیابی بھی ملی۔ 2024ء میں حکومت کو جو حالات ملے وہ سب کو معلوم ہیں، 2019ء سے آئی ایم ایف کا رشتہ رہا، وہ ٹوٹا تو ملک دیوالیہ ہونے کی طرف گامزن تھا جسے شہباز شریف نے بچایا، صرف حکومت نہیں اپوزیشن بھی جوابدہ ہے، آئین میں اپوزیشن کا کردار بھی واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت ٹیکسوں کے پیسے صوبوں کو دیتی ہے، خیبر پختونخوا والے این ایف سی سے اربوں روپے لے کر اور کرینوں اور مزدوروں کو پیسے دیتے ہیں کہ وہ اسلام آباد پر حملہ کریں، یہ کب تک ایسا کرتے رہیں گے، پی ٹی آئی سے مذاکرات کیلئے کل بھی تیار تھے آج بھی تیار ہیں، شہباز شریف اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کو بھی ملے ہیں، ہر میٹنگ کا مقصد قیدی نمبر 804 کو سہولیات مانگنا ہوگا ہے، این آر او مانگنے کے لئے گھٹنوں کے بل بھی گر چکے ہیں، پھر کہتے ہیں ہمارا لیڈر نہیں جھکے گا، بانی پی ٹی آئی کا علاج کروانا ہمارا فرض ہے اور وہ ادا کر رہے ہیں۔ لیکن خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ کلاشنکوف پکڑ کر بھی اسلام آباد تو کبھی لاہور کو فتح کرنے آتے ہیں، ہم کسی کو قانون کو ہاتھ میں نہیں لینے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کا الیکشن واضح اکثریت سے جیتا ہے، پی ٹی آئی آزاد کشمیر میں دربدر ہو گئی ہے، افتخار گیلانی کا آزاد کشمیر کا وزیراعظم بننا وفاق (ن) لیگ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ ممبر ڈے ہو یا زیرو آر تمام بزنس دونوں جانب سے ہوتا ہے، اپوزیشن کے حالات یہ ہیں کہ ریکوزیشن پر اجلاس کے لئے ان کی گنتی پوری نہیں ہوتی، حکومت نے جو قانون سازی کی وہ کورم پورا کرتے ہوئے کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر وفاقی حکومت کو درخواست کی ہے لوڈ شیڈنگ کو ختم کیا جائے، حمزہ شہباز اسلام آباد میں بیٹھ کر لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 36

نظر کوئٹہ سمیت صوبے کے پانچ اضلاع میں پانچ روزہ پولیو بوسٹر مہم شروع کر دی گئی ہے۔ مہم کے دوران پانچ سے دس سال تک عمر کے ساڑھے تین لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ کوئٹہ سمیت صوبے کے پانچ اضلاع میں پولیو کمپین بوسٹر مہم کا افتتاح کرتے ہوئے سیکرٹری صحت بلوچستان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں پولیو کے خلاف ہماری جنگ اور بھرپور جدوجہد کے باعث گزشتہ 21 ماہ سے کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون اور بھرپور فوکس کے ذریعے ہم اس موذی مرض کو جڑ سے اکھاڑنے میں کامیاب ہوں گے۔ پولیو کے قطرے بچوں میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھانے کے ساتھ ساتھ پولیو وائرس کے سرکولیشن کا سلسلہ توڑنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سیکرٹری صحت کے مطابق اگرچہ بلوچستان میں پولیو کے کیسز رپورٹ نہیں ہوئے، تاہم ہمسایہ ممالک یا دیگر علاقوں سے ماحول میں پولیو وائرس کے آنے کے خدشات بدستور موجود ہیں۔ انہی خدشات کے پیش نظر پانچ سے دس سال تک عمر کے بچوں کے لیے پانچ روزہ بوسٹر مہم شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے دوران ساڑھے تین لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ پانچ ہزار سکولز اور مدارس بھی مہم کے ٹارگٹ میں شامل ہیں۔ مجیب الرحمٰن نے اساتذہ، والدین اور مدارس کے مہتمم حضرات سے اپیل کی کہ وہ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے محکمہ صحت کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال مہم کوئٹہ بلاک میں جاری ہے، جس کے بعد سیمپلز اور ڈیٹا کی بنیاد پر آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ماہانہ بنیادوں پر چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس بھی منعقد کیے جاتے ہیں۔ سیکرٹری صحت نے مزید کہا کہ اگر ضرورت محسوس ہوئی تو پولیو بوسٹر مہم کو دوسرے اضلاع تک بھی پھیلایا جائے گا، فی الحال ان علاقوں میں مہم جاری ہے جہاں اس کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 37

کے مسلح افراد نے گھروں پر حملہ کر کے لاٹھیوں اور کلہاڑیوں کے وار سے خواتین سمیت 7 افراد کو زخمی کیا، جبکہ گھروں کو آگ لگانے اور آمدورفت کے راستے بند کرنے کی بھی کوشش کی گئی۔ مظاہرین نے الزام لگایا کہ پولیس بااثر افراد کی حمایت کر رہی ہے اور مقدمہ درج نہیں کیا جا رہا۔ متاثرہ خاندان نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد، سیشن جج بدین اور ایس ایس پی بدین سے نوٹس لے کر قبضہ ختم کرانے، ملزمان کے خلاف کارروائی اور تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 38

گئی ہے۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ پابندی ختم ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ ہر رہائشی پلاٹ خودبخود کمرشل ہو جائے گا۔ زمین کے استعمال میں تبدیلی کے لیے متعلقہ قوانین، زوننگ قواعد، ماسٹر پلان اور مجاز اتھارٹی سے باقاعدہ اجازت اور این او سی حاصل کرنا لازمی ہوگا۔ سندھ ماسٹر پلان اتھارٹی کے سینئر ڈائریکٹر شکیل صدیقی کے مطابق کراچی میں نیو ایم اے جناح روڈ، خیابان سعدی، خیابان رومی، نشتر روڈ، دھوراجی روڈ، عالمگیر روڈ، شاہراہ نور جہاں، اسٹیڈیم روڈ، شاہراہ عثمان، ٹیپو سلطان روڈ، شاہراہ ہمایوں، شاہراہ فیصل، طارق روڈ، راشد منہاس روڈ، یونیورسٹی روڈ، شاہراہ پاکستان، ناظم آباد ادارے روڈ، نارتھ ناظم آباد 300 فٹ، شاہراہ جہانگیر، خیابان اقبال، خیابان جامی، خالد بن ولید روڈ، جمال الدین افغانی روڈ، علامہ اقبال روڈ، سر سید احمد روڈ، شہید ملت روڈ اور چوہدری خلیق الزمان روڈ سمیت مختلف ڈیکلیئر ڈسٹرکٹوں پر مقررہ ضوابط کے تحت کمرشلائزیشن ہو سکے گی۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ بلدیات اور ہاؤسنگ ٹاؤن پلاننگ نے زمین کے استعمال کی تبدیلی پر وصول ہونے والی انفراسٹرکچر فیس کی مختلف بلدیاتی اداروں اور اتھارٹیز کے درمیان تقسیم کے لیے نیا فارمولا تیار کیا ہے

بقیہ نمبر 39

کو پوسٹ مارٹم کے لئے اسپتال منتقل کر دیا گیا اور قانونی کارروائی شروع کر دی، جبکہ قتل کی وجوہات اور واردات میں ملوث ملزمان سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 40

جغرافیائی نقشے اور معلومات حاصل کرنا سینیٹر عبدالقادر بلوچ نے کہا کہ سوچنا ہوگا کہ ہمیں موبائل فونز پر ٹیکس لینا بھی چاہیے یا نہیں۔ قائمہ کمیٹی نے فوری طور پر درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکس کم کرنے کی سفارش کر دی۔ ایف بی آر حکام نے کہا کہ ٹیکس لگانا یا ختم کرنا پارلیمنٹ کا اختیار ہے، کمیٹی نے ایف بی آر اور ٹیرف کمیشن سے موبائل فونز پر ٹیکس کے حوالے سے رپورٹ طلب کر لی۔ کمیٹی رکن دلاور خان نے کہا کہ ہماری پالیسیز طویل المدتی نہیں ہیں اس پر پی ٹی اے حکام نے کہا کہ پاکستان میں 35 کمپنیاں سمارٹ فون بنا رہی ہیں۔ سینیٹر سعدیہ عباسی نے کہا کہ استحصال کی بجائے کاروبار کی سہولت کاری کی جائے، حکومت محصولات عائد کر کے لوگوں کے لئے مشکلات کھڑی کر رہی ہے۔ سیکرٹری کابینہ کامران علی افضل نے کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیاں ہماری ادائیگیوں کے نظام میں انقلاب برپا کر رہی ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری کابینہ نے موبائل فونز پر سیلز ٹیکس عائد کرنے کی مخالفت کر دی۔

بقیہ نمبر 41

کے واقعات میں 52 فیصد اضافہ ہوا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق 2025 کے پہلے 7 ماہ میں لاہور میں زیادتی کے 362 جبکہ اجتماعی زیادتی کے 19 مقدمات درج ہوئے تھے۔ رواں سال اسی مدت کے دوران زیادتی کے 411 اور اجتماعی زیادتی کے 29 مقدمات رپورٹ ہوئے۔ اعداد وشمار کے مطابق سٹی ڈویژن میں گزشتہ سال زیادتی کے 31 مقدمات درج ہوئے تھے، جو رواں سال بڑھ کر 42 ہو گئے۔ صدر ڈویژن میں گزشتہ سال 81 کے مقابلے میں رواں سال 110 واقعات رپورٹ ہوئے۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں بھی زیادتی کے مقدمات میں اضافہ دیکھنے میں آیا، جہاں گزشتہ سال 41 کے مقابلے میں رواں سال 66 مقدمات درج کیے گئے۔ اجتماعی زیادتی کے واقعات کے حوالے سے کینٹ ڈویژن میں گزشتہ سال 4 کے مقابلے میں رواں سال 8 مقدمات درج ہوئے۔ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں بھی اجتماعی زیادتی کے واقعات 4 سے بڑھ کر 8 ہو گئے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گزشتہ سال سول لائنز ڈویژن میں اجتماعی زیادتی کا کوئی مقدمہ رپورٹ نہیں ہوا تھا، تاہم رواں سال پہلے 7 ماہ میں 3 مقدمات درج کیے گئے۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں اجتماعی زیادتی کے مقدمات کی تعداد 3 سے بڑھ کر 4 ہو گئی۔

بقیہ نمبر 42

کا دورہ کریں گے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق چینی وزارت خارجہ کے ترجمان گو جیا کھون نے پیر کو پریس بریفنگ میں اعلان کیا کہ روسی حکومت کی دعوت پر نائب وزیراعظم ڈنگ شوئے شیانگ 2 سے 4 ستمبر تک روس کا دورہ کریں گے، اس دوران وہ 11 ویں ایسٹرن اکنامک فورم میں شرکت کریں گے، اس کے علاوہ چین۔ روس سرمایہ کاری تعاون کمیٹی کا 13 واں اجلاس، توانائی تعاون کمیٹی کا 23 واں اجلاس اور آٹھواں چین روس انرجی بزنس فورم بھی منعقد ہوگا

بقیہ نمبر 43

می حلقوں کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی بیلا کی جانب سے موجودہ صورتحال میں صرف فائر بریگیڈ کی ایمرجنسی سروس محدود طور پر جاری ہے اور ہنگامی صورتحال میں فائر بریگیڈ گاڑی فراہم کی جا رہی ہے جبکہ صفائی ستھرائی سمیت دیگر بیشتر میونسپل سروسز اور معمول کے کام بند ہیں انہوں نے کہا کہ صفائی کا نظام متاثر ہونے سے مختلف علاقوں میں گندگی اور کچرے کے ڈھیر جمع ہونے کا خدشہ بڑھ گیا ہے، جس سے شہریوں کو مشکلات کے ساتھ ساتھ صحت و صفائی کے مسائل بھی درپیش ہیں عوامی حلقوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے ملازمین اور خصوصاً ڈیلی ویجز ملازمین بھی شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں اور کئی خاندانوں کے لیے روزمرہ کے اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے عوامی حلقوں نے کہا کہ لوکل کونسل فنانس کمیشن (LCFC) کا اجلاس بروقت منعقد نہ ہونے اور نان سیلری و ترقیاتی فنڈز کی عدم فراہمی کے باعث بلوچستان بھر کی لوکل کونسلز مالی بحران کا شکار ہیں، جس کے اثرات براہ راست شہریوں کو ملنے والی بنیادی سہولیات پر پڑ رہے ہیں انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ صورتحال کی سنگینی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس طلب کیا جائے لوکل کونسلز کو زیر التوا فنڈز فوری جاری کیے جائیں اور میونسپل سروسز کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں عوامی حلقوں نے کہا کہ احتجاج اور تالہ بندی کے باعث عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں اس لیے حکومت اور لوکل کونسلز کے نمائندگان کے درمیان فوری مذاکرات کر کے مسئلے کا مستقل حل نکالا جائے تاکہ صفائی ستھرائی سمیت تمام بنیادی میونسپل سروسز بحال ہوں اور شہریوں کو مزید مشکلات سے نجات مل سکے

بقیہ نمبر 44

سزائے موت ایران میں حکومت مخالف مظاہروں کے دوران ایک دکان میں لگنے والی آگ کی تصاویر اور ویڈیو بنانے والی 43 سالہ خاتون لیلی ابوالحسنی کو سزائے موت سنا دی گئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دو بچوں کی ماں لیلی ابوالحسنی کو 8 جنوری کو ایران کے وسطی صوبے اصفہان سے گرفتار کیا گیا تھا جن پر دکان کو آگ لگانے میں ملوث ہونے کا الزام تھا۔ ایرانی حکام نے لیلی پر الزام عائد کیا کہ وہ گروسری اسٹور کو آگ لگانے میں ملوث تھیں تاہم ان کے خلاف پیش کیے گئے مبینہ شواہد، عدالتی کارروائی کی مکمل تفصیلات اور ان کے دفاع سے متعلق معلومات تاحال عوامی سطح پر سامنے نہیں آئی ہیں۔

بقیہ نمبر 45

ن کی بالادستی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر قانون آفتاب عالم نے کہا کہ الحمدللہ، انسداد دہشت گردی عدالت نے ریڈیو پاکستان کیس میں سپیشل پراسیکیوٹر/ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نعمان الحق کاکاخیل کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست کو خارج کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس قانونی عمل کے دوران اپنے مؤقف اور آئینی و قانونی ذمہ داریوں پر ثابت قدم رہے اور عدالت کے سامنے قانون کے مطابق اپنا دفاع کیا۔ آفتاب عالم نے کہا کہ نعمان الحق کاکاخیل ایڈوکیٹ سپریم کورٹ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی اور پارٹی کی دیگر قیادت کے خلاف 9 مئی کے مقدمات میں انہیں مبینہ طور پر پھنسانے کی کوششوں کے خلاف قانون اور انصاف کا ساتھ دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی جدوجہد کا بنیادی مقصد کسی فرد یا گروہ کو قانون سے بالاتر قرار دینا نہیں بلکہ ثبوت، قانون اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔ صوبائی وزیر قانون نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کیس میں عدالت کی تازہ پیش رفت اس امر کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے کہ فوجداری مقدمات میں شفاف تفتیش، قابل اعتماد شواہد اور قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سچ کو وقتی دباؤ یا سیاسی الزامات سے شکست نہیں دی جا سکتی، بالآخر قانون اور انصاف ہی فیصلہ کرتے ہیں۔ آفتاب عالم نے کہا کہ یہ فیصلہ صرف ایک قانونی معاملے میں پیش رفت نہیں بلکہ حق، انصاف اور اصولی مؤقف کی اہمیت کا مظہر ہے۔ صوبائی وزیر قانون نے اس موقع پر اپنے وکلاء، ساتھیوں، سیاسی قیادت، کارکنوں اور عوام کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خیبر پختونخوا میں قانون کی حکمرانی، انصاف کی فراہمی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 46

رقم بیوی کے والد نے فراہم کی ہو اور شوہر اپنی ادائیگی ثابت نہ کر سکے تو وہ سونا یا اس کی قیمت واپس لینے کا حقدار نہیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے ڈاکٹر رخسانہ کوثر اور شاہد نذیر کے درمیان تنازع کا فیصلہ سناتے ہوئے بیوی کی درخواست جزوی طور پر منظور کر لی اور 11 تولے سونا یا اس کی قیمت شوہر کو واپس کرنے کا حکم ختم کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ریکارڈ پر موجود مجموعی شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ 11 تولے سونا خریدنے کے لئے رقم خاتون کے والد نے فراہم کی تھی جبکہ شوہر اپنی جانب سے رقم ادا کرنے کا قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کر سکا، محض نکاح نامے میں حق مہر درج ہونے کی بنیاد پر شوہر کو اس کی واپسی کا حقدار قرار نہیں دیا جا سکتا۔ عدالت کے مطابق خلع کی صورت میں حق مہر کی واپسی کا اصول اسی صورت میں لاگو ہوگا جب یہ ثابت ہو کہ متعلقہ حق مہر حقیقتاً شوہر کی جانب سے ادا کیا گیا تھا، شوہر کی جانب سے ادائیگی ثابت نہ ہونے کی صورت میں بیوی کو وہ مال واپس کرنے کا پابند نہیں کیا جا سکتا جس کی خریداری کے لئے رقم اس کے والد نے فراہم کی ہو۔ فیصلے میں عدالت نے شوہر کی مالی حیثیت سے متعلق متضاد مؤقف کو بھی اہم قرار دیا، عدالت نے کہا کہ شوہر ایک طرف 19 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کا گھر اور 11 تولے سونا خریدنے کی استطاعت کا دعویٰ کرتا رہا جبکہ دوسری جانب نابالغ بچے کے نان نفقہ کے معاملے میں اپنی مالی حیثیت کم ظاہر کرتا رہا۔ عدالت نے قرار دیا کہ نابالغ بچے کا نان نفقہ والد کی صرف قانونی نہیں بلکہ اخلاقی اور سماجی ذمہ داری بھی ہے، والد اپنی آمدن کم ظاہر کر کے اس ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا، گھر کی ملکیت کے معاملے پر عدالت نے قرار دیا کہ بینک ریکارڈ اور گواہوں کی شہادت سے ثابت ہوا کہ گھر کی خریداری کی رقم خاتون کے والد نے فراہم کی تھی، شوہر اپنے وسائل سے گھر خریدنے کے دعوے کے حق میں قابل اعتماد دستاویز پیش نہ کر سکا۔ عدالت نے خاتون کی جانب سے گھر اپنے والد کے نام تملیک کرنے کو بھی قانونی قرار دیا اور شوہر کا یہ اعتراض مسترد کر دیا کہ والد کو گھر کا قبضہ منتقل نہیں کیا گیا، عدالت کے مطابق خاتون خود گھر کی قانونی مالک تھی اور گھر میں رہائش پذیر تھی، اس لیے ہر صورت میں قبضے کی الگ ظاہری منتقلی ضروری نہیں تھی تاہم عدالت نے 22 تولے زیورات اور 63 ہزار روپے زچگی کے اخراجات کی واپسی کے دعوے مسترد کرنے کا ماتحت عدالت کا فیصلہ برقرار رکھا۔ عدالت کے مطابق خاتون یہ ثابت نہیں کر سکی کہ مذکورہ زیورات شوہر یا اس کے خاندان کے قبضے میں رہ گئے تھے جبکہ زچگی کے اخراجات کی ادائیگی بھی والدین کی جانب سے کیے جانے کا قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے بیوی کی درخواست جزوی طور پر منظور کرتے ہوئے 11 تولے سونا یا اس کی قیمت شوہر کو واپس کرنے کا حکم ختم کر دیا جبکہ فیصلے کے دیگر حصے برقرار رکھتے ہوئے شوہر کی دیگر درخواستیں مسترد کر دیں۔

بقیہ نمبر 47

محمد اسلم کی درخواست پر تحریری فیصلہ جاری کیا۔ درخواست گزار نے اپنی کم عمر بیٹی حنا اسلم کی مبینہ شادی کرنے والے شوہر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ عدالت کے روبرو انکشاف ہوا کہ حناء اسلم کی نکاح کے وقت عمر تقریباً 15 سال تھی، درخواست گزار کے مطابق اس کی بیٹی کے اغواء کا مقدمہ پہلے ہی درج ہو چکا ہے تاہم کم عمری میں شادی کے نئے شواہد سامنے آنے پر متعلقہ افراد کے خلاف مزید مقدمہ درج کیا جانا چاہیے۔ عدالت نے جسٹس آف پیس کی جانب سے مقدمہ درج کرنے کی درخواست خارج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے پولیس کو نئے شواہد کی بنیاد پر قانون کے مطابق تحقیقات کا حکم دیا۔ عدالت نے ہدایت کی کہ تحقیقات کے ذریعے یہ تعین کیا جائے کہ آیا قابل سزا جرم کا ارتکاب ہوا ہے یا نہیں۔ فیصلے میں لاہور ہائیکورٹ نے حناء اسلم کو چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے حوالے کرنے کا حکم دیتے ہوئے اس کی حفاظت، فلاح و بہبود اور بہترین مفادات کو مقدم رکھنے کی ہدایت کی

بقیہ نمبر 48

ن تصادم کے نتیجے میں نزیر شاہ جاں بحق جبکہ حضرت گل، موخت احمد، علی حسن اور حنیف بتائے جاتے ہیں شدید زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی MERC ریسکیو سینٹر 1122 وندر کی ایمرجنسی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ جاں بحق اور زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو سینٹر وندر منتقل کیا گیا۔ جہاں شدید زخمیوں کو بنیادی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ریسکیو سینٹر وندر کی ایمبولینس کے ذریعے مزید علاج و معالجہ کے لیے ٹراما سینٹر کراچی ریفر کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 49

س لاپرواہی کی وجہ سے سینکڑوں درخواستیں التوا کا شکار ہیں اور طلبہ، سرکاری ملازمت کے خواہشمند نوجوان اور دیگر شہری اپنی تعلیم اور روزگار کے مواقع سے محروم ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ طریقہ کار نہ صرف وقت کا ضیاع ہے بلکہ عوام کے لیے ذہنی اذیت کا باعث بھی بن رہا ہے۔ ایک سادہ سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے شہریوں کو مہینوں انتظار کرنا پڑتا ہے جو کہ کسی صورت قابل قبول نہیں اس سلسلے میں شہریوں، سیاسی وسماجی رہنماؤں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلا حمیرا بلوچ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ عوامی سہولت کے پیش نظر لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹس جاری کرنے کا مکمل اختیار اسسٹنٹ کمشنر بیلا کو فوری طور پر تفویض کیا جائے تاکہ درخواستوں کا بروقت اور شفاف اجرا ممکن ہو اجرا کمیٹی کے اراکین کی ماہانہ میٹنگز میں حاضری کو لازمی قرار دیا جائے۔ غیر حاضر اراکین کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے شہری حلقوں نے امید ظاہر کی کہ ڈپٹی کمشنر لسبیلا حمیرہ بلوچ عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری اقدامات کریں گی تاکہ نوجوانوں کو تعلیم اور روزگار کے مواقع میں رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے

بقیہ نمبر 50

پنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کر رہی ہے۔ سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے وسیع تر مفاد میں متحد ہو۔ دلیش کمار نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت امن و امان، تعلیم، صحت، روزگار اور ترقیاتی منصوبوں پر توجہ دے رہی ہے۔ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا ازالہ اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی آئینی مدت کے دوران عوامی مسائل کے حل کے لیے مزید مؤثر اقدامات کرے گی اور بلوچستان کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کرنے کی کوشش جاری رکھی جائے گی۔ سینیٹر تریش کمار نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نصیرآباد ڈویژن بلوچستان کا گرین بیلٹ ہے زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے زرعی اراضی بنجر ہو رہے ہیں اور کسان شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 51

دہشتگردی ایکٹ 1997 میں دفعہ 21-AA کے بعد نئی دفعہ 21-AAA شامل کی جائے گی جس کے تحت حکومت کی جانب سے نامزد کردہ اتھارٹی کسی مقدمے یا مقدمات کے ایسے گروپ کو جس میں ججز، وکلاء، سرکاری پراسیکیوٹرز، پولیس افسران، گواہان، دفاعی وکلاء اور دیگر متعلقہ افراد کو غیر معمولی تحفظ درکار ہو خصوصی سیکیورٹی کیس قرار دے سکے گی۔

بقیہ نمبر 52

صوبائی اسمبلی سندھ محمد یوسف بلوچ، سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر حمل کلمتی، سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر عبدالرؤف رند، سابق رکن بلوچستان اسمبلی لالا رشید دشتی، بزنجو کاروان کے سرپرست اعلیٰ میر جمیل احمد بزنجو، میر جاوید رند، سابق ڈی جی گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی شفقت انور شاہوانی، میر زبیر رند، نوروز رند، طارق علی رند، راشد کلمتی، نعمان رند، انور بلوچ، قادر بلوچ سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا نے دولہا کیپٹن زکریا، عرفان سلام میروانی اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی اور نوبیاہتا جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، تقریب خوشگوار اور پروقار ماحول میں منعقد ہوئی، جبکہ تقریب میں سیاسی، سماجی، کاروباری شخصیات، علاقائی عمائدین، عزیز و اقارب اور معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 53

گا۔ انہوں نے کہا کہ سلائی مشین صرف ایک مشین نہیں بلکہ ایک خاتون کے لیے باعزت روزگار، خودمختاری اور اپنے خاندان کا سہارا بننے کا ذریعہ ہے۔

بقیہ نمبر 54

رتی امور اور ملک کی تازہ ترین سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 55

ل اسپتال منتقل کی اس واقعے کے بعد علاقے میں سخت خوف و ہراس پھیل گیا لاش کی شناخت بابڑا کے انور جاکھر و کینام سے ہوگئی ڈاکٹر کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق مقتول کو لوہے کی وزنی چیز مار کر قتل کر دیا گیا ہے پولیس مذید تحقیقات کر رہی ہے

بقیہ نمبر 56

ٹنے کی کوشش کی۔ مزاحمت کرنے پر ملزمان معشوق ببر اور نیاز ببر سے 52 ہزار روپے نقد اور دو موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ واضح رہے کہ ایک ہفتہ قبل بھی اسی مزدا سے وابستہ ڈرائیور محبوب ببر کو نامعلوم مسلح افراد نے زخمی کر کے 72 ہزار روپے نقد اور دو موبائل فون لوٹ لیے تھے۔ علاقے میں مسلسل لوٹ مار کی وارداتوں اور بدامنی پر جے یو آئی اور شہریوں کی جانب سے شدید احتجاج کیا گیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ علاقے میں امن و امان بحال کر کے شہریوں، تاجروں اور مسافروں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، جبکہ لوٹ مار کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ مظاہرین نے گڑھی خیرو میں امن و امان کی صورتحال پر قابو پانے میں ناکامی پر ڈی ایس پی طاہر عباسی کو ہٹانے کا بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی کے پیش نظر پولیس انتظامیہ کے خلاف مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ احتجاج کے دوران ایس ایچ او گڑھی خیرو طالب حسین میمن تیسری مرتبہ دھرنے کے مقام پر پہنچے اور احتجاج کرنے والوں سے مذاکرات کیے۔ پولیس اور جے یو آئی رہنماؤں کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد دھرنا ختم کر دیا گیا، جس کے بعد سندھ بلوچستان روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

بقیہ نمبر 57

شخص نے اغوا کرنے کی کوشش کی بچوں کے شور پر قریبی موجود لوگوں نے اغوا کار کو پکڑ لیا اغوا کار کو دکان پر بٹھایا گیا جہاں سے وہ فرار ہو گیا اس واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے واضح رہے کہ اسی علاقے سے ایک چھ سالہ بچہ بھی تین روز سے لاپتہ ہے مکلی ہیڈ کوارٹر میں چند روز سے مختلف اشیاء بیچنے والے پلنگ بنانے والے اور بال خریدنے والوں اور مشکوک لوگوں افراد کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوتا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 58

معاذ الرحمٰن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد، محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی، انچارج سی آئی اے کرم حسین ببر اور انچارج اینٹی نارکوٹکس محمد اسلم رند نے مشترکہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مطلوب ملزم طارق ولد حاکم، قوم جمالی، سکنہ ڈمب شاخ اوستہ محمد کو گرفتار کر لیا۔ مزید کارروائی ہے مکمہ بھی پولیس کر رہی ہے ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 59

نے کہا کہ لسبیلہ پولیس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے جدید اسلحہ، جدید آلات اور دیگر ضروری سہولیات سے لیس کیا جائے گا، تاکہ پولیس جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر کے خلاف مؤثر انداز میں کارروائیاں کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور ضلع میں امن و امان کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے یا عوام کے لیے مشکلات پیدا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایس ایس پی لسبیلہ نے مزید کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان باہمی تعاون سے ہی پائیدار امن قائم کیا جا سکتا ہے۔ شہری جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت اطلاع پولیس کو دیں، پولیس عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں مزید بہتر انداز میں ادا کرے گی

بقیہ نمبر 60

کے مختلف علاقوں میں انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کر دی۔ دوسری جانب لداخ کے علاقے ستکپا سانکو میں کلاؤڈ برسٹ سے اچانک سیلاب آ گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ستکپا سانکو میں شدید سیلابی ریلے میں کیچڑ، بڑے پتھر اور ملبہ بہہ کر ندی تک آ گیا، سیلاب سے نقصانات یا جانی نقصان کی فوری اطلاعات نہیں مل سکیں۔ واضح رہے کہ نیپال کے سرحدی علاقے میں تباہ کن سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد 903 ہو گئی ہے۔ نیپالی حکام کے مطابق نیپال میں ریلوں سے ڈھائی ہزار سے زائد افراد لاپتہ ہیں، ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کے 6 مقامات پر 933 کارکن پھنسے ہوئے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ سرنگوں میں پھنسے ہائیڈرو پاور پروجیکٹس کے کارکنوں کو نکالنے کی کوششیں جاری ہیں

بقیہ نمبر 61

26 میں سندھ کی تقسیم کے خلاف قرارداد میں منظور کر چکی ہے۔ اگر کسی میں ہمت ہے تو سندھ کی تقسیم کی قرارداد لا کر دکھائے

بقیہ نمبر 62

زیر اعلیٰ کو تمباکو کی خریداری میں درپیش مشکلات اور کاشتکاروں کو ممکنہ مالی نقصان کے خدشات سے آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 63

نامعلوم چور زمیندار محمد آزاد کے ڈیرے سے 3 بکریاں اور 2 بکرے چوری کر کے فرار ہو گئے۔ نیلہ پولیس نے متاثرہ زمیندار کی مدعیت میں نامعلوم مویشی چوروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 64

خیل کے علاقے میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک کلیم اللہ جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے پولیس نے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچا دیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ نمبر 65

ن کے صدر صدیر جاپاروف اور ان کی اہلیہ کی جانب سے دیے گئے عشائیے میں شرکت کی۔ پیر کے روز چینی میڈیا کے مطابق اس موقع پر دونوں سربراہان نے خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 66

۔ عدالت نے قرار دیا کہ بچے کی مرضی اہم ہے، تاہم کم عمری کے باعث اسے خود بخود فیصلہ کن نہیں سمجھا جا سکتا، کم عمر بچوں کی شادی کے خلاف قانون کا بنیادی مقصد بچوں کے حقوق، تحفظ اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانا ہے

بولان
روزنامہ بولان حب بلوچستان
8
بدھ 2 ستمبر 2026
Daily BOLAN Hub Balochistan

حب کے شہری کے الیکٹرک کی زیادتیوں کیخلاف سڑکوں پر نکل آئے

ڈپٹی کمشنر حب کی شہر کے 4 فیڈرز میں 24 گھنٹے ہونیوالی طویل لوڈشیڈنگ کے خاتمے کی احتجاجی دھرنے کے شرکاء کو یقین دہانی،

کے الیکٹرک انتظامیہ اپنا قبلہ درست کرے، حب شہر لاوارث نہیں ہم اس شہر کے وارث ہیں اپنے شہر کو لاوارث نہیں چھوڑیں گے، رجب رند

حب (نمائندہ بولان) حب کے شہری وڈیرہ رجب علی رند کی قیادت میں کے الیکٹرک کی زیادتیوں کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے، سوک سینٹر میں واقع کے الیکٹرک کے دفتر کے سامنے احتجاجی دھرنا، ڈپٹی کمشنر حب کی شہر کے 4 فیڈرز میں 24 گھنٹے ہونیوالی طویل لوڈشیڈنگ کے خاتمے کی احتجاجی دھرنے کے شرکاء کو یقین دہانی، وڈیرہ رجب علی رند نے ڈپٹی کمشنر حب کی یقین دہانی پر احتجاجی دھرنا ختم کرنے کا اعلان کر دیا منگل کے روز نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق چیئرمین حب وڈیرہ رجب علی رند کی قیادت میں کے الیکٹرک جانب سے طویل لوڈشیڈنگ سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیئے احتجاجی ر(بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

حب۔ کے الیکٹرک انتظامیہ کی زیادتیوں کے خلاف نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق چیئرمین حب وڈیرہ رجب علی رند کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی جا رہی ہے

حب سٹی پولیس کی کاروائیاں، ڈکیتی کے مقدمہ میں ملزم گرفتار

مسروقہ موبائل فونز و دیگر سامان برآمد، پولیس پر فائرنگ کرنے والا ملزم زخمی حالت میں گرفتار

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی پولیس کی کاروائیاں، ڈکیتی کے مقدمہ میں ملزم گرفتار، مسروقہ موبائل فونز و دیگر سامان برآمد، پولیس پر فائرنگ کرنے والا ملزم زخمی حالت میں گرفتار ا(بقیہ 33 صفحہ 7پر)

نیئر حسین بخاری نے پمز سانحہ پر حکومتی کاروائی کو ناکافی قرار دے دیا

حکومت اور اپوزیشن بنچوں پر مشتمل ایک پارلیمانی کمیٹی کو اس واقعہ کی تحقیقات کرنی چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نیئر حسین بخاری نے پمز سانحہ پر حکومتی کاروائی کو ناکافی قرار دے دیا۔ اپنے بیان میں نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پمز ہسپتال کا واقعہ دراصل مجرمانہ غفلت کا کیس ہے، اب تک ذمہ داران کے خلاف ایف آئی آر درج کیوں نہیں کی گئی۔(بقیہ 34 صفحہ 7پر)

وفاقی کابینہ مشکل حالات میں کام کر رہی ہے' رانا ارشد

، وفاقی حکومت سے لوڈشیڈنگ ختم کرنیکی درخواست کی ہے

پی ٹی آئی سے مذاکرات کیلئے کل بھی تیار تھے آج بھی تیار ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے چیف وہپ رانا محمد ارشد نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ مشکل حالات میں کام کر رہی ہے، جنگ کی وجہ سے توانائی کے حالات سب کے سامنے ہیں، وفاقی حکومت سے لوڈشیڈنگ ختم کرنے کی درخواست کی ہے، پی ٹی آئی سے مذاکرات کے لئے کل بھی تیار تھے آج بھی تیار ہیں، آئین میں حکومت کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کے کردار بارے بھی لکھا(بقیہ 35 صفحہ 7پر)

بلوچستان میں 21 ماہ سے پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، سیکرٹری صحت

پولیو وائرس کی منتقلی کے خدشات کے پیش نظر کوئٹہ سمیت صوبے کے پانچ اضلاع میں پانچ روزہ پولیو بوسٹر مہم شروع کر دی گئی ہے

مہم کے دوران پانچ سے دس سال تک عمر کے ساڑھے تین لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پولیو کے خلاف جاری بھرپور جدوجہد کے نتیجے میں گزشتہ 21 ماہ کے دوران پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، تاہم پڑوسی ممالک اور دیگر علاقوں سے پولیو وائرس کی منتقلی کے خدشات کے پیش (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

حب۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق چیئرمین حب وڈیرہ رجب علی رند کی قیادت میں کے الیکٹرک انتظامیہ کی زیادتیوں اور دیگر عوامی مسائل کے حل کے لیئے نکالی گئی قومی شاہراہ سے گزر رہی ہے

قبضے اور مسلح افراد کے حملے کیخلاف متاثرہ خاندان کا ایوان صحافت بدین کے سامنے احتجاج

ایس ایس پی بدین سے نوٹس لے کر قبضہ ختم کرانے، ملزمان کے خلاف کارروائی اور تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) گاؤں جعفر ملاح میں دو ایکڑ زمین پر بااثر افراد کے مبینہ قبضے اور مسلح افراد کے حملے کے خلاف متاثرہ خاندان نے ایوان صحافت بدین کے سامنے احتجاج کیا۔ جمی ملاح، شمینا ملاح اور اسماعیل ملاح نے پریس کانفرنس میں الزام عائد کیا کہ جارو ملاح اور سردار انور ملاح (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

حب۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق چیئرمین حب رجب علی رند سوک سینٹر حب میں کے الیکٹرک کے دفتر کے سامنے احتجاجی دھرنے سے خطاب کر رہے ہیں

سندھ میں رہائشی پلاٹس کی کمرشلائزیشن پر پابندی ختم کر دی گئی

کراچی سمیت صوبے بھر میں زمین کے استعمال کی تبدیلی کی اجازت، انفرااسٹرکچر فیس کی تقسیم کا نیا فارمولا بھی نافذ

زمین کے استعمال میں تبدیلی کے لیے متعلقہ قوانین، زوننگ قواعد، ماسٹر پلان اور مجاز اتھارٹی سے باقاعدہ اجازت اور این او سی حاصل کرنا لازمی ہوگا، سینئر ڈائریکٹر سندھ ماسٹر پلان اتھارٹی

کراچی (این این آئی) سندھ میں رہائشی پلاٹس کو کمرشل مقاصد کے لیے استعمال کرنے پر عائد سات سالہ پابندی ختم کر دی گئی ہے۔ سندھ ماسٹر پلان اتھارٹی نے 2019 سے عائد پابندی کا نوٹیفکیشن منسوخ کرتے ہوئے کراچی اور حیدرآباد سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں زمین کے استعمال کی تبدیلی سے متعلق نیا طریقہ کار اور انفرااسٹرکچر فیس کی تقسیم کا فارمولا جاری کر دیا۔ ماسٹر پلان اتھارٹی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ کے 2018 اور 2019 کے فیصلوں اور متعلقہ امتناعی نوٹیفکیشن کی روشنی میں سابقہ پابندی ختم کی گئی ہے اور تمام متعلقہ اداروں کو عدالتی احکامات پر عملدرآمد کی ہدایت کی (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

ایران میں مظاہروں کے دوران دکان جلنے کی ویڈیو بنانے والی خاتون کو سزائے موت

تہران (این این آئی) ایران میں دو بچوں کی ماں 43 سالہ خاتون کو مظاہروں کے دوران دکان جلانے کے الزام میں (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

لوکل کونسلز کی جانب سے جاری تالہ بندی اور میونسپل سروسز کی بندش پر عوامی حلقوں کا اظہار تشویش

فائر بریگیڈ کی ایمرجنسی سروس محدود طور پر جاری ہے اور ہنگامی صورتحال میں فائر بریگیڈ گاڑی فراہم کی جارہی ہے

بیلا (نمائندہ بولان) بلوچستان بھر میں لوکل کونسلز کی جانب سے جاری تالہ بندی اور میونسپل سروسز کی بندش پر عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ دو ہفتوں سے بلدیاتی اداروں کی بیشتر سرگرمیاں معطل ہونے کے باعث شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی میونسپل سہولیات کا نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے عوا(بقیہ 43 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر قلات عائشہ زہری اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

مینگورہ، شاہدرہ وتکے میں 60 سالہ شخص فائرنگ سے جاں بحق

سوات (این این آئی) مینگورہ کے علاقے شاہدرہ وتکے میں گھر کے اندر فائرنگ سے ساٹھ سالہ شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت بہروبر ولد شمس القمر کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی، لاش (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

چین کے نائب وزیراعظم 2 سے 4 ستمبر تک روس کا دورہ کریں گے

بیجنگ (این این آئی) چین کے نائب وزیراعظم اور کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کی قائمہ کمیٹی کے رکن ڈنگ شوئے شیانگ 2 سے 4 ستمبر تک روس (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

سینیٹ کمیٹی کی درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکس فوری کم کرنے کی سفارش

ٹیکس لگانا یا ختم کرنا پارلیمنٹ کا اختیار ہے، کمیٹی نے ٹیکسز کے حوالے سے رپورٹ طلب کرلی

ٹیکس لگانا یا ختم کرنا پارلیمان کا اختیار ہے، ایف بی آر کمیٹی نے ایف بی آر اور ٹیرف کمیشن سے موبائل فونز پر ٹیکس کے حوالے سے رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نے درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکس میں فوری کمی کی سفارش کردی۔ پیر کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کا سینیٹر رانا محمود الحسن کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا جس میں درآمد شدہ موبائل فونز کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے حکام نے کہا کہ قیمتوں کے تعین کے حوالے سے کسٹمز کو طریقہ کار بنانا ہوگا۔ اس پر قائمہ کمیٹی نے کسٹمز حکام کو درآمد شدہ موبائل فونز پر ٹیکسز کے حوالے سے میکانزم بنانے کی ہدایت کی۔(بقیہ 40 صفحہ 7پر)

زیادتی کے واقعات میں 13 فیصد، اجتماعی زیادتی میں 52 فیصد اضافہ

7 ماہ میں زیادتی کے 411، اجتماعی زیادتی کے 29 مقدمات رپورٹ ہوئے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال زیادتی اور اجتماعی زیادتی کے مقدمات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے ابتدائی 7 ماہ کے دوران زیادتی کے مقدمات میں 13 فیصد جبکہ اجتماعی زیادتی (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

ریڈیو پاکستان حملہ کیس، توہین عدالت درخواستیں خارج کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم

قانونی جدوجہد کا مقصد سیاسی انتقام نہیں بلکہ انصاف، آئین اور قانون کی بالادستی کا تحفظ ہے، صوبائی وزیر قانون

ریڈیو پاکستان کیس میں عدالت کی تازہ پیش رفت اس امر کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے کہ فوجداری مقدمات میں شفاف تفتیش، قابلِ اعتماد شواہد اور قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری ضروری ہے۔

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر قانون، انسانی حقوق و پارلیمانی امور آفتاب عالم نے ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں انسداد دہشت گردی عدالت کی جانب سے توہینِ عدالت کی درخواستیں خارج کیے جانے کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے حق، انصاف اور قانو(بقیہ 45 صفحہ 7پر)

خلع میں شوہر صرف ادا کیا گیا حق مہر واپس لینے کا حقدار ہے، لاہور ہائیکورٹ

محض نکاح نامے میں حق مہر درج ہونے کی بنیاد پر شوہر کو اس کی واپسی کا حقدار قرار نہیں دیا جا سکتا

11 تولے سونا بیوی کے والد نے خریدا تو شوہر واپسی کا مطالبہ نہیں کرسکتا، عدالت نے 11 تولے سونا واپس کرنے کا حکم ختم کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے خلع، حق مہر، جہیز اور بیوی کے نام گھر کی ملکیت سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ خلع کے عوض شوہر صرف اسی حق مہر کی واپسی کا مطالبہ کرسکتا ہے جو اس نے اپنی جانب سے ادا کیا ہو، اگر حق مہر میں دیا گیا سونا خریدنے کے لئے (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

18 سال سے کم عمر لڑکی کی شادی غیر قانونی ہے' لاہور ہائیکورٹ

عدالت کا کم عمر بچی کی شادی سے متعلق نئے شواہد سامنے آنے پر پولیس کو قانون کے مطابق تحقیقات کرکے کارروائی کا حکم

تحقیقات کے ذریعے یہ تعین کیا جائے کہ آیا قابلِ سزا جرم کا ارتکاب ہوا ہے یا نہیں' جسٹس منور اقبال دوگل کا تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے کم عمر بچی کی شادی سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ پنجاب چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کے تحت 18 سال سے کم عمر لڑکی کی شادی غیر قانونی ہے جبکہ عدالت نے کم عمر بچی کی شادی سے متعلق نئے شواہد سامنے آنے پر پولیس کو قانون کے مطابق تحقیقات کرکے کارروائی کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس منور اقبال دوگل نے شہری (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

چینی صدر اور کرغزستان کے صدر کے درمیان دوستانہ تبادلہ خیال

بشکیک (این این آئی) چینی صدر شی جن پھنگ اور ان کی اہلیہ پھنگ لی یوان نے کرغزستان کی صدارتی رہائش گاہ پر کرغزستا(بقیہ نمبر 56 صفحہ 7پر)

خاتون اور 35 سالہ نوجوان کی لاشیں برآمد، پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل

ساہیوال (این این آئی) پولیس نے مختلف علاقوں سے ایک خاتون اور 35 سالہ نوجوان کی لاشیں برآمد کرکے پوسٹ مارٹم کیلئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیں۔ پولیس غلہ منڈی نے نہر L-9 سے ایک خاتون کی لاش کی ہڈیاں برآمد کیں

لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے اجرا کا اختیار اسسٹنٹ کمشنر بیلا کو تفویض کرنے کا مطالبہ

موجودہ طریقہ کار نہ صرف وقت کا ضیاع ہے بلکہ عوام کے لیے ذہنی اذیت کا باعث بھی بن رہا ہے

بیلا (نمائندہ بولان) لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے اجرا کا اختیار اسسٹنٹ کمشنر بیلا کو تفویض کرنے کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق بیلا میں لوکل اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے اجرا میں شدید تعطل اور تاخیر پر بیلا کے سیاسی، سماجی، مذہبی اور شہری حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے ان حلقوں کا کہنا ہے کہ سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے شہریوں کو کئی کئی چکر لگانے پڑتے ہیں۔ اجرا کمیٹی کے قیام کے باوجود عمل مزید پیچیدہ ہوگیا ہے کیونکہ کمیٹی کے بیشتر اراکین اپنی ماہانہ میٹنگز میں مسلسل غیر حاضر رہتے ہیں۔ ا(بقیہ 49 صفحہ 7پر)

سپانٹک ریسکیو آپریشن کامیاب، ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاش تلاش کرلی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سپانٹک ریسکیو آپریشن کامیاب، ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاش تلاش کرلی گئی۔

اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں 4 روپے 33 پیسے فی کلو اضافہ کر دیا

لاہور (این این آئی) اوگرا نے ماہ ستمبر کیلئے ایل پی جی کی نئی قیمت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق ایل پی جی مزید مہنگی کر دی گئی۔ اوگرا کے مطابق ایل پی جی کی قیمت میں 4 روپے 33 پیسے فی کلوگرام اضافہ کیا گیا ہے

انسداد دہشتگردی کے خصوصی سکیورٹی کیسز کیلئے نیا قانونی طریق کار تجویز

دہشتگردی کے حساس مقدمات میں ججز، گواہوں اور پراسیکیوٹرز کی شناخت خفیہ رکھنے کا فیصلہ

خصوصی سکیورٹی کیسز کی ورچوئل سماعت، آواز تبدیل کرنے اور ویڈیو ریکارڈنگ کی اجازت

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی نے انسداد دہشتگردی ترمیمی بل 2026 منظور کرلیا۔ پنجاب اسمبلی میں منظوری کیلئے پیش کئے گئے بل کے متن کے مطابق ترمیم کا مقصد دہشتگردی سے متعلق حساس مقدمات میں ججز، وکلاء، پراسیکیوٹرز، پولیس افسران، گواہوں اور دیگر متعلقہ افراد کو غیر معمولی سکیورٹی فراہم کرتے ہوئے عدالتی کارروائی کو محفوظ بنانا ہے۔ بل کے تحت انسداد (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7پر)

سابق ڈپٹی کمشنر ملیر عرفان سلام میروانی کے چھوٹے بھائی کیپٹن زکریا کی تقریب نکاح

تقریب میں سیاسی، سماجی، کاروباری شخصیات، علاقائی عمائدین، عزیز و اقارب اور معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی (نمائندہ بولان) سابق ڈپٹی کمشنر ملیر عرفان سلام میروانی کے چھوٹے بھائی کیپٹن زکریا کی تقریب نکاح اور دعوت ولیمہ کراچی میں منعقد ہوئی، جس میں مختلف سیاسی و سماجی شخصیات، معززین اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و رکن (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

سابق ڈپٹی کمشنر ملیر عرفان سلام میروانی کے چھوٹے بھائی کیپٹن زکریا کی تقریب نکاح میں شرکاء

بلوچستان میں سیاسی استحکام وقت کی اہم ضرورت ہے، دیش کمار

ڈھائی سالہ مدت مکمل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہی رہیں گے

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما و سینیٹر دیش کمار نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی ڈھائی سالہ مدت آج مکمل ہوگئی ہے، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہی اپنے منصب پر برقرار رہیں گے، حکومت میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر دیش کمار نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیاسی استحکام وقت کی اہم ضرورت ہے، صوبے کو درپیش مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو جاری رکھنے کے لیے موجودہ حکومت ا(بقیہ 50 صفحہ 7پر)

ونڈر، کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 4 افراد شدید زخمی

شدید زخمیوں کو بنیادی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ریسکیو سینٹر ونڈر کی ایمبولینسز کے ذریعے مزید علاج و معالجہ کے لیے ٹراما سینٹر کراچی ریفر کر دیا گیا

سونمیانی ونڈر (نمائندہ بولان) ونڈر، کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 4 افراد شدید زخمی ہوگئے، ریسکیو رپورٹ۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 ونڈر کے قریب کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے مقام پر ٹرالر اور وین کے درمیا(بقیہ 48 صفحہ 7پر)

گڑھی خیرو: بدامنی کے خلاف جے یو آئی اور شہریوں کا احتجاج۔

آئی جی پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور اہلخانہ کی ملاقات، مسائل سنے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، مرحوم کانسٹیبل لیاقت علی کی بیوہ کی بیٹے کی بھرتی سے متعلق درخواست پر آئی جی پنجاب نے ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو معاملہ زیرِ غور لانے کی ہدایت کی۔

عوام کی ترقی و خوشحالی خطے میں پائیدار امن سے ہی مشروط ہے، سلیم حیدر

خواتین کو بااختیار بنا کر ملکی ترقی میں ان کا کردار بڑھایا جا سکتا ہے، غریب اور مستحق خاندانوں کی مدد کا سلسلہ جاری رہے گا

سلائی مشین صرف ایک مشین نہیں بلکہ ایک خاتون کے لیے باعزت روزگار، خودمختاری اور اپنے خاندان کا سہارا بننے کا ذریعہ ہے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کا بنیادی فلسفہ عوام الناس کی خدمت، بالخصوص کمزور طبقات کو آگے لانا ہے، خواتین کو ہنر مند، روزگار اور معاشی مواقع فراہم کرنا وقت کی ضرورت ہے، کسی بھی ملک کی ترقی میں خواتین کا کردار اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع اٹک (ڈھرنال) میں خواتین کو بااختیار اور خودمختار بنانے کیلئے سلائی مشینیں تقسیم کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے سلائی مشینوں کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہے(بقیہ 53 صفحہ 7پر)

علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی، لوٹ مار اور جرائم کے خلاف احتجاجی دھرنا

پولیس اور جے یو آئی رہنماؤں کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد دھرنا ختم کر دیا گیا

گڑھی خیرو (نامہ نگار): علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی، لوٹ مار اور جرائم کے خلاف جمعیت علماءِ اسلام (جے یو آئی) اور شہریوں کی جانب سے سندھ بلوچستان روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کرکے دھرنا دیا گیا، جس کے باعث سڑک پر ٹریفک معطل ہوگئی۔ احتجاجی مظاہرے اور دھرنے کی قیادت جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے جنرل سیکریٹری مولانا سلیم اللہ خان بروہی، تحصیل گڑھی خیرو کے جنرل سیکریٹری اسد اللہ حیدری، محمد یوسف ببر، محمد فاروق ببر اور عاشق ببر نے کی۔ تفصیلات کے مطابق گڑھی خیرو تھانے کی حدود میں سیف اللہ چوکی کے قریب لیڑوانی واہ کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے اسی مزدا کو دوبارہ روک کر لو(بقیہ نمبر 56 صفحہ 7پر)

موسیٰ خیل میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، دو افراد زخمی ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) موسیٰ خیل میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق پیر کو موسیٰ (بقیہ 64 صفحہ 7پر)

سوات، کوزہ بانڈئی میں گھریلو تنازع پر باپ کی فائرنگ، سگا بیٹا قتل، ملزم گرفتار

سوات (این این آئی) تحصیل کبل کے علاقے کوزہ بانڈئی میں گھریلو تنازع پر باپ نے مبینہ طور پر فائرنگ کرکے اپنے سگے بیٹے کو قتل کردیا

حب۔ ایس ایچ او حب سٹی تھانہ عبدالصمد زہری مختلف کاروائیوں میں گرفتار ملزمان کے حوالے سے تفصیلات بتا رہے ہیں

وفاقی وزیر میر خالد حسین مگسی کی سابق سپیکر جان محمد جمالی سے ملاقات

بلوچستان مین امن وامان ملک کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر تبادلہ خیال

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر اور وفاقی وزیر نوابزادہ میر خالد حسین مگسی کی سابق اسپیکر اور سینئر سیاستدان میر جان محمد خان جمالی سے اہم ملاقات بلوچستان مین امن وامان ملک کی تازہ ترین سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تفصیلات کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر اور وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی نوابزادہ میر خالد حسین مگسی نے کراچی جمالی ہاؤس مین سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی و باپ پارٹی کے چیف آرگنائزر میر جان محمد خان جمالی سے اہم ملاقات کی ہے دونوں رہنماؤں نے ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی مجموعی صورتحال پا(بقیہ 54 صفحہ 7پر)

مکلی شاہ لطیف کالونی میں اسکول سے آتے ہوئے دو بھائیوں کو اغوا کرنے کی کوشش ناکام ملزم فرار

بچوں کے شور پر قریبی موجود لوگوں نے اغوا کار کو پکڑ لیا اغوا کار کو دکان پر بٹھایا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی شاہ لطیف کالونی میں اسکول سے آتے ہوئے دو بھائیوں کو اغوا کرنے کی کوشش ناکام ملزم فرار مکلی شاہ لطیف کالونی کے نزدیک بچی اسکول سے گھر آتے ہوئے دو معصوم بھائیوں افضل ھادی۔ اور واجد علی ولد کاشف کو ایک پکوڑے بیچنے والے(بقیہ نمبر 57 صفحہ 7پر)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، چھ افراد گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں کے دوران چھ افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔

سوات، فضاگٹ میں دریائے سوات کے کنارے موک ڈرل کا انعقاد

سوات (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف و ہیومن رائٹس) سوات نعمت اللہ نے فضاگٹ بائی پاس پر دریائے سوات کا دورہ کیا۔

جنگ شاہی کے قریب ایک شخص کی تشدد شدہ لاش برآمد

مقتول کو لوہے کی وزنی چیز مار کر قتل کر دیا گیا ہے پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) جنگ شاہی کے قریب ایک شخص کی تشدد شدہ لاش برآمد علاقے میں سخت خوف و ہراس جنگ شاہی جبل کے علاقے میں کچھ لوگ مویشی لیکر جا رہے تھے تو انہیں جبل کے پاس ایک لاش دکھائی دی جسکی اطلاع مقامی پولیس کو دی گئی پولیس نے لاش تحویل میں لیکر مکلی سو(بقیہ 55 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد سٹی پولیس وسی ائی اے کا مشترکہ کامیاب کاروائی

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد سٹی پولیس وسی ائی اے کا مشترکہ کامیاب کاروائی ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

چکوال، ڈیرے سے 5 مویشی چوری، مقدمہ درج

چکوال (این این آئی) تھانہ نیلہ کے علاقہ علاول شریف میں (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7پر)

لسبیلہ کا امن خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں، نجیب اللہ پندرانی

قانون شکن عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا: ایس ایس پی

اوتھل (رپورٹ، محمد عمر لاسی) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے واضح کیا ہے کہ ضلع لسبیلہ کے دیرینہ اور روایتی امن وامان کو خراب کرنے کی کسی فرد یا گروہ کو اجازت نہیں دی جائے گی، قانون کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی اور امن وامان میں خلل ڈالنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی نجیب اللہ پندرانی (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

صوبہ سندھ کی تقسیم کا فیصلہ صرف سندھ اسمبلی ہی کریگی، مراد علی شاہ

سندھ اسمبلی نے 1948، 2000، 2014، 2019 اور 2026 میں تقسیم سندھ کے خلاف قراردادیں منظور کیں

کوئی ٹی وی، جلسہ یا عدالت صوبے کی تقسیم کا فیصلہ نہیں کر سکتی، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے واضح کیا ہے کہ سندھ کی تقسیم کا فیصلہ لاہور کے چند کاروباری افراد نہیں کر سکتے، صوبے کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار سندھ اسمبلی کے منتخب ارکان کے پاس ہے، سندھ کبھی تقسیم نہیں ہوگا۔ سندھ اسمبلی ماضی میں بھی صوبے کی تقسیم کے خلاف متعدد قراردادیں منظور کر چکی ہے اور ضرورت پڑی تو ایک بار پھر قرارداد منظور کی جائے گی۔ وہ پیر کو سندھ اسمبلی کے اجلاس میں پیپلز پارٹی سندھ کے صدر اور سینئر پارلیمنٹرین نثار احمد کھوڑو کی جانب سے سندھ کی تقسیم کے خلاف پیش کی گئی تحریک التوا پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے خطاب کر رہے تھے۔ سندھ اسمبلی نے مذکورہ تحریک جمعہ کو بحث کے لیے منظور کی تھی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے جذباتی انداز میں کہا کہ سندھ اسمبلی 1948، 2000، 2014، 2019 اور 20(بقیہ 61 صفحہ 7پر)

ونڈر، مین قومی شاہراہ پر دو گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں جاں بحق شخص کی لاش ہسپتال میں رکھی ہوئی ہے جبکہ دوسری جانب زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دی جا رہی ہے

حب۔ ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف دیئے گئے دھرنے کے قائدین وڈیرہ رجب علی رند، لالہ منان افغان اور حاجی عبدالغنی رند سے مذاکرات کر رہے ہیں اس موقع پر چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی اور وائس چیئرمین حب حاجی عظیم سیاں بھی موجود ہیں

نیپال میں سیلاب کے بعد بھارت میں بھی خطرہ بڑھ گیا

لداخ کے علاقے ستکپا سانکو میں کلاؤڈ برسٹ سے اچانک سیلاب آ گیا

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں سیلاب کے بعد بھارت میں بھی خطرہ بڑھ گیا، اتر پردیش میں دریائے نارائنی گنڈک کی سطح بلند ہونے پر نشیبی علاقوں میں الرٹ جاری کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق نیپال سے بہہ کر آنے والی لاشیں گنڈک دریا سے برآمد ہوئی ہیں، بہار میں بھی دریاں کی سطح بلند اور کئی مقامات پر پانی خطرے کے نشان سے اوپر جا پہنچا ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے ملک (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

تمباکو کی فصل کی بروقت خریداری کا معاملہ حل کیا جائے، سہیل آفریدی

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے بونیر کے تمباکو کاشتکاروں کے وفد کی ملاقات، تیار فصل کی عدم خریداری درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

تمباکو کی تیار فصل کی بروقت خریداری کا معاملہ ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے اور کاشتکاروں کو ممکنہ مالی نقصان سے بچانے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی سے ضلع بونیر کی تمباکو ایکشن کمیٹی کے ایک وفد نے ملاقات کی، جس میں تمباکو کے کاشتکاروں کو درپیش مسائل، بالخصوص تیار فصل کی عدم خریداری اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے و(بقیہ 62 صفحہ 7پر)

سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سے بلوچستان بار کونسل کا وفد ملاقات کر رہے ہیں